# دھلوی نیچورلس

## ایک نباتاتی خاکۂ ادویہ

(صرف رجسٹرڈ معالجین کے لئے)

**کائنات ہماری تجربہ گاہ ہے**

## فہرست


| نمبر | | صفحہ نمبر | نمبر | | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | دھلوی نیچورلز کے۔خاکہ | 4 | 24 | مائیگرا۔کیپ | 36 |
| 2 | دھلوی کے جدید کیپسول | 5 | 25 | نیچروزائم کیپسول | 38 |
| 3 | ایکٹی لائف کیپسول | 6 | 26 | اوبیلین کیپسول | 39 |
| 4 | ایسما کیپ | 8 | 27 | اولیگو۔ایس کیپسول | 41 |
| 5 | کام۔ڈاؤن | 9 | 28 | اوسٹو۔پی کیپسو ل | 42 |
| 6 | کیلوٹ۔سی | 11 | 29 | پرو کیلشیم کیپسول | 43 |
| 7 | دھلوی عنبر شلاجیت کیپسول | 12 | 30 | لمپا نائل کیپسول | 44 |
| 8 | ڈپریسونل کیپسول | 13 | 31 | پاور۔جین کیپسول | 45 |
| 9 | ڈائب۔ایز کیپسول | 15 | 32 | پریشر۔ایز کیپسول | 47 |
| 10 | ایزی ہیل کیپسول | 17 | 33 | پروسٹیٹ۔بی ایچ کیپسول | 49 |
| 11 | ایپی کیپ کیپسول | 19 | 34 | پائیلینا کیپسول | 51 |
| 12 | فیمون کیپسول | 20 | 35 | ریگولیٹ | 52 |
| 13 | فرم۔اپ کیپسول | 22 | 36 | رھیوما | 53 |
| 14 | ہلدی اسپورٹس نجریز کیپسول | 23 | 37 | سین۔کیئر کیپسول | 54 |
| 15 | ہارٹ۔کیئر کیپسول | 24 | 38 | سائنس۔آئی کیپسول | 55 |
| 16 | جریائل کیپسول | 26 | 39 | اسکن۔کلیئر کیپسول | 56 |
| 17 | جیون رکشک کیپسول | 26 | 40 | اسٹریسونل کیپسول | 58 |
| 18 | لیکٹا۔ایم کیپسول | 28 | 41 | ٹیسٹران کیپسول | 59 |
| 19 | لیوکو۔کیور کیپسول | 29 | 42 | یونی۔کیل کیپسول | 60 |
| 20 | لیپو۔کیپ کیپسول | 30 | 43 | وِگ وِٹ کیپسول | 62 |
| 21 | لیو۔آن کیپسول | 32 | 44 | دھلوی کے نباتاتی کیپسول | 64 |
| 22 | میمرائز کیپسول | 33 | 45 | دھلوی ادرک کیپسول | 65 |
| 23 | مینسو۔پی کیپسول | 35 | 46 | دھلوی ایلو ویرا کیپسول | 65 |
| 47 | دھلوی آملہ کیپسول | 66 | 75 | دھلوی موصلی سفید کیپسول | 81 |

| | | |
|---|---|---|
| 48 | دہلوی عاقرقرحا کیپسول | 67 |
| 49 | دہلوی ارجنا کیپسول | 67 |
| 50 | دہلوی اشوگندھا کیپسول | 68 |
| 51 | دہلوی اشوکا کیپسول | 68 |
| 52 | دہلوی اسرول کیپسول | 69 |
| 53 | دہلوی باپچی کیپسول | 69 |
| 54 | دہلوی بابونہ کیپسول | 70 |
| 55 | دہلوی بیجبند کیپسول | 70 |
| 56 | دہلوی بہمن کیپسول | 71 |
| 57 | دہلوی بیل کیپسول | 71 |
| 58 | دہلوی برہمی کیپسول | 72 |
| 59 | دہلوی گاؤزباں کیپسول | 72 |
| 60 | دہلوی گلو کیپسول | 73 |
| 61 | دہلوی گوکھرو کیپسول | 73 |
| 62 | دہلوی گوگل کیپسول | 74 |
| 63 | دہلوی گُڑمار کیپسول | 75 |
| 64 | دہلوی کلونجی کیپسول | 75 |
| 65 | دہلوی کریلا کیپسول | 76 |
| 66 | دہلوی کاسنی کیپسول | 76 |
| 67 | دہلوی کونچ کیپسول | 77 |
| 68 | دہلوی کلتھی کیپسول | 78 |
| 69 | دہلوی لہسوان کیپسول | 78 |
| 70 | دہلوی لیونڈر کیپسول | 79 |
| 71 | دہلوی مکوہ کیپسول | 79 |
| 72 | دہلوی میتھی کیپسول | 80 |
| 73 | دہلوی موچرس کیپسول | 80 |
| 74 | دہلوی ملہٹھی کیپسول | 81 |
| 76 | دہلوی نیم کیپسول | 82 |
| 77 | دہلوی نیلوفر کیپسول | 82 |
| 78 | دہلوی نسوتھ کیپسول | 83 |
| 79 | دہلوی پنبہ دانہ کیپسول | 83 |
| 80 | دہلوی سلائے گوگل کیپسول | 84 |
| 81 | دہلوی ستاور کیپسول | 84 |
| 82 | دہلوی سناء کیپسول | 85 |
| 83 | دہلوی شنکھ پشپی کیپسول | 86 |
| 84 | دہلوی سلاجیت کیپسول | 86 |
| 85 | دہلوی سپیہ ولینا کیپسول | 87 |
| 86 | دہلوی طباشیر کیپسول | 87 |
| 87 | دہلوی تگر کیپسول | 88 |
| 88 | دہلوی تہ کاٹو کیپسول | 88 |
| 89 | دہلوی تر پھلا کیپسول | 89 |
| 90 | دہلوی تلسی کیپسول | 89 |
| 91 | دہلوی ولائتی املی کیپسول | 90 |
| 92 | یونانی مرکبات کے دہلوی کیپسولس | 91 |
| 93 | دہلوی آردخرما کیپسول | 91 |
| 94 | دہلوی ڈی یم معتدل جواہر والی کیپسول | 92 |
| 95 | دہلوی دبیدالورد کیپسول | 94 |
| 96 | دہلوی فلاسفہ کیپسول | 95 |
| 97 | دہلوی جلالی کیپسول | 96 |
| 98 | دہلوی کمونی کیپسول | 98 |
| 99 | دہلوی ایل۔کبیر کیپسول | 98 |
| 100 | دہلوی ثعلب کیپسول | 101 |
| 101 | دہلوی سورنجان کیپسول | 103 |
| 102 | دہلوی اسطوخودوس کیپسول | 104 |
| 103 | دہلوی زرعونی سادہ کیپسول | 105 |




# دھلوی نیچورلس

## ایک خاکہ

### ۸۰ سال سے زائد طبی روایات کا امین

**دھلوی نیچورلس** ایک ایسی فعال فرم ہے جو یونانی دواؤں کے قدیم اور پٹینٹ نسخوں کی تیاری اور فروخت میں ہمہ وقت مصروف ہے۔ اس فرم کو حکیم محمد محسن دہلوی نے، جو حکیم محمد الیاس دہلوی کے بیٹے اور جناب حافظ محمد یوسف دہلویؒ بانی شمع گروپ کے پوتے ہیں، ترقی کی راہ پر گامزن کیا ہے۔ ۱۹۷۸ء میں حکیم محمد محسن دہلوی نے اپنے جد مجد کی قائم کردہ اس نباتاتی دواساز فرم میں شمولیت اختیار کی تھی جس کا آغاز ۱۹۲۶ء میں ہوا تھا اور جسے اس وقت دہلی میں ''بڑا دواخانہ'' کہا جاتا تھا۔ اپنے جد مجد کے قابل تقلید نقشِ قدم پر چلتے ہوئے حکیم صاحب نے اپنی طبی مصنوعات کی کوالٹی اور ہر طرح کی آمیزش سے پاک وصاف ہونے کی خصوصیت کو نہ صرف باقی رکھا بلکہ ان کی پیکنگ وغیرہ پر بھی پوری توجہ دی تاکہ ان کی افادیت اور روایتی قدر و قیمت برقرار رہے۔ یہ فرم ایسے تجربہ کار حکیموں اور ویدوں پر مشتمل ایک ٹیم سے ہدایت و رہنمائی برابر حاصل کرتی رہتی ہے جو اپنے پیشہ اور فنِ دواسازی میں امتیازی مہارت رکھتے ہیں۔

**دھلوی نیچورلس** اپنی مسلسل ترقی پذیر تحقیقی جدوجہد کے ذریعہ آپ کے لئے باضابطہ آزمودہ اور بھروسے مند ایسی دواؤں کو تیار کراتی ہے جو جدید تحقیقاتی اصولوں پر مبنی ہوتی ہیں۔ مزید برآں یونانی ادویہ کے ماہرین نے ان ادویہ کی تیاری کے سلسلے میں جو سخت ہدایات دے رکھی ہیں ان پر مذہبی نقطۂ نظر سے پوری طرح یہ فرم پابندی کرتی ہے۔ اس کی تمام دوائیں ملکی قانون کے مطابق رجسٹرڈ ہوتی ہیں اور ڈرگ کنٹرولر آف انڈیا کے ذریعہ منظور شدہ اور GMP سے تصدیق شدہ ہوتی ہیں۔

نباتاتی دواؤں کی چونکہ اب تک کوئی خاص معیار بندی نہیں ہوئی ہے اس لئے مختلف مقامات پر ان کے مختلف اثرات دیکھنے کو ملتے ہیں اس لئے ان خامیوں کو دور کرنے کے لئے **دھلوی نیچورلس** پوری گہرائی کے ساتھ جدید تحقیقات اور کوالٹی کنٹرول کے اصولوں پر عمل کرتی ہے اور اپنی مصنوعات کو خریداروں تک پہنچانے کے لئے کمپنی ابتدائی جانچ پڑتال میں کم از کم دو سال کا وقت لگاتی ہے اور اس بات پر پورا دھیان رکھتی ہے کہ اس صنعت میں تحقیقات اور اصلاحات کا عمل برابر جاری وساری رہے۔ یہی وجہ ہے کہ اس کی تمام مصنوعات کی کوالٹی اور افادیت پر ماہر ڈاکٹر، حکماء اور وید حضرات کی ایک ٹیم اپنی مسلسل نظر رکھتی ہے اور یہی ٹیم اپنے پورے اعتماد و یقین کے ساتھ **دھلوی نیچورلس** کی دواؤں کو مریضوں کے لئے تجویز کرتی ہے اور انہیں صحت و تندرستی سے ہم کنار کرتی ہے۔

# دھلوی کے جدید کیپسول

## Dehlvi's Modern Capsule Range

دہلوی نیچورلس اپنے تمام نسخوں میں برابر نئی نئی تحقیقات اور اصلاحات کرتی رہتی ہے اور انہی بنیادوں پر بنی دوائیں قابل اعتماد نسخوں کے مطابق تیار کرا کے اپنی جدید ترین تحقیقات کی روشنی میں آپ کو پیش کرتی ہے۔

ایک خاص بات یہ ہے کہ ہماری دواؤں کا جانوروں پر تجربہ نہیں کیا گیا ہے۔

آئندہ صفحات پر دہلوی نیچورلس کی ماڈرن، یونانی اور نباتاتی کیپسول رینج کی الگ الگ تفصیلات دی جارہی ہیں۔



# AktiLife Capsules

# ایکٹی لائف کیپسول

**تفصیلات :** نئی ٹکنولوجی کی بدولت آج ہم طبعی ماحولیات کو جس طرح چاہیں ڈھال لیتے ہیں۔ایرکنڈیشننگ، گھر کے اندر کی روشنیاں، گھر کو مرکزی طور پر گرم رکھنا، کیڑے مار دوائیں، کھانے کو زیادہ دنوں تک محفوظ رکھنے کے کیمیائی مواد، کار، ہوائی جہاز، پولی ایسٹر اور پلاسٹک سہولیات کی وہ معدودے چند مثالیں ہیں جنہیں ہم اپنی ضروریات کے مطابق ہم آہنگ کر کے استعمال کرتے ہیں۔لیکن ہماری یہ سہولیات یا بظاہر وقتی طور پر ضروریات زندگی نظر آنے والی یہ اشیاء درحقیقت دودھاری تلوار ہیں اور نہ جانے کتنے اپنے جلو میں بہت سے ناپسندیدہ مضر اثرات بھی لاتی ہیں۔ان میں سے کچھ مضر اثرات تو بڑی تیزی کے ساتھ نمایاں ہو کر سامنے آرہے ہیں جیسے دھوئیں کا کہرا، اوزون کے طبقات کا پتلا ہونا، کاربن ڈائی آکسائڈ کی زیادتی کے سبب سورج کی حرارت کا زمین کی فضا میں محبوس ہوجانا۔اور بھاری دھات، کیڑے مار اور گھاس پھوس کو مارنے والی دوائیں اور دیگر کیمیائی مواد جو ہمارے نازک جسم کی تاریخ میں پہلی بار خون میں شامل ہورہی ہیں۔ہماری پرآسائش زندگی کے یہ طفیلی مواد زمین کے اس سیارے پر آباد زیادہ تر مخلوقات کی ہم آہنگی اور بقاء کی راہ میں بھاری مشکلات پیدا کررہی ہیں۔

ان مشکلات میں مزید اضافہ اس وقت ہوجاتا ہے جب ہمیں تیزی سے بدلتے ہوئے ماحول کے مطابق خود کو ڈھالنے کی ضرورت پیدا ہوتی ہے لیکن بدقسمتی سے ہمارا پورا سماج ہی اپنے جسموں کی سب ضرورت ڈھل جانے کی فطری صلاحیت کی بربادی پر تلا نظر آرہا ہے۔اس کے لئے ہم اپنی ضروریات کے مطابق ماحول کو ڈھالنے کے جتن تو کرتے ہیں لیکن خود کو نہیں ڈھالتے۔اس پر طرفہ یہ ہے کہ ہم خود کو جس قدر ماحول کی تبدیلیوں سے الگ کرنے کی کوشش کرتے ہیں اسی قدر ہم خود کو ان چیزوں سے الگ کردیتے ہیں جو ہمیں زندگی بخشتی ہیں۔اس لئے اپنی بقاء کے لئے ہمیں اپنے ماحول سے ہم آہنگ ہونے کی صلاحیت کو بڑھانا ہوگا نہ کہ اس کے برعکس۔دوسرے لفظوں میں گرم موسم سے ہم آہنگ ہونے کے لئے ایرکنڈیشنر پر انحصار کرنے کے بجائے ہمیں خود کو مضبوط بنانا چاہئے اور جسمانی اور ذہنی طور پر لچکداری کا مظاہرہ کرنا چاہئے۔اور یہیں پر ہم آہنگی کی اہمیت بہت زیادہ بڑھ جاتی ہے۔

ایکٹی۔لائف کیپسول میں ہم آہنگ ہوجانے والے مشہور و معروف اجزاء کو شامل کیا گیا ہے۔اس میں نہ تو سمیاتی اجزاء ہیں اور نہ ہی اس کی عادی بنانے والی چیزیں۔یہ جسم کو معمول کے مطابق بناتا ہے اور جسم کو اس طرح توانائی بخشتا ہے کہ اس کے معمول کے افعال پر کوئی خراب اثر نہیں پڑتا۔ایکٹی۔لائف کیپسول کی پوری تاثیر بیان کرنا بہت مشکل ہے کیونکہ اس کا اثر ہر شخص پر مختلف ہوتا ہے۔اگر آپ ذہنی یا جسمانی تھکاوٹ محسوس کررہے ہوں تو یہ کیپسول آپ کے اندر چستی، توانائی اور زندگی کا جوش پیدا کرے گا لیکن اس تاثیر کے باوجود اس کا شمار ایک عام محرک یا ہیجان خیز میں نہیں ہوتا۔اگر آپ کسی ذہنی دباؤ یا جذباتی تھکاوٹ کا شکار ہیں اور زندگی کی گاڑی ٹھیک ٹھاک نہیں

چل رہی ہے تو ایکٹی۔ لائف کیپسول آپ کو راحت پہنچائیں گے اور زندگی کو خوشگوار بنائیں گے لیکن اس کے باوجود یہ ایک مسکن (Tranquilizer) نہیں ہے اور اس کا اثر جسم پر نشیلی دواؤں جیسا بھی نہیں پڑتا۔ ایکٹی۔ لائف کیپسول میں موجود تکسیدی عمل کے موانع جسم کو آزاد جذریوں سے لڑنے میں مدد دیتے ہیں جو جسم میں میٹابولزم کے تکسیدی عمل کے دوران خارج ہوتے رہتے ہیں اور جن سے بہت ساری بیماریاں پیدا ہوتی ہیں جیسے خلیوں میں خرابی، سرطان، قبل از وقت بڑھاپا اور بہت ساری بیماریاں۔ ایکٹی۔ لائف کیپسول مکمل طور سے محفوظ اور موثر ہیں۔

**اجزاء ترکیبی :** ۵۰۰ ملی گرام کیپسول میں شامل اجزاء:

| | | |
|---|---|---|
| زعفران | Crocus sativus | ۲۵ ملی گرام |
| برگ تلسی | Ocimum sanctum Extract | ۵۰ ملی گرام |
| ناگرموتھا | Cyperus rotundus Extract | ۵۰ ملی گرام |
| ہلدی | Curcuma longa Extract | ۵۰ ملی گرام |
| ملیٹھی | Glycyrrhiza glabra Extract | ۵۰ ملی گرام |
| دارفلفل | Piper longum Extract | ۵۰ ملی گرام |
| بیجبند سیاہ | Sida cordifolia Extract | ۷۵ ملی گرام |
| موصلی سفید | Chlorophytum arundinaceum Ext. | ۷۵ ملی گرام |
| اسگندھ | Withania somnifera Extract | ۷۵ ملی گرام |

**مواقع استعمال :** دماغی تھکاوٹ، جسمانی تھکاوٹ، ذہنی دباؤ، افسردگی، بے چینی، کام سے جی نہ لگنا، جنسی کمزوری، قوت مدافعت میں کمی، کھلاڑیوں میں توانائی کی کمی اور قبل از وقت بڑھاپا۔

**موانع استعمال :** کوئی نہیں۔

**مضر اثرات :** کوئی نہیں۔

**خوراک :** ایک یا دو کیپسول صبح استعمال کرائیں۔ دو یا تین ماہ تک مسلسل استعمال کرائیں۔

**غذا اور پرہیز :** کیفین، شراب، تمباکو نوشی، چینی، نمک اور چکنائی سے پرہیز کریں۔ تلی ہوئی اور خاکستر کی ہوئی اشیاء اور تندوری گوشت سے پرہیز کریں۔

جن غذاؤں میں نشاستہ اور ریشہ دار چیزیں شامل ہوں ان کو ضرور لیا کریں۔ زیادہ تر سبزیاں استعمال کریں، ذہنی دباؤ کو کم کرنے والی اور ضروری تغذیہ بخش غذاؤں میں جست شامل ہے جو سمندری اشیاء میں زیادہ ہوتا ہے جیسے کستورا مچھلی، مسلّم گیہوں۔ بیج والی پھلیاں، انڈے اور بغیر چکنائی والا گوشت وغیرہ۔ اگر آپ دودھ سے بنی اشیاء یعنی پنیر اور دہی وغیرہ سے زیادہ متاثر نہیں ہوتے ہیں تو انہیں اپنی غذاؤں میں شامل رکھیں۔

**پیکنگ :** ۳۰ اور ۶۰ کیپسول کا پیک۔



# AsmaCap
# ایسما۔کیپ

**تفصیلات :** موجودہ معاشرے میں دمہ ایک قدیم بیماری سمجھی جاتی ہے۔ پوری دنیا میں تقریباً ۲۰ کروڑ لوگ اس بیماری میں مبتلا ہیں۔ اندازہ ہوتا ہے کہ یہ مرض بڑھتا ہی جا رہا ہے اور گزشتہ دس سال کے عرصہ میں لگ بھگ پچاس فیصد یہ مرض بڑھ چکا ہے۔ دمہ پھیپھڑوں کی ایک مزمن بیماری ہے جو سانس کی نالیوں میں بعض رکاوٹوں کی وجہ سے پیدا ہوتی ہے۔ یہ مرض کسی بھی عمر میں ہو سکتا ہے۔ دمہ کے حملہ میں قصبۃ الرّیہ کے آس پاس کے اعصاب میں اینٹھن پیدا ہوتی ہے جس سے سانس کے باہر نکلنے میں دشواری محسوس ہوتی ہے۔ دمہ کی علامت کھانسی، سانس میں خرخراہٹ، سینہ میں جکڑن اور سانس میں دشواری وغیرہ محسوس ہونا ہے۔ اس مرض کے حملہ کا اثر مریض پر چند منٹوں یا چند گھنٹوں تک رہ سکتا ہے۔

دمہ کی دو قسمیں ہوتی ہیں (۱) الرجی سے پیدا ہونے والا دمہ اور (۲) غیر الرجی دمہ۔ عموماً مریض کو کچھ مخصوص چیزوں سے الرجی ہوتی ہے جس سے دمہ پیدا ہوتا ہے۔ ایسی چیزوں میں ٹھنڈی ہوا، جانوروں کے فضلات، چینی، زرگل، پالتو جانوروں کا قرب، کیمیاوی اشیاء، نشیلی دوائیں، دھول، ماحولیاتی کثافت، بسیار خوری، چائنا سالٹ (MSG)، دھواں اور خاص کر تمباکو کا دھواں وغیرہ قابل زیادہ ذکر ہیں۔ غیر الرجی والا دمہ عام طور پر جذباتی دباؤ، اضطراب و بے چینی، فکر و غم اور کاہ گردہ کے افعال میں تغیر، اپنی طرف زیادہ توجہ دلانا وغیرہ کی وجہ سے لاحق ہوتا ہے۔

ایسما۔کیپ دمہ اور ہوائی نالیوں کی سوزش (برونکائٹس) میں مفید ہے۔ اس کے اجزاء میں سانس کی نالیوں میں کشادگی، اعضاء تنفس میں ڈھیلا پن اور بلغم وغیرہ کا اخراج کرنے والی ادویہ شامل ہوتی ہیں جو کہ الرجی پیدا کرنے والی چیزوں کے خلاف پایہ دار قدرتی تحفظ کے اسباب فراہم کرتی ہیں۔ ایسما۔کیپ سانس کی نالیوں میں ورم اور تنگی کو دور کر کے تنفس کو آسان بنا دیتی ہے۔ یہ دوا الرجی سے پیدا ہونے والے دمہ کے مرض کو موسمی حملہ سے بچاؤ کے اسباب پیدا کرتی ہے۔ چونکہ ایسما۔کیپ ایک نباتاتی دوا ہے اس لئے یہ ہر قسم کے ردعمل سے محفوظ ہے اور عام طور پر ان دواؤں سے بے اثر نہیں ہوتی جو مریض کو پہلے دی جا رہی ہیں۔ یہ دوا مکمل طور پر ایک محفوظ دوا ہے اور کافی مدت تک استعمال میں لائی جا سکتی ہے۔

**اجزاء ترکیبی :** ۵۰۰ ملی گرام کیپسول میں شامل اجزاء:

| | | |
|---|---|---|
| ایرسا | Iris germanica | ۵۰ ملی گرام |
| کاکڑا سنگھی | Rhus succedanea | ۵۰ ملی گرام |
| فلفل سیاہ | Piper nigrum | ۵۰ ملی گرام |
| برگ اڑوسہ | Adhatoda vasica | ۵۰ ملی گرام |
| تخم کرفس | Apium graveolens Extract | ۵۰ ملی گرام |

| | | |
|---|---|---|
| رب السوس | Glycyrrhiza glabra Dried Ext. | ۵۰ ملی گرام |
| کشتہ ابرک | Talc Mica Calcined | ۵۰ ملی گرام |
| زوفا خشک | Hyssopus officinalis | ۵۰ ملی گرام |
| سوم لتا | Ephedra sinica Extract | ۵۰ ملی گرام |
| تخم خطمی | Althaea officinalis | ۵۰ ملی گرام |

**سواقع استعمال :** دمہ، سانس کی نالیوں میں ورم، سینہ کی جکڑن، سانس پھولنا، سانس کی نالیوں میں انفیکشن، خرخراہٹ خاص طور پر جب سانس باہر نکلتی ہے اور خاص طور پر رات میں لگاتار کھانسی۔

**موانع استعمال :** ہائی بلڈ پریشر، حمل اور رضاعت (دودھ پلانے) کے دوران اس کا استعمال ممنوع ہے۔

**مضر اثرات :** کوئی نہیں۔

**خوراک :** ایک۔ایک کیپسول دن میں دو یا تین بار استعمال کرائیں۔

**پرہیز اور غذا :** عمدہ نتائج حاصل کرنے کے لئے زندگی کے عام معمولات کو تبدیل کرنا بہتر ہوتا ہے مثلاً کچھ خاص قسم کی غذاؤں سے پرہیز، ماحولیاتی کثافت اور جذباتی ہیجان سے بچاؤ وغیرہ کا خاص طور سے لحاظ رکھیں۔ دمہ کے سلسلہ میں عام محرکات الرجی سے بچنے کی کوشش کرنی چاہئے جیسے شکر، کیلا، انڈا، چھاگدار مشروبات، سنگترہ کا شربت، تلی ہوئی غذائیں، آئس کریم، دودھ سے بنی ہوئی اغذیہ، سفید بریڈ، ٹیپ دار مچھلی، مرنگ پھلی، تیز نمک، سڑنے گلنے سے محفوظ کرنے والی چیزیں، کیمیاوی اغذیہ، دوائیں، نشیلی دوائیں، گرد وغبار، پالتو جانور، بیڑی سگریٹ اور تمباکو نوشی، چائنا سالٹ (MSG)، دھواں اور سگریٹ کا دھواں وغیرہ سے پرہیز کریں۔ غصہ، فکر اور افسردگی پیدا کرنے والے حالات سے بچنا چاہئے۔

روزمرہ کی غذا کا ۷۵ فیصد حصہ پھلوں (سنگترہ، گریپ فروٹ وغیرہ)، مسلّم اناج چکنی مچھلی، خشک میوے (بغیر تلے ہوئے) اور ہری سبزیوں پر مشتمل ہونا چاہئے۔

**پیکنگ :** ۳۰ اور ۶۰ کیپسول کا پیک۔

## Calm-Dn
## کام۔ڈائون

**تفصیلات :** فکروپریشانی انسان کی روزمرہ کی زندگی کو درہم برہم کر دیتی ہے۔ ایک اندازہ ہے کہ تقریباً دنیا کے 6.5 فیصد لوگ اس مرض سے پریشان ہیں۔ زندگی کی یہ ابتری اعصاب کی کمزوری کی وجہ سے نہیں بلکہ اس کا سبب اکثر کچھ اور بیماریاں بھی ہوتی ہیں جو حیاتیاتی تکمیل سے تعلق رکھتی ہیں اور کسی فرد کے اُن تجربات زندگی سے بھی تعلق رکھتی ہیں جن کا ادراک خاندانی معاملات سے ہوتا ہے۔ فکروپریشانی ایک ایسا مرض ہے جو انسان کو کمزور، ناتواں اور داغدار



بنا دیتا ہے اور اسے جسمانی وجذباتی دونوں حیثیتوں سے ایک طرح سے ''گوشہ نشین'' اور ''تنگ دل'' بنا دیتا ہے۔ اس بیماری کی مختلف اقسام ہیں جن میں ہر ایک قسم اپنی الگ الگ شناخت رکھتی ہے۔ یہ بیماری انسان کو اکثر حالات میں بلا کسی ظاہری سبب کے متفکر اور مضطرب رکھتی ہے۔ بعض اوقات اس مرض کا احساس بھی اتنا تکلیف دہ ہوجاتا ہے کہ مریض اپنے روزمرہ کے مشاغل کو بھی ترک کر دیتا ہے۔ فکروپریشانی کا یہ احساس ذہنی انتشار کے امراض میں اکثر زیادہ ہوتا ہے۔ یہ مرض ہر عمر میں خواہ وہ بچپن کا زمانہ ہو یا لڑکپن کا زمانہ ہو انسان کو لاحق ہوسکتا ہے۔

اس مرض کے حملے کی جسمانی علامات میں جو باتیں بیان کی جاتی ہیں ان میں ہتھیلیوں میں پسینہ آنا، دوران سر یا چکر آنا، دست، سوء ہضم، حلق میں کسی رکاوٹ کا محسوس ہونا، بے خوابی اور بے چینی وغیرہ خاص طور سے قابل ذکر ہیں۔ اس میں مریض کو ہر چیز میں غیر یقینی اور مشکلات کا احساس اور کسی غیر واقع بات کا دھڑکا و خدشہ لگا رہتا ہے۔ بعض اوقات انسان کو قلبی دھڑکن تیز محسوس ہوتی ہے، سینہ میں تناؤ، تنفس میں تیزی اور ہاتھ پیروں میں تھرتھراہٹ کا احساس ہوتا ہے۔ فکر اور پریشانی کے طویل ہونے سے اس بات کا خطرہ ہوتا ہے کہ وہ بدن کو گھلا دے جس کے نتیجے میں بعض دوسرے امراض لاحق ہونے اور نظام غدد کے متاثر ہونے کے امکانات بھی برابر ہوتے ہیں۔

کام۔ڈائون مزمن اعصابی تناؤ کو بلا کسی ردِعمل کے کم کرتا ہے۔ اس میں ایسی جڑی بوٹیاں شامل ہیں جو ذہنی وجسمانی دباؤ اور بعض دماغی تفکرات کو غدودی رطوبات کی اصلاح کر کے کم کرنے میں مدد دیتی ہیں۔ یہ دوا ذہنی سکون بھی عطا کرتی ہے اور مریض کو قدرتی نیند کی طرف مائل کرتی ہے اور جسمانی و دماغی قوت کے درمیان ایک توازن پیدا کرتی ہے۔

**اجزاء ترکیبی :** ۵۰۰ ملی گرام کیپسول میں شامل اجزاء:

| | | |
|---|---|---|
| برہمی بوٹی | Centella asiatica Ext. | ۵۰ ملی گرام |
| اسطوخودوس | Lavandula stoechas Ext. | ۵۰ ملی گرام |
| فل فل سیاہ | Piper nigrum Ext. | ۵۰ ملی گرام |
| سنکھا ہولی | Evolvulus alsinoides Ext | ۵۰ ملی گرام |
| اسرول | Rauwolfia serpentina Ext. | ۳۰۰ ملی گرام |

**سواقع استعمال :** مزمن اعصابی تفکرات، عام فکر وغم (GAD)، ڈر وخوف، سماجی خدشات، وہمی کردار اور برتاؤ میں عدم توازن، مزاجی ناہمواری، بے خوابی، چڑچڑاپن، کثرت کار، بچوں میں تشدد کار جحان اور فکروپریشانی کے سبب طبیعت میں گراوٹ۔

**موانع استعمال :** کوئی نہیں۔

**مضر اثرات :** کوئی نہیں۔

**خوراک :** ایک یا دو کیپسول دن میں دو بار غذا کے بعد پانی کے ساتھ دینا چاہئے۔ چھ سال سے کم عمر کے بچوں کو ایک کیپسول دن میں دو بار دینا چاہئے۔ اس دوا کی معینہ مقدار مذکورہ بالا ہدایات کے مطابق اس وقت تک لی جانی چاہئے جب تک کہ مذکورہ امراض کی علامات پائی جاتی رہیں اور جیسے جیسے یہ علامات کم ہوتی جائیں ان کی مقدار

گھٹائی جاتی رہے۔ جب تک کہ یہ علامات باقی رہیں کچھ ہفتہ تک یہی معینہ مقدار دیتے رہیں۔ متعین خوراک سے زیادہ نہ دیں۔

**غذا اور پرہیز :** کیفین، شراب، چاکلیٹ، کاربوہائیڈریٹ، شکر، مٹھائی، نارنگی، سنگترہ کے مشروب، لطیف غذائیں، الرجی پیدا کرنے والی غذائیں (دودھ سے بنی اشیاء، سویابین، کھٹاس، مرغ، پھلی، سوکھے میوے، گیہوں، مچھلی، انڈے، بسکٹ اور کھانے والے رنگ وغیرہ) سے پرہیز کریں۔

تازہ سبزیاں، پھل، مسلّم اناج اور پروٹین والی غذائیں جو کہ اعصابی نظام کو تقویت بخشتی ہیں، زیادہ سے زیادہ استعمال کریں۔ ہلکی ورزش بھی دماغی سکون کے لئے ضروری ہے۔

**پیکنگ :** ۲۸ کیپسول کا پیک۔

# Calvit-C
# کیل وِٹ—سی

**تفصیلات :** کیلوٹ-سی میں قدرتی کیلشیم اور وٹامن-سی شامل ہیں۔ کیلشیم بے اندر خصوصیت کے ساتھ ہڈیوں اور دانتوں کی مضبوطی اور ان کے نشو ونما کے ضروری اجزاء موجود ہوتے ہیں۔ حاملہ اور دودھ پلانے والی خواتین، بچوں اور نوعمر لوگوں میں کیلشیم کی اس سے زیادہ مقدار کی ضرورت ہوتی ہے جتنی کہ کیلشیم رکھنے والی غذاؤں سے حاصل ہوتی ہے۔ یہ دوا ہڈیوں کے تصلّب العظام (آسٹیو پوروسز) اور خون میں کولیسٹرول کی مقدار کو مناسب رکھتی ہے، اعصاب، عضلات اور ہاضمہ کو قوت بخشتی ہے اور قلبی عضلات کے افعال اور نیند کو معمول پر لاتی ہے۔ بچوں کے بڑھنے والی عمر میں اور خواتین میں دوران رضاعت (دودھ پلانا) ہڈیوں کو صحت مند بناتی اور ہڈیوں کے فریکچر کو جلد ٹھیک کرتی ہے۔ وٹامن سی بلڈ پریشر اور کولسٹرول کو کم کرتی ہے، خون کو پتلا کرتی ہے اور آکسیجن کی آمیزش سے اسکی حفاظت بھی کرتی ہے۔ وٹامن سی شرائین کی سختی کو کم کرنے کے لئے ان کی دیواروں کو مضبوط بنا کر ان میں خون کے سفید ذرات کو چپکنے سے روک کر خراب ہونے سے بچاتی ہے۔ مناسب مقدار میں وٹامن سی لینے سے قلبی حملہ (Heart attack) سے بھی حفاظت ہوتی ہے۔

**اجزاء ترکیبی :** ۵۰۰ ملی گرام کیپسول میں شامل اجزاء:

| | | |
|---|---|---|
| کشتہ صدف | Cypraea moneta Calcined | ۴۰ ملی گرام |
| کشتہ گئو دنتی | Gypsum Calcined | ۴۰ ملی گرام |
| سنگھاڑا خشک | Trapa bispinosa | ۴۰ ملی گرام |
| آملہ تازہ | Emblica officinalis, Fresh | ۵۰ ملی گرام |
| آملہ خشک | Emblica officinalis | ۳۳۰ ملی گرام |



**مواقع استعمال :** ہڈیوں کے تصلّب العظام، خواتین میں بندشِ حیض کی وجہ سے ہڈیوں میں کمزوری اور کیلشیم و وٹامن سی کی کمی کی حالت میں یہ دوا نافع ہوتی ہے۔

**موانع استعمال :** جن لوگوں کو گردے کی پتھری کی شکایت ہو یا جن کے خون اور پیشاب میں کیلشیم کی مقدار بہت زائد ہو جائے، تھائیرائیڈ غدد زیادہ فعال ہو جائیں یا گردوں کے افعال خراب ہو جائیں تو یہ دوا استعمال نہیں کرائی جائے۔

**مضر اثرات :** کوئی نہیں۔

**خوراک :** روزانہ دو۔ دو کیپسول دن میں دو بار پانی سے دیں۔

**غذا اور پرہیز :** کاربنک مشروبات، شراب، کیفین اور نمک کے زیادہ استعمال سے پرہیز کریں۔ سارڈین مچھلی، دودھ سے بنی ہوئی چیزیں جیسے پنیر وغیرہ اور سویابین کا دودھ (جس میں پروٹین زیادہ اور نشاستہ کم ہوتا ہے) کا استعمال زیادہ کریں۔ ہری سبزیاں، مسلّم اناج، بغیر شائستہ ہوئے اناج اور مرغ، پھلی وغیرہ میں کیلشیم کافی مقدار میں ہوتی ہے۔ وٹامن سی سے بھرپور چیزیں جیسے کھٹے پھل وان کا رس (سنگترہ، لیموں، گریپ فروٹ وغیرہ)، ہری سبزیاں، اسٹرابیری، کیوی، اور ٹماٹر وغیرہ بھی فائدہ مند ہیں۔

**پیکنگ :** ۳۰ اور ۶۰ کیپسول کا پیک۔

# Dehlvi's Ambar Shilajit Capsules
# دھلوی عنبر شلاجیت کیپسول

**تفصیلات :** ہمارے جسم میں اعصاب کا نظام سب سے زیادہ پیچیدہ ہے۔ اس کے کئی اجزاء ہیں۔ اعصابی نظام دو بڑے نظاموں میں منقسم ہیں، ایک مرکزی اعصابی نظام (Central Nervous System) اور دوسرا محیطی اعصابی نظام (Peripheral Nervous System)۔ حبل شوکی (سپائنل کورڈ یا حرام مغز) اور دماغ دونوں مل کے مرکزی اعصابی نظام کی تشکیل کرتے ہیں۔ اس کا سب سے بڑا کام جسم سے معلومات حاصل کر کے ہدایات جاری کرنا ہے۔ محیطی اعصابی نظام تمام اعصاب اور اس کے تاروں سے مل کے تشکیل پاتا ہے۔ اس نظام میں دماغ کا پیغام بقیہ جسم کو بھیجا جاتا ہے۔ آپ کے جسم کے تمام اعضاء اور اعصاب اپنے تمام افعال کے لئے انہیں اعصابی لہروں پر انحصار کرتے ہیں۔ اسے آپ بجا طور پر اپنے جسم کے اندر کنٹرول کرنے والی سب سے بڑی اکائی کہہ سکتے ہیں۔

دھلوی عنبر شلاجیت کیپسول مرکزی اعصابی نظام (دماغ اور حبل شوکی) کو غذا فراہم کرتا۔ یہ دوران خون کو بہتر بناتا ہے۔ اسی طرح یہ عام کمزوری اور سستی میں بھی مفید ہے۔

**اجزاء ترکیبی :** ۵۰۰ ملی گرام کیپسول میں شامل اجزاء:

| | | |
|---|---|---|
| جند بدستر | Castoreum | ۱۰ ملی گرام |
| عنبر | Ambra grasea | ۱۵ ملی گرام |
| سلاجیت | Asphaltum | ۴۷۵ ملی گرام |

**مواقع استعمال :** اعصابی کمزوری خاص طور سے جبل شوکی کی، عام جسمانی کمزوری اور سستی۔

**موانع استعمال :** کوئی نہیں۔

**مضر اثرات :** کوئی نہیں۔

**خوراک :** ایک یا دو کیپسول صبح پانی سے دیں۔

**غذا اور پرہیز :** خشک میوے اور بیج خوب کھائیں۔ پتے والی تمام سبزیاں مفید ہیں۔ لازمی شحمیاتی تیزاب کے لئے سلومن اور کاڈ مچھلیوں کو بھی اپنے کھانے میں شامل کرلیں۔ نیز پھول گوبھی، پتہ گوبھی، پیاز، لہسن، گیہوں کا نکھ بھورے چاول کو بھی غذا میں شامل کریں۔ گاجر ورسلاد کے پتوں کا جوس نوش کریں۔ کھانے میں السی کے بیج، السی کے تیل اور ہری سبزیوں کا جوس بھی شامل کریں۔ کیفین اور شکر سے پرہیز کریں۔ پروٹین والے کھانے جیسے گوشت، مچھلی، انڈے، دودھ اور ڈیری کی مصنوعات کا بھی مشورہ دیا جاتا ہے۔ بغیر صاف کئے ہوئے، بغیر چھنے اور کم سے کم مصنوعی عمل سے گذری ہوئی غذائیں (بھورے چاول، سابوت گیہوں یا براؤن بریڈ، دلیا اور وہ تمام غذائیں اور روٹیاں جن کو حیاتین بی سے مقوی کیا جاتا ہے)، نامیاتی گوشت (جیسے جگر اور گردہ)، خشک میوے اور پھلیاں (خشک پھلیاں، مٹر اور مسور کی دال) بھی مرکزی اعصابی نظام کو مضبوط بناتے ہیں۔

**پیکنگ :** ۱۰ کیپسول کا پیک۔

# Depresonil
# ڈِپریسونل

**تفصیلات :** لوگوں میں افسردگی (ڈپریشن) کی شکایت آج کے دور میں بہ نسبت پہلے سے زیادہ پائی جاتی ہے۔ اس شکایت میں ہر عمر اور سماج کے ہر طبقہ کے لوگ مبتلا نظر آتے ہیں۔ WHO کے مطابق سال ۲۰۲۰ تک افسردگی دل کی بیماریوں کے بعد سب سے زیادہ پائی جائے گی۔ دنیا میں ایک تہائی لوگ اپنی زندگی میں کبھی نہ کبھی اس مرض میں مبتلا رہ چکے ہیں اور ۵ فیصد لوگ ہمیشہ اس مرض میں مبتلا رہتے ہیں۔ عام طور پر نوجوان اور ضعیف دونوں قسم کے لوگ اس بیماری میں مبتلا ہوسکتے ہیں اور خواتین کی تو دوگنی تعداد اس سے متاثر ہوتی ہے۔ ۵۰ فیصد یہ مرض ماں باپ سے بچوں میں پہنچتا ہے۔ یہ مرض مریض کے لئے تو ایک اہم مسئلہ ہوتا ہی ہے مگر ان لوگوں کے لئے بھی مشکلات پیدا کرنے کا سبب ہوتا ہے جو کسی ایسے شخص سے وابستہ ہوں جو افسردگی اور طبیعت میں گراوٹ کا شکار ہو۔ یہ مرض مختلف



قسم کے طبعی اور کیمیائی اسباب سے واقع ہوتا ہے جس سے مریض کی صحت اور اس کی کارکردگی بھی متاثر ہوتی ہے۔ افسردگی ایک قسم کی نفسیاتی اعصابی یا ذہنی پراگندگی کی بیماری ہوتی ہے جس میں غم، سستی، مختلف مسائل پر غور وخوض کرنے اور ان پر پوری توجہ دینے کی صلاحیت میں کمی، بھوک کی کمی یا معمول سے زیادہ اضافہ، سونے کی زیادہ یا کم خواہش، جنسی خواہشات کی کمی، مایوسی، احساس محرومی اور خودکشی کی طرف میلان طبع زیادہ ہوتا ہے۔

ڈپریسونل قدرتی جڑی بوٹیوں کے امتزاج سے بنی ہوئی ایک عجیب وغریب دوا ہے جو افسردگی، احساسِ رنج وغم، نیند کی کمی یا بالکل بے خوابی، قلت اشتہاء اور اپنی بے وقعتی کے احساس کو کم کرتی ہے۔ یہ دوا مریض کو سکون بخشتی ہے، احساس کی شدت کو کم کرتی ہے، طبیعت کو موزوں بناتی ہے، خوشی ومسرت اور سب میں گھلنے ملنے کے جذبات کو بڑھاتی ہے۔ یہ دوا درد اور تھکاوٹ کو کم اور ذہنی توانائی کو زیادہ کرتی ہے۔ یہ مریض کے لئے زیادہ خوشگوار ہوتی ہے بہ نسبت اُن دواؤں کے جو افسردگی کو دور کرنے کے لئے دی جاتی ہیں کیونکہ یہ سو فیصد قدرتی اجزاء پر مشتمل ہوتی ہے اور اس میں کوئی مضر اثرات بھی نہیں ہوتے ہیں۔

**اجزاء ترکیبی :** ۵۰۰ ملی گرام کیپسول میں شامل اجزاء:

| | | |
|---|---|---|
| ملہٹھی | Glycyrrhiza glabra Extract | ۵۰ ملی گرام |
| بادرنجبویہ | Melissa parviflora Extract | ۵۰ ملی گرام |
| اسارون | Valeriana wallichii Extract | ۵۰ ملی گرام |
| بالچھڑ | Nardostachys jatamansi Ext. | ۵۰ ملی گرام |
| اسگندھ | Withania somnifera Extract | ۷۵ ملی گرام |
| اسطوخودوس | Lavandula stoechas Extract | ۱۰۰ ملی گرام |
| تخم کونچ | Mucuna pruriens Extract | ۱۲۵ ملی گرام |

**مواقع استعمال :** افسردگی، فکرو پریشانی، طبیعت میں خلل، افسردگی کی وجہ سے بے خوابی، بار بار افسردگی، افسردگی کی وجہ سے پاگلپن اور ابتری کی وجہ سے افسردگی یا وہم۔

**موانع استعمال :** دورانِ حمل اور رضاعت کے درمیان اس کے استعمال کی ممانعت ہے۔

**مضر اثرات :** زیادہ نیند آنا۔

**خوراک :** روزانہ ایک یا دو کیپسول بعد غذا پانی کے ساتھ دیں۔ مندرجہ بالا طریقہ سے اس کا استعمال برابر جاری رکھیں جب تک کہ علامات مرض باقی رہیں۔ لیکن جب یہ علامات کم ہو جائیں تو رفتہ رفتہ اس کی خوراک کم کردیں۔ اس کا استعمال چند ہفتوں تک ہی رکھیں اور مقدار خوراک سے زیادہ اس کا استعمال مناسب نہیں ہے۔

**غذا اور پرہیز :** کافی، شکر، شراب اور دودھ سے بنی ہوئی اشیاء سے پرہیز کریں۔ عام طور پر افسردگی کا مرض کیفین کے زیادہ استعمال سے ہوتا ہے۔ اگر ایک دن میں چار یا اس سے زیادہ پیالیوں میں اس کو لیا جائے تو کوشش اس بات کی کرنی چاہئے کہ اس کے عوض بلا کیفین والی کافی پی جائے۔ مشینوں کے ذریعہ تیار کردہ غذائی اشیاء نقلی رنگ ملا ہوا کھانا، محرکِ نشاط غذا، ڈبہ بند غذا، سگریٹ نوشی، گوشت، انڈے اور مچھلی وغیرہ سے پرہیز کرنا چاہئے۔

روزمرہ کی غذاؤں میں چکنائی کی مقدار کو محدود رکھنا چاہئے۔ ۳۰۰ ملی گرام سے زیادہ کولسٹرول پیدا کرنے والی چیزوں سے بھی احتیاط کرنا ضروری ہے۔
اوٹس (جئی)، دلیہ، چقندر جیسی چیزیں افسردگی وگرنی طبع کو دور کرتی ہیں۔ غذا تھوڑی تھوڑی لیں اور بار بار لیں۔ ورزش سے بھی افسردگی طبع کم ہوتی ہے۔
**پیکنگ :** ۲۸ کیپسول کا پیک۔

# Diab-eaze
# ڈائب ۔ایز

**تفصیلات :** ذیابیطس خون میں شکر کے نظام کی خرابی ہے جس سے خون میں شکر کی سطح بڑھ جاتی ہے۔ جن لوگوں کو ٹائپ 2 ذیابیطس ہوتی ہے ان میں یا تو انسولین کی پوری مقدار نہیں بنتی یا تو ان کے جسم اپنے پیدا کردہ انسولین کو مناسب طور سے قبول نہیں کرتے یا دونوں ہی باتیں ہوتی ہیں۔ ذیابیطس کے مریض گلوکوز کی تخلیق مناسب طور سے نہیں کر پاتے۔ گلوکوز وہ شکر ہے جس کی جسم کو طاقت کے لئے ضرورت پڑتی ہے۔ نتیجے کے طور پر گلوکوز جسم میں برقرار رہتا ہے اور خون میں گلوکوز کو بڑھانے کا باعث بن جاتا ہے جب کہ دوسری طرف جسم کے خلیات گلوکوز سے محروم رہ جاتے ہیں۔ ذیابیطس کی وجہ سے زخم دیر سے بھرتے ہیں، تعفن کا خطرہ بڑھ جاتا ہے اور پھر بہت ساری بیماریوں کو بھی جنم دیتی ہے جیسے آنکھوں، گردہ، اعصابی نظام اور دل کی مستقل خرابیاں اگر اس مرض کو مناسب طور سے کنٹرول نہ کیا گیا۔
ذیابیطس شکری کی بیماری مستقل طور سے بڑھ رہی ہے۔ گذشتہ 15-10 سالوں کے دوران دنیا کے تمام ممالک میں ذیابیطس شکری کے مریضوں کی تعداد کئی گنا بڑھ گئی ہے۔ WHO کے مطابق ذیابیطس کو اب ایک سماجی بیماری سمجھا جانے لگا ہے۔ ایک کروڑ ساٹھ لاکھ سے زیادہ امریکی ذیابیطس کا شکار ہیں۔ ہندوستان میں ذیابیطس آبادی کے لئے قومی شہری سروے کی تحقیق جسے سن 2000 میں کرایا گیا تھا کے مطابق ہندوستان میں ذیابیطس کے مریضوں کی مجموعی شرح 13.2% ہے۔
ڈائب ۔ایز جڑی بوٹیوں کا ایک جامع مرکب ہے جس میں ایسی مجرب مانع ذیابیطس جڑی بوٹیاں شامل کی گئی ہیں جو آیوروید اور یونانی طریقہ علاج میں پانچ ہزار سالوں سے برابر استعمال کی جاتی رہی ہیں۔ یہ جڑی بوٹیاں ذیابیطس شکری پر قابو پانے کے لئے ڈائب ۔ایز کو ایک مکمل ذریعہ علاج بنا دیتی ہیں۔ یہ خون میں شکر کی سطح کو متوازن بنا کے انسولین یا خون میں گلوکوز کی کمی کو دور کرنے والی دیگر دواؤں کی ضرورت کو کم کر دیتی ہے۔ مزید برآں یہ میٹھے کھانے کی خواہش کو ختم کرتی ہے، دوران خون کو بہتر بناتی ہے خاص طور سے ہاتھوں اور پیروں میں نیز آنکھوں کے پٹھوں میں دوران خون کو بہتر بنا کے ذیابیطس سے وابستہ آنکھوں کی بیماریوں کو قابو میں کرتی ہے۔ اس



کے علاوہ یہ مرض کی علامت کے طور پر ظاہر ہونے والی شکایات جیسے کمزوری، سر چکرانا، پیروں میں درد، بدن اینٹھنا، بار بار پیشاب آنا اور سخت کھجلی۔ ڈائب ۔ایز میں نہ تو سلفونا مائیڈس ہوتا ہے اور نہ ہی بائگوانائڈس پایا جاتا ہے (جو ایلو پیتھک کی اکثر دواؤں میں ہوتا ہے) جس کی بدولت اس میں وہ مضر اثر نہیں ہوتے جو آج کل کی دواؤں میں ہوتے ہیں جیسے جلدی امراض اور پٹھوں میں پیدا ہونے والا ترشہ۔
**اجزاء ترکیبی :** ۵۰۰ ملی گرام کیپسول میں شامل اجزاء:

| | | |
|---|---|---|
| گل نیلوفر | Nyphae lotus | ۵۰ ملی گرام |
| میتھی | Trigonella foenum-graceum Ext. | ۵۰ ملی گرام |
| تخم کریلا | Momordica charantia Ext. | ۵۰ ملی گرام |
| گلو | Tinospora cordifolia Ext. | ۵۰ ملی گرام |
| تخم جامن | Eugenia jambolana Ext. | ۵۰ ملی گرام |
| گڑمار بوٹی | Gymnema sylvestre Ext. | ۵۰ ملی گرام |
| پوست گولر | Ficus racemosa Ext. | ۵۰ ملی گرام |
| دار چینی | Cinnamomum zeylanicum | ۵۰ ملی گرام |
| سلاجیت | Asphaltum | ۱۰۰ ملی گرام |

**مواقع استعمال :** ذیابیطس غیر شکری، ذیابیطس شکری، پیشاب میں شکر آنا، بلا ارادہ پیشاب کا اخراج، کثرت بول۔
**موانع استعمال :** دورانِ حمل اور رضاعت کے درمیان اس کے استعمال کی ممانعت ہے۔
**مضر اثرات :** کوئی نہیں۔
**خوراک :** دو کیپسول دن میں دو یا تین بار مرض کی شدت کے مطابق۔ جب خون میں شکر کی سطح کم ہو جائے تو خوراک میں کمی کی جا سکتی ہے۔
**غذا اور پرہیز :** بہت سے لوگ ابھی تک یہ سمجھتے ہیں کہ زیادہ شکر کھانے سے ذیابیطس ہو جاتی ہے۔ دراصل یہ غلط تصور اس وجہ سے پیدا ہوا ہے کہ ذیابیطس کی پیمائش خون میں شکر (گلوکوز) سے کی جاتی ہے۔ لیکن غذائی شکر صرف تصویر کا ایک جز ہے۔ کچھ مخصوص کاربوہائڈریٹ اجزاء سے مالا مال غذا، اور وہ بھی فائبر کی کمی اور گلوکوز کی زیادتی کے ساتھ تو ایسی غذا ٹائپ 2 کے خطرہ کو بڑھا دیتی ہے خاص طور سے ان لوگوں میں جن کے اندر پہلے سے ہی یہ رجحان موجود ہو۔ ایسے مرد اور عورتیں جن کی خوراک میں گلوکوز کی مقدار زیادہ ہوتی ہے اور فائبر کی کم ان میں ذیابیطس کے شکار ہونے کا خطرہ تقریباً دوگنا ہو جاتا ہے۔ وہ غذائیں جن میں ذیابیطس کا خطرہ زیادہ ہوتا ہے وہ ہیں ڈبل روٹی، سفید چاول، آلو اور شکر آمیز مشروبات۔ اس کے بالمقابل پورے آٹے کی بنی روٹیاں اور ایسے غذائی اجناس (جن میں فائبر زیادہ اور گلوکوز کی مقدار کم ہو) تو ذیابیطس کا خطرہ کم ہو جاتا ہے۔ پھلوں اور سبزیوں کا ذیابیطس پر کوئی اچھا یا برا اثر نہیں پڑتا۔ کاربوہائڈریٹ کی زیادہ مقدار اور گلوکوز سے مالا مال غذائیں البتہ پر انسولین

ہارمون زیادہ مقدار میں پیدا کرنے کے لئے دباؤ ڈالتے ہیں جس کے نتیجے میں جسم کے خلیے گلوکوز کو جذب کرنے اور جمع کرنے کیے لئے متحرک ہوجاتے ہیں۔ کچھ وقت گذرنے کے بعد انسانی جسم انسولین کی مدافعت کرنے لگتا ہے اور پھر اس طرح لوگوں کے جسم کے خلیوں میں انسولین کے خلاف حساسیت کم ہو جاتی ہے۔ یہی ٹائپ 2 ذیابیطس کی خاص صفت ہے۔ یقینی طور پر اور یہ کوئی ضروری نہیں ہے کہ ہر وہ شخص جو فائبر کم اور زیادہ نشاستہ والی غذائیں کھاتا ہو وہ ذیابیطس کا شکار ہو جائے بلکہ دراصل ذیابیطس کا ایک جینیاتی رجحان ہوتا ہے جسے یہ غذائیں پروان چڑھاتی ہیں۔ موٹاپے میں اس ٹائپ 2 ذیابیطس کا خطرہ سب سے زیادہ ہوتا ہے۔ مرض کی خاندانی تاریخ، بڑھتی ہوئی عمر اور ورزش کی کمی اس کے دوسرے خاص عوامل ہیں۔ میگنیشیم دھات ذیابیطس سے تحفظ فراہم کرتی ہے۔ کچھ تحقیقات یہ اشارہ دیتی ہیں کہ یہ دھات انسولین کی حساسیت کو بڑھاتی ہیں۔ لیکن چونکہ پورا دانہ میگنیشیم سے مالا مال ہوتا ہے اس لئے پورے یقین کے ساتھ یہ کہنا مشکل ہے کہ مطلوبہ فائدہ کسی اور چیز کی دین ہے (خاص طور سے فائبر سے) یا اسی دھات کی مرہون منت ہے۔

**پیکنگ :** ۳۰ اور ۶۰ کیپسول کا پیک۔

# Eazy-Heal Capsules

# ایزی۔ہیل کیپسول

**تفصیلات :** گینگرین (آکلہ) جسم کے اندر بافتوں کے حصے کی موت اور بوسیدگی ہوجانے کو کہتے ہیں جس کی وجوہات بہت ساری ہوسکتی ہیں جیسے تعفن، خون کا سدہ بن جانا اور دوران خون میں کمی وغیرہ۔ ایسا عام طور پر خون کی سپلائی میں بہت زیادہ کمی کی وجہ سے ہوتا ہے جو زیادہ تر حالات میں کسی زخم کی وجہ سے اور پھر اس زخم میں جراثیم پیدا ہونے کی وجہ سے ہو جاتا ہے۔

ایک شخص اس وقت گینگرین کی زد پہ ہوتا ہے اگر اسے ذیابیطس ہے یا اس کی رگیں شحمیات بڑھنے کی وجہ سے سکڑ گئی ہوں خواہ ایسا ذیابیطس کی وجہ سے ہو یا خون میں شحمیات کے بڑھ جانے کی وجہ سے ہو یا خون کا سدہ بن جانے کی وجہ سے ہو۔ نیز یہ پالے کی وجہ سے زخم ہوجانے سے بھی ہوسکتی ہے۔ لیکن گینگرین کی سب سے عام وجہ ہے خون میں شحمیات کا بہت زیادہ بڑھ جانا۔ جب کہ اس کی دوسری بڑی وجہ جو خون میں شحمیات کی بڑھوتری کی بھی ایک وجہ ہے وہ ہے ٹائپ 2 ذیابیطس کی بیماری (ذیابیطس شکری) اور جسے ذیابیطسی آکلہ بھی کہتے ہیں۔

ایزی۔ہیل کیپسول تر گینگرین میں بہت مفید ہے جو ذیابیطس شکری کے مریضوں کو ہو جاتی ہے اور جس کا سبب اکثر اوقات معمولی زخم ہوتا ہے۔



**اجزاء ترکیبی :** ۵۰۰ ملی گرام کے کیپسول میں شامل اجزاء:

| | | |
|---|---|---|
| روغن پیپرمنٹ | Peppermint Oil | ۱ ملی لیٹر |
| گوند کیکر | Acacia arabica | ۱ ملی گرام |
| روغن صندل | Sandal Wood Oil | ۲.۵ ملی لیٹر |
| جواکھار | Potassium Carbonate | ۳ ملی گرام |
| بہروزہ خشک | Pinus longifolia | ۴ ملی گرام |
| رال سفید | Veteria indica | ۱۰ ملی گرام |
| الائچی خرد | Elettaria cardamomum | ۲۰ ملی گرام |
| پھٹکری بریاں | Alumen | ۲۰ ملی گرام |
| زیرہ سفید | Cuminum cyminum | ۲۰ ملی گرام |
| کباب چینی | Piper cubeba | ۵۳ ملی گرام |
| طباشیر | Bambusa arundinacea | ۱۶۵.۵ ملی گرام |
| گیروسرخ | Red Ochre | ۲۰۰ ملی گرام |

**مواقع استعمال:** ذیابیطس گینگرین (ذیابیطسی آکلہ)۔

**موانع استعمال :** کوئی نہیں۔

**مضر اثرات :** کوئی نہیں۔

**خوراک :** ۱۔۱ کیپسول دن میں دوبار پانی سے دیں۔

**غذا اور پرہیز:** گینگرین کی روک تھام اور تعفن کے خطرات کو کم کرنے کے لئے ذیابیطس کے مریضوں (یا خون میں شحمیات کے بہت زیادہ بڑھے ہوئے مریضوں) کو یہ مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ اپنے ہاتھوں اور پیروں کا، خاص طور سے ناخنوں کا خیال رکھیں۔ انہیں اپنے پیروں کو روزانہ نیم گرم (زیادہ گرم نہیں) پانی سے دھونا چاہئے اور پیر کے ناخون کا گوشت میں دھنسنا، گوکھرو اور صلابت جلد کا فوری طور سے علاج کریں۔ مناسب فٹنگ کے جوتے پہنیں جس کا سول اور اوپری حصہ نرم ہو، اگر کپڑے یا چمڑے کا بنا ہو تو بہت خوب۔ گھر سے باہر ننگے پیر نہ نکلیں اور نہ ہی آلتی پالتی مار کے بیٹھیں کیوں کہ اس طرح بیٹھنے سے ٹانگوں اور پیروں میں خون کا دوران کم ہو جاتا ہے۔ صحت مند دوران خون والے لوگوں کے لئے یہ ایک معمولی چیز ہے لیکن جن کے نچلے اعضاء میں خون کا دوران ناقص ہو تو ان کے لئے یہ ایک بڑی مصیبت بن سکتی ہے یہاں تک کہ انہیں اپنے پیروں سے بھی ہاتھ دھونا پڑ سکتا ہے۔

**پیکنگ :** ۳۰ اور ۶۰ کیپسول کا پیک۔

# EpiCap
# ایپی کیپ

**تفصیلات :** مرگی کا مرض انسانوں کو آغاز انسانیت سے ہی ستا تا رہا ہے یہی وجہ ہے کہ ہماری طبی کتب کے ذخیرے میں ابتدا ہی سے اس کا تذکرہ ملتا ہے۔ یہ ایک ایسا مرض ہے جو جسم انسانی کے اعصابی نظام کو بری طرح متاثر کردیتا ہے۔ اسے بعض لوگ ''دورہ کا مرض'' کے نام سے بھی جانتے ہیں۔ اس کی تشخیص عام طور سے اس وقت ہوتی ہے جب مریض کو کم از کم ایسے دو دورے پڑ جائیں جن کا کوئی واضح طبی سبب مثلاً ترکِ شراب یا بلڈ شوگر کی حد سے زیادہ کمی وغیرہ معلوم نہ ہو سکا ہو۔ مرگی کے دورے دماغ کی چوٹ وغیرہ سے بھی پڑ سکتے ہیں یا پھر کچھ خاندانی اسباب بھی ہوسکتے ہیں لیکن زیادہ تر (۷۰ فیصد) اس کے اسباب ابھی تک پردۂ خفا میں ہی ہیں۔ ترقی پذیر ملکوں میں مرگی کا مرض ایک عام بات ہے اور یہاں تقریباً آبادی کا دو فیصد حصہ اس کا شکار ہوتا ہے۔ اکثر اس کا دورہ اس وقت پڑتا ہے جب دماغی خلیات سے ایک خاص قسم کی برقی لہریں اٹھنے لگتی ہیں جن کا کنٹرول کرنا فی الوقت ممکن نہیں ہوتا۔ اس دورے سے ہوش و حواس، حرکات و سکنات اور قوتِ حس وغیرہ سب متاثر ہو جاتی ہے۔

ایپی کیپ اسی متاثرہ اعصابی نظام میں تحریک پیدا کرتی ہے اور ایک دافع تشنج دوا کا کام کرتی ہے۔ اپنی اسی خصوصیت کی بناء پر یہ عام تشنج، اعصابی تشنج، مرگی، اُم الصبیان (بچوں کی مرگی) اور اعصابی رعشہ میں بے حد مفید ہے۔

**اجزاء ترکیبی :** ۵۰۰ ملی گرام کے کیپسول میں شامل اجزاء:

| | | |
|---|---|---|
| جند بیدستر | Castoreum | ۳۵ ملی گرام |
| ایلوہ | Aloe vera Desiccated | ۳۵ ملی گرام |
| کندر | Boswellia serrata | ۳۵ ملی گرام |
| برہمی بوٹی | Centella asiatica | ۱۳۰ ملی گرام |
| سنکھا ہولی | Evolvulus alsinoides | ۱۳۰ ملی گرام |
| عود صلیب | Paeonia officinalis | ۱۳۵ ملی گرام |

**مواقع استعمال :** مرگی، اُم الصبیان (بچوں کی مرگی) اور اعصابی رعشہ۔

**موانع استعمال :** کوئی نہیں۔

**مضر اثرات :** کوئی نہیں۔

**خوراک :** دو۔دو کیپسول دن میں دوبار پانی سے دیں۔

**غذا اور پرہیز :** سگریٹ نوشی، مصنوعی مکھن، نمک، چائینا سالٹ (MSG)، شکر و مٹھاس بڑھانے والی اشیاء اور ریفائینڈ تیل سے پرہیز کرنا چاہیئے۔ دودھ کی چکنائی سے بنی ہوئی چیزیں، مچھلی، گوشت، مرغ، ٹرکی، شراب، کیفین، سوڈا، انڈے، تلی ہوئی اغذیہ، تمباکو، چھنا ہوا آٹا، مشینوں سے تیار کی ہوئی غذائیں اور جانوروں سے حاصل کی ہوئی غذائیں بالکل بند کردینی چاہیئے۔ اس طرح کی غذاؤں میں اکثر کیمیاوی اشیاء، جراثیم کش اشیاء اور سمیت پیدا کرنے والی چیزوں کی ملاوٹ کی جاتی ہیں اس لئے یہ جسم انسانی کو تباہ کردیتی ہیں۔ اس مرض میں بدن کو صاف ستھرا رکھنا چاہیئے تاکہ وہ اپنے افعال بہتر طور پر انجام دے سکے اور اس قابل ہوسکے کہ دوروں کی شدت اور باریوں کی تعداد کم کرسکے۔ جہاں تک ممکن ہو دل و دماغ پر کوئی فکر و کشیدگی نہ لیں۔ المونیم کے برتنوں کا استعمال بھی حتی الامکان کم کریں کیونکہ اکثر (عملِ جراحی کے دوران) اس قسم کے مریضوں کے دماغی خلیوں میں المونیم کا لیول زیادہ مقدار میں پایا گیا ہے۔

تازہ پھلوں اور سبزیوں کا استعمال زیادہ کرنا چاہیئے، اس طرح کی چیزیں تغذیہ بخش ہوتی ہیں۔ اسی طرح پابندی کے ساتھ معتدل ورزش بھی کریں تاکہ دماغ میں صاف خون کا دوران جاری رہے۔ دوروں کے وقت مریض کا منھ کھولنے کی کوشش نہ کریں اور نہ ہی اس کے دانتوں کے بیچ میں کچھ رکھنے کی کوشش کریں۔ مریض کے کپڑے ڈھیلے کردیں اور دیکھتے رہیں کہ وہ کسی خطرے میں نہ ہو۔ مریض کو کروٹ سے لٹا دیں، ایسا کرنے سے منہہ سے رال وقے وغیرہ آسانی سے باہر نکل جائے گی۔

**پیکنگ :** ۲۸ کیپسول کا پیک۔

# Femone
# فیمون

**تفصیلات :** صدیوں سے خواتین کی طرف سے جنسی شکایات کے اظہار کو برا سمجھ کر نظر انداز کیا جاتا رہا ہے۔ لیکن مغربی ممالک میں گذشتہ چالیس برسوں سے حقوق نسواں کی وکالت، آزادئ نسواں کی حمایت اور ان کے جنسی مسائل کے بارے میں نمایاں تبدیلیاں ہوئی ہیں۔ ایک مشاہدہ سے معلوم ہوتا ہے کہ ۳۱ فیصد مردوں کے مقابلہ میں ۴۳ فیصد مختلف عمر کی خواتین جنسی شکایات کا شکار ہوتی ہیں۔ ان میں یا تو جنسی خواہشات کی کمی یا عدم تحریک، شہوت کی کمی یا جماع کے دوران کسی تکلیف کا احساس وغیرہ ہوتا ہے۔ مگر اصل مسئلہ ان خواتین کا ہے جن میں جنسی خواہشات کی کمی ہوتی ہے۔ ایسی خواتین کی تعداد پورے معاشرے میں تقریباً ایک تہائی ہے۔

خواتین میں جنسیات کا مرکز ان کے دماغ کے اندرونی حصہ میں ہوتا ہے۔ ان میں جنسی خواہشات کی کمی عموماً ان کے شریکِ زندگی کے تعلق کی نوعیت پر بھی منحصر ہوتی ہے۔ لیکن اسکے علاوہ دوسرے اسباب بھی ہوسکتے ہیں مثلاً بیماری، رنج و غم، بچوں کی ذمہ داریاں، پیشہ ورانہ دباؤ، نامناسب جسمانی و جذباتی استحصال اور افسردگی (ڈپریشن) وغیرہ۔ مزید برآں ہائی بلڈ پریشر، قلبی امراض، کینسر، ذیابیطس، تھائیرائیڈ غدود کے ناقص افعال، اعصابی امراض اور جلد کے اعضائی نظام میں گڑبڑی بھی جنسی خواہشات میں کمی کا باعث ہوسکتے ہیں۔ ان سب کے علاوہ بعض

ایسی دواؤں کا استعمال جن سے ہائی بلڈ پریشر ورافسردگی کو کنٹرول کرنے یا اور کوئی دوا، شراب یا نشیلی دواؤں کا استعمال بھی اس کا سبب ہوسکتا ہے۔

فیمون ایک عجیب نباتی دوا ہے جو جنسی، ذہنی اور جسمانی تسکین کے لئے نسوانی اعضاء تناسل (مہبل) میں تری، عضلاتِ مہبل میں ڈھیلا پن اور جنسی عمل میں تلذذ پیدا کرکے ان میں خواہشات کا اضافہ کرتی ہے۔ ایسی خواتین جن میں جنسی ہیجان میں کمی کی شکایت ہوتی ہے ان میں فیمون بہت موثر ثابت ہوتی ہے۔ فیمون اکثر مریضوں میں جنسی ہیجان کو بھی بڑھاتی ہے۔ فیمون عام سستی اور عام جسمانی کمزوری میں بھی نہایت مفید ہے۔

**اجزاء ترکیبی :** ۵۰۰ ملی گرام کیپسول میں شامل اجزاء:

| | | |
|---|---|---|
| عنبر | Ambra grasea | ۵ ملی گرام |
| عاقرقرحا | Anacyclus pyrethrum Ext. | ۱۵ ملی گرام |
| زعفران | Crocus sativus | ۲۵ ملی گرام |
| چوب چینی | Smilax china Ext. | ۲۵ ملی گرام |
| خولنجان | Alpinia galanga Ext. | ۲۵ ملی گرام |
| گوکھرو | Tribulus terristris Ext. | ۵۰ ملی گرام |
| تخم کونچ | Mucuna Pruriens Ext. | ۹۰ ملی گرام |
| اسگندھ | Withania somniferum Ext. | ۱۰۰ ملی گرام |
| ستاور | Asparagus racemosus Ext. | ۱۲۵ ملی گرام |

**مواقع استعمال :** خواتین میں جنسی خواہش و جوش کی کمی، جنسی ہیجان (FSAD) میں کمی، بانجھ پن، مہبل کی خشکی، جماع کے دوران درد، عام سستی اور عام جسمانی کمزوری۔

**موانع استعمال :** دوران حمل ورضاعت میں اس کا استعمال مناسب نہیں ہے۔

**مضر اثرات :** کوئی نہیں۔

**خوراک :** دو کیپسول کھانا ہضم ہونے کے بعد اور مباشرت سے ایک گھنٹہ قبل دودھ کے ساتھ دیں۔ عام سستی اور عام جسمانی کمزوری میں صبح ایک کیپسول پانی کے ساتھ دیں۔

**غذا اور پرہیز :** کیفین، تمباکو، شراب اور غذا بانجھ پن پیدا کرتی ہے لہٰذا ان سے پرہیز کرنا چاہئے۔ اسی طرح زیادہ مرچ و مصالحہ، نمک اور گرم کھانوں سے بھی پرہیز کرنا چاہئے۔ طبیعت میں افسردگی اور فکر و پریشانی بھی جنسی خواہشات میں رکاوٹ ڈالتی ہے۔ اسی طرح جذباتی تناؤ سے بھی بچنا ضروری ہے۔

پابندی کے ساتھ ورزش ٹینشن اور طبعی پژمردگی کو کم کرکے جسمانی طاقت کو بڑھاتی ہے۔ ان حالات میں ایسی صحت بخش غذاؤں کا استعمال کریں جس میں چکنائی کم ہو چنانچہ یہ خاصیت مسلم اناج، پھل اور سبزیوں میں زیادہ ہوتی ہے۔

**پیکنگ :** ۱۰ کیپسول کا پیک۔



# Firm-Up Capsules
# فرم–اپ کیپسول

**تفصیلات :** خواتین کے سینہ کی ساخت میں بلوغ کے بعد ابھار پیدا ہوتا ہے جس میں بلغمی مادہ سے ایک قسم کی کیمیاوی تحریک پیدا ہوتی ہے۔ یہ تحریک نوجوان خواتین کے جسم میں نمایاں تبدیلیاں پیدا کرتی ہے۔ انسانی اعضاء میں متوازن نشوونما ہونے سے ہی چھاتیوں کے نسوانی ریشوں میں بھی نشوونما ہوتی ہے اور غیر متوازن نشوونما سے چھاتیوں کی ساخت بھی غیر متوازن ہو جاتی ہے۔

فرم-اپ کیپسول چھاتیوں کے ریشوں میں ایک متوازن بڑھوتری پیدا کرتے ہیں۔ اس کے اجزاء ترکیبی بھی اسی چیز کو پیش نظر رکھ کر منتخب کئے گئے ہیں اور پھر انہی خواص کے مطابق انہیں تیار بھی کیا جاتا ہے۔ یہ نباتی اجزاء جسم کے اندر بلوغ کے بعد ایک مخصوص قسم کا نشاط پیدا کرتے ہیں اور پستانوں کے غدود میں ایک نئے قسم کا احساس پیدا کرتا ہے اور پہلے کے مقابلہ اس میں زیادہ صحت مند ساخت وجود میں آتی ہے۔

فرم-اپ کیپسول نہ صرف چھاتیوں میں توانائی پیدا کرتے ہیں بلکہ ظاہری طور پر بھی ان کو ابھار کر مزید نشاط انگیز بناتے ہیں۔ خواتین کے ان بڑے اور خمدار پستانوں سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ وہ بدستور بڑھتے رہیں گے اور ان میں مسلسل پائیداری آتی رہے گی۔ اس طرح یہ دوا قدرتی طور پر نہایت محفوظ، موثر اور غیر ہارمونی ثابت ہوتی ہے۔

**اجزاء ترکیبی :** ۵۰۰ ملی گرام کیپسول میں شامل اجزاء:

| | | |
|---|---|---|
| بدری قند | Pueraria tuberosa Extract | ۵۰ ملی گرام |
| بادرنجبویہ | Melissa parviflora Extract | ۵۰ ملی گرام |
| زیرہ سیاہ | Carum carvi Extract | ۵۰ ملی گرام |
| تخم حلبہ | Trigonella foenum-graceum Ext. | ۷۵ ملی گرام |
| بادیان | Foeniculum vulgare Extract | ۷۵ ملی گرام |
| جئی | Avena sativa Extract | ۱۰۰ ملی گرام |
| مغز بنولہ | Gossypium herbaceum Ext. | ۱۰۰ ملی گرام |

**مواقع استعمال :** پستانوں کی نامکمل نشوونما (استرخاء) اور خمیدہ ہونا۔

**موانع استعمال :** یہ دوا ۱۸ سال کی عمر سے زیادہ کی خواتین کے لئے مفید ہے لیکن مردوں اور حاملہ عورتوں کے لئے یہ ممنوع ہے۔ اس کی متعینہ خوراک کو زیادہ بڑھانا بھی مفید نہیں ہے۔

**مضر اثرات :** کوئی نہیں۔

**خوراک :** دو۔ دو کیپسول غذا کے ساتھ ایک گلاس پانی کے ساتھ دیں۔ اس کے اثرات بیس دن کے اندر ہی ظاہر ہونے لگتے ہیں۔ پھر بھی پستانوں کی استواری اور سختی تین سے چھ مہینے کے بعد ہی واضح ہوتی ہے۔ دوا کے یہ

اثرات مختلف عورتوں میں مختلف طور سے دیکھنے کو ملتے ہیں۔ یہ اختلاف عمر، صحت اور توالد و تناسل کے فرق پر منحصر ہے۔ اچھے نتائج کے لئے اسے برسٹو۔ڈی ٹیل کے ساتھ استعمال کرائیں۔

**غذا اور پرہیز :** کیفین (چاکلیٹ، کافی، کیفین آمیز سوڈا اور چائے وغیرہ) سے پرہیز کرنا چاہیئے۔ اس قسم کی اغذیہ ہارمونی توازن کو بگاڑ دیتی ہیں اور پستانوں کے نشوونما پر بھی اثر انداز ہوتی ہیں۔ معتدل ورزش، مناسب نیند اور صحیح غذاؤں کا استعمال جو خون میں شکر کی مقدار کو برقرار رکھنے میں معاون ہوں وہ ہارمونی توازن کو بھی برقرار رکھتی ہیں۔ یہ تمام چیزیں پستانوں کی نشوونما کے لئے بھی بے حد ضروری ہیں۔ اس بات کی کوشش کرنی چاہیئے کہ چھاتیوں کو آزاد چھوڑ دیں اور ڈھیلی چولی کا استعمال کریں اور اگر ممکن ہو تو تھوڑی دیر کے لئے بلا چولی کے بھی رہیں۔

**پیکنگ :** ۲۸ کیپسول کا پیک۔

## Haldi Sports Injuries Capsules
## ہلدی اسپورٹس انجریزکیپسول

**تفصیلات :** یہ دوا کھیل کود کے دوران لگی چوٹ، جوڑوں کے درد اور گٹھیا وغیرہ میں مفید ہے۔ اس کے علاوہ جوڑوں کے عضلات و رباطات اور دوسری ہڈیوں میں دوران خون بڑھا کر انہیں مضبوط بناتی ہے۔

**اجزاء ترکیبی :** ۵۰۰ ملی گرام کیپسول میں شامل اجزاء:

| | | |
|---|---|---|
| آملہ | Emblica officinalis Extract | ۷۵ ملی گرام |
| بہیڑہ | Terminalia belerica Extract | ۷۵ ملی گرام |
| زنجبیل | Zingiber officinale Extract | ۱۰۰ گرام |
| ہلدی | Curcuma longa Extract | ۱۲۵ گرام |
| مقل | Commiphora mukul Extract | ۱۲۵ گرام |

**مواقع استعمال :** کھیل کود کے دوران لگی چوٹ، گٹھیا اور جوڑوں کا درد۔

**موانع استعمال :** کوئی نہیں۔

**مضر اثرات :** کوئی نہیں۔

**خوراک :** دو۔دو کیپسول دن میں دو بار غذا کے ساتھ دیں۔

**غدا اور پرہیز :** زیادہ مقدار میں کولا مشروبات کا استعمال نہ کریں کیونکہ یہ بدن میں کیلشیم کے موجودہ عنصر کو نقصان پہنچاتے ہیں۔ اسی طرح تلے ہوئے کھانے اور نشاستہ دار اغذیہ جیسے آلو چکنائی والی غذائیں، شراب، کیفین، نمک اور سگریٹ نوشی سے بھی پرہیز کرنا چاہیئے۔ چکنی مچھلی، دلیہ، کریم نکلا ہوا دودھ سویابین کا دودھ، کیلا، سارڈین مچھلی، سبزیاں اور پھل وغیرہ بہت مفید ہیں۔ چھوٹی ہڈیوں کے جوڑوں پر زیادہ بوجھ نہ ڈالیں۔ کسی وزن دار چیز کو اٹھانے کے



لئے مضبوط اور بڑے جوڑوں کو ہی کام میں لائیں۔ ورزش سے جوڑوں کے درد کو سکون ملتا ہے، ان کی حرکات میں اضافہ ہوتا ہے، تھکن دور ہوتی ہے اور اس سے عمومی طور پر بہتری کا احساس ہوتا ہے۔ آپ کے وہ معالج جو فزیوتھراپسٹ بھی ہوں وہ آپ کو ورزش کی منفعت وغیرہ سے واقف کرائیں گے۔ ورزش کرنے سے گٹھیا کے مرض میں فائدہ ہوتا ہے۔ جسمانی وزن کو بھی نہ بڑھنے دیں کیونکہ زیادہ بھاری جسم آپکے کولہوں اور گھٹنوں پر زیادہ دباؤ بنائے گا۔

**پیکنگ :** ۳۰ اور ۶۰ کیپسول پیک۔

## Heart-Care
## ہارٹ ۔کیئر

**تفصیلات :** پورے جسم انسانی میں قلب کے عضلات انتہائی اہم ہوتے ہیں۔ قلبی مرض میں لوگ زیادہ مبتلا ہو کر فوت ہوتے ہیں۔ ہارٹ ۔کیئر ایک ایسی دوا ہے جو قلب کو قوت بخشتی ہے اور اختلاج قلب، فکر و پریشانی، مالیخولیا اور درد دل میں فائدہ بخش ہوتی ہے۔ ہارٹ ۔کیئر خون میں گندے کولیسٹرول (LDL) کو کم کرتی ہے اور اچھے کولیسٹرول (HDL) کو بڑھا کر دل کی حفاظت کرتی ہے۔ جسم انسانی کی قدرتی گرمی کو محفوظ رکھتی اور طویل بیماری کے بعد کی کمزوری کو دور کرتی ہے۔ یہ ہر طرح سے ایک محفوظ دوا ہے اور بلا کسی ردِعمل کے طویل عرصہ تک اسے استعمال کیا جا سکتا ہے۔

**اجزاء ترکیبی :** ۵۰۰ ملی گرام کیپسول میں شامل اجزاء:

| | | |
|---|---|---|
| یشب | Jade | ۲ ملی گرام |
| عقیق | Red Agate | ۲ ملی گرام |
| فیروزہ | Turquoise | ۲ ملی گرام |
| یاقوت | Rubianus | ۲ ملی گرام |
| پکھراج | Topagio | ۲ ملی گرام |
| زہر مہرہ | Serpentine | ۵ ملی گرام |
| عنبر | Ambra grasea | ۵ ملی گرام |
| الائچی خورد | Elettaria cardamomum | ۱۰ ملی گرام |
| مصطگی | Pistacia lentiscus | ۱۰ ملی گرام |
| جھڑبیلہ | Permilia perlata | ۱۰ ملی گرام |
| بادرنجبویہ | Melissa parviflora | ۱۰ ملی گرام |
| عود | Aquilaria agallocha | ۱۰ ملی گرام |

| | | |
|---|---|---|
| گل سرخ | Rosa damascena | ۲۰ ملی گرام |
| آبریشم | Bombyx mori | ۲۰ ملی گرام |
| دارچینی | Cinnamomum zeylanicum | ۲۰ ملی گرام |
| بہمن سرخ | Salvia haematodes | ۲۰ ملی گرام |
| بہمن سفید | Centaurea behen | ۲۰ ملی گرام |
| درونج عقربی | Doronicum hookeri | ۲۰ ملی گرام |
| کہربا | Succinum | ۲۰ ملی گرام |
| زعفران | Crocus sativus | ۲۰ ملی گرام |
| مروارید | Mytilus margaritiferus | ۲۰ ملی گرام |
| طباشیر | Bambusa bambos | ۲۰ ملی گرام |
| صندل سفید | Santalum album | ۲۰ ملی گرام |
| کشنیز | Coriandrum sativum | ۲۰ ملی گرام |
| گل گاؤزباں | Borago officinalis | ۲۰ ملی گرام |
| آملہ | Emblica officinalis | ۲۰ ملی گرام |
| زرشک | Berberis aristata | ۴۵ ملی گرام |
| لہسن | Allium sativum | ۴۵ ملی گرام |
| چھال ارجن | Terminalia arjuna | ۶۰ ملی گرام |

**مواقع استعمال :** دردِ دل، فکروغم، ضعفِ قلب، قلبی اعصاب کی بیماری، ڈپریشن، خون میں چکنائی کی زیادتی، مالیخولیا، خفیف ہائی بلڈ پریشر، اختلاج قلب، دہشت، انسداد عضلاتِ قلب، قلبی دباؤ اور قلب کی تیز دھڑکن وغیرہ میں یہ دوا بہت مفید ہے۔

**موانع استعمال :** کوئی نہیں۔

**مضر اثرات :** کوئی نہیں۔

**خوراک :** ایک کیپسول روزانہ نہار منہ پانی سے لیں۔

**غذا اور پرہیز :** چکنی غذاؤں سے پرہیز، انڈے، زائد نمک، شکر، کیفین اور شراب وغیرہ سے اجتناب ضروری ہے، سگریٹ نوشی بھی ترک کرنا چاہئے۔ ہری سبزیاں، چکنی مچھلی، روغن زیتون، لہسن اور آملہ کا استعمال زیادہ کرنا چاہئے۔

**پیکنگ :** ۳۰ کیپسول کا پیک۔



# Jiryanil
# جریانل

**تفصیلات :** جریان ایک لمناک مرض ہے جس سے عام جسمانی کمزوری، کام میں دل نہ لگنا، قلت شہوت اور آخر میں نامردگی ہو جاتی ہے۔ عام طور پر یہ مرض غیر شادی شدہ مردوں یا پھر شادی ہونے کے بعد فوراً الگ ہوئے مردوں میں ہوتا ہے۔ جریان کی کئی قسمیں ہیں۔ سب سے نمایاں کثرتِ احتلام (سوتے میں مادّہ منویہ کا خارج ہونا) ہے اور سب سے خطرناک تب ہے جب پیشاب کے ساتھ مادّہ منویہ خارج ہوتا ہے اور وہ پتہ نہیں چلتا۔

جریانل جریانِ منی کو روکتی ہے اور بحالت خواب بغیر مجامعت کے انزالِ منی کو کنٹرول کرتی ہے۔ گردے اور مثانے کو تقویت دیتی ہے، منی کو گاڑھا کرتی ہے اور سلس البول و بلاارادہ پیشاب نکلنے میں بھی مفید ہے۔

**اجزاء ترکیبی :** ۵۰۰ ملی گرام کیپسول میں شامل اجزاء:

| | | |
|---|---|---|
| کشتہ قلعی | Tin Oxide Calcined | ۱۰ ملی گرام |
| فلفل سیاہ | Piper nigrum | ۴۰ ملی گرام |
| موصلی سفید | Chlorophytum arundinaceum | ۹۰ ملی گرام |
| بھوسی اسپغول | Plantago ovata | ۱۸۰ ملی گرام |
| کٹھل | Artocarpus heterophyllus | ۱۸۰ ملی گرام |

**مواقع استعمال :** غیرارادی پیشاب نکلنا، کثرتِ احتلام و جریان میں مفید ہے۔

**موانع استعمال :** کوئی نہیں۔

**مضر اثرات :** کوئی نہیں۔

**خوراک :** دو۔دو کیپسول دن میں دو بار پانی کے ساتھ دیں۔

**غذا اور پرہیز :** شراب اور کیفین سے اجتناب کریں، کھٹی اشیاء، لال مرچ و سوکھے میوے (چلغوزہ، بادام، اخروٹ وغیرہ) سے پرہیز کریں۔ کم پروٹین والی غذائیں جن میں انڈوں کی شمولیت نہ ہو نفع بخش ہوتی ہیں۔

**پیکنگ :** ۳۰ اور ۶۰ کیپسول کا پیک۔

# Jiwan-Rakshak Capsules
# جیون – رکشک کیپسول

**تفصیلات :** آجکل لوگوں میں تندرستی کی طرف رجحان بڑھ رہا ہے۔ نوجوان 'مسلز بلڈنگ' کی طرف خاص طور

سے رجھتے دکھائی دے رہے ہیں۔ آج کا ہر نوجوان اپنے پٹھوں کو مضبوط بنانے کی حسرت رکھتا ہے۔

جیون - رکشک کیپسول لاغر بدن کو بھاری بھرکم بناتا ہے اور جسم کو طاقتور اور مضبوط بناتا ہے۔ اسکے استعمال سے چہرے پر لالی آجاتی ہے اور قوت میں اضافہ ہوتا ہے۔

**اجزاء ترکیبی :** ۵۰۰ ملی گرام کیپسول میں شامل اجزاء:

| | | |
|---|---|---|
| کشتہ خبث الحدید | Ferroso-Ferric Oxide | ۱۵ ملی گرام |
| چھوہارہ | Phoenix dactylifera Extract | ۳۰ ملی گرام |
| کشتہ مرگانگ | Kushta Mirganj | ۳۰ ملی گرام |
| اسگندھ | Withania somnifera Extract | ۷۵ ملی گرام |
| مغزِ بنولہ | Gossypium herbaceum Extract | ۷۵ ملی گرام |
| ستاور | Asparagus racemosus Extract | ۱۲۵ ملی گرام |
| جئی | Avena sativa Extract | ۱۵۰ ملی گرام |

**مواقع استعمال :** عام دبلاپن اور ہلکا جسم۔

**موانع استعمال :** کوئی نہیں۔

**مضر اثرات :** کوئی نہیں۔

**خوراک :** تین۔تین کیپسول دن میں دوبار پانی کے ساتھ دیں۔

**غذا اور پرهيز :** بعض وہ لوگ جو بہت ہلکے بدن کے ہوتے ہیں اور ان کا بدن کسی اور طرح سے بڑھتا نہیں تو وہ غیر متوازن غذائیں استعمال کرنے لگتے ہیں۔ اس کے لئے وہ صرف اناج، پھل اور سبزیاں ہی لیتے ہیں اور دودھ، گوشت مچھلی اور انڈوں کو ترک کردیتے ہیں حالانکہ ان کے لئے بہتر یہی ہے کہ وہ پھل، سبزیاں اور اناج کے ساتھ ساتھ دودھ اور اس سے بنی ہوئی چیزیں، بغیر چکنائی والا گوشت، مچھلی، انڈے وغیرہ بھی لیتے رہیں۔ اگر آپ محض سبزیوں پر ہی اکتفا کریں گے تو آپ کے لئے اپنا وزن بڑھانا مشکل ہوجائے گا جس کا سبب یہ ہے کہ جب آپ گوشت، دودھ اور انڈے وغیرہ کو چھوڑ کر صرف تر سبزیوں کو ہی بطور غذا استعمال کرتے رہیں گے تو اپنے بدن کو توانا رکھنے کے لئے اسے ان گرم خواص والی اغذیہ سے ایندھن نہ پہنچا کر محض سبزیوں کی ہی مقدار کو بڑھانا پڑے گا اس لئے اپنی خوراک میں تھوڑی بہت تبدیلی کرکے اس میں کچھ دودھ، دہی، مکھن، پنیر اور انڈے، تین چار چمچے سورج مکھی اور کُسم کا تیل یا روغن زیتون وغیرہ بطور غذا استعمال کریں اور اس کے ساتھ سلاد وغیرہ بھی لیا کریں۔ گری دار خشک میوے (اخروٹ، بادام وغیرہ) بھی بدن میں قوت پیدا کرتے ہیں۔

**پیکنگ :** ۳۰ اور ۶۰ کیپسول کا پیک۔



# Lacta-M Capsules
# لیکٹا–ایم کیپسول

**تفصیلات :** لیکٹا-ایم کیپسول کچھ اس طرح کی ایک محفوظ نباتی دوا ہے جو کہ غیر ہارمونی شیرافزا ہوتی ہے اور (خواتین کی چھاتیوں میں) دودھ کو زیادہ پیدا کرکے اس کی روانی کو بڑھاتی ہے۔ تقریباً دو دہائیوں سے اس قسم کی نباتی دواؤں اور دودھ کی افزائش والی تدابیر کا استعمال دوران رضاعت زیادہ ہونے لگا ہے۔ ان نباتی دواؤں میں وہ دوائیں بھی شامل ہوتی ہیں جن میں دودھ کی افزائش کی تاثیر زیادہ ہوتی ہے۔ بہت سی خواتین میں دودھ پلانے کے دوران ان کا بچہ اپنی ماں کے جسم میں جو معدنی اجزاء دودھ کی پیدائش میں معاون ہوتے ہیں انہیں وہ زیادہ مقدار میں پہلے ہی جذب (چوس) کرلیتا ہے اس لئے وہ آئندہ مزید دودھ پلانے سے قاصر ہوجاتی ہیں۔ یہ وہ اجزاء ہوتے ہیں جو نہ صرف ماں کے دودھ کو بڑھاتے ہیں بلکہ خون میں مل کر ان کیمیاوی اجزاء کی بھی افزائش کرتے ہیں جن سے چھاتیوں میں دودھ کی مقدار بڑھ جاتی ہے۔ جب کسی ماں میں دودھ کی پیدائش کم ہوجاتی ہے، خواہ وہ برتھ کنٹرول والی گولیوں کی وجہ سے ہو یا کسی اور نامعلوم وجہ سے ہو، تو لیکٹا-ایم کیپسول ماں کی چھاتیوں میں دودھ کی پیدائش بڑھا دیتی ہے بالخصوص اس وقت جب کہ بچہ تین چار ماہ کا ہوجائے۔

**اجزاء ترکیبی :** ۵۰۰ ملی گرام کیپسول میں شامل اجزاء:

| | | |
|---|---|---|
| زیرہ سیاہ | Carum carvi | ۲۵ ملی گرام |
| مغز فندق | Corylus avellana | ۷۵ ملی گرام |
| مغز بنولہ | Gossypium herbaceum | ۲۰۰ ملی گرام |
| ستاور | Asparagus racemosus | ۲۰۰ ملی گرام |

**مواقع استعمال :** وضع حمل کے بعد دودھ کی کمی۔

**موانع استعمال :** حمل کے دوران اسے استعمال نہیں کرانا چاہئے۔

**مضر اثرات :** کوئی نہیں۔

**خوراک :** دن میں دو بار دو یا تین کیپسول دودھ کے ساتھ دیں۔

**غذا اور پرهيز :** کیفین، شراب اور تمباکو پینے سے پرہیز کرنا چاہئے۔ مسلم اناج، تازہ پھل، سبزیاں، زیادہ پروٹین، کیلشیم اور آئرن والے کھانے زیادہ استعمال کریں۔ دودھ پلانے کے دوران سیال چیزیں زیادہ پئیں تا کہ بدن میں رطوبات ضرورت کے مطابق برقرار رہیں۔ متوازن غذا جس میں پانچ بار دودھ یا اس سے بنی ہوئی اشیاء ہوں روزانہ لینے سے کیلشیم کی کافی مقدار ملے گی۔ اگر آپ گوشت یا دودھ سے بنی چیزیں نہیں لیتے ہیں تو ضرورت کے مطابق کیلشیم کو تل کے تیل وغیرہ سے حاصل کیا جاسکتا ہے۔ اس کے باوجود بھی اگر اسے حاصل نہ کرسکیں تو آپ اپنے ڈاکٹر سے اس کی فاضل مقدار حاصل کرنے کے لئے مشورہ کریں۔ آپ دہلوی پر کیلشیم

کیپسول بھی لے سکتے ہیں۔ سورج مکھی کا تیل، روغن زیتون اور سرسوں کے تیل سے بھی ایسے اجزاء ملتے ہیں جو بچوں کے اعصابی نظام کو مضبوط بناتے ہیں۔ دن بھر میں کم از کم آٹھ سے بارہ گلاس تک پانی ضرور پینا چاہئے۔

**پیکنگ :** ۳۰ اور ۶۰ کیپسول کا پیک۔

## Leuco-Cure
## لیوکو–کیور

**تفصیلات :** لیکوریا جسے عام طور پر ''سفید پانی'' کی بیماری کہا جاتا ہے ایک نسوانی عارضہ ہے جس میں عورت کی فرج (مہبل) سے سفید زردی مائل رطوبات کا اخراج ہوتا ہے جس میں کبھی بدبو بھی ہوتی ہے۔ فرج سے سفید پانی کے اخراج کی وجہ سے مریضہ ہر وقت ایک قسم کی کمزوری اور تھکاوٹ محسوس کرتی ہے۔ اس مرض میں کمر اور بچہ دانی کے قریبی حصوں میں درد محسوس ہوتا ہے اور وہاں ایک طرح کے تناؤ کا احساس ہوا کرتا ہے۔ یہ خواتین کے اعضاء پیدائش کا ایک غیر معمولی مرض ہے۔ اس مرض کا اثر چند ہفتوں سے لے کر چند ماہ تک رہ سکتا ہے۔ اگر ابتداء میں اس کا تدارک نہ کیا جائے تو یہ مرض بھی مزمن بن سکتا ہے۔

لیوکو-کیور اندرون رحم کی مخاطی جھلی پر محرک عمل ڈالتا ہے۔ اسکے مقوی اثرات رحم کے دورانِ خون کو بہتر کرتے ہیں۔ اسکے جراثیم کش اور حابس اثرات لیکوریا کو کنٹرول کرتے ہیں۔ لیوکو-کیور عام جسمانی صحت کو بھی بہتر بناتا ہے اور مہبل میں خارش اور جلن، درد و تکلیف، کمر اور معدہ کے درد، کثرت پیشاب اور لیکوریا کی وجہ سے سستی ولاغری سے بھی نجات دیتا ہے۔

**اجزاء ترکیبی :** ۵۰۰ ملی گرام کیپسول میں شامل اجزاء:

| | | |
|---|---|---|
| مصطگی | Pistacia lentiscus | ۲۵ ملی گرام |
| کشتہ صدف | Cypraea moneta Calcined | ۲۵ ملی گرام |
| گل دھاوا | Anogeissus latifolia | ۵۰ ملی گرام |
| مازو سوختہ | Quercus infectoria | ۵۰ ملی گرام |
| لودھ پٹھانی | Symplocos racemosa | ۵۰ ملی گرام |
| مروارید | Mytilus margaritiferus | ۵۰ ملی گرام |
| مائیں کلاں | Tamarix gallica | ۷۵ ملی گرام |
| گوند چونا | Butea frondosa | ۷۵ ملی گرام |
| موچرس | Bombax malabaricum | ۱۰۰ ملی گرام |

**مواقع استعمال :** لیکوریا میں عام صحت کو بہتر کرتی ہے اور درد و تکلیف، خارش، کمر اور معدہ میں درد، پیشاب



میں جلن، کثرت بول اور سستی ولاغری۔

**موانع استعمال :** دورانِ حیض اس کا استعمال مناسب نہیں ہے۔

**مضر اثرات :** کوئی نہیں۔

**خوراک :** دو-دو کیپسول دن میں دو بار دودھ کے ساتھ دیں۔

**غذا اور پرہیز :** میدے سے بنی ہوئی چیزیں، چینی، تلی ہوئی چیزیں، مصالحہ دار اور چکنائی والے کھانے، مربہ، چائے اور کافی وغیرہ سے پرہیز کرنا چاہئے۔ ہر قسم کے تناؤ اور فکر سے خود کو دور رکھیں، پیٹ کی ورزش اور تفریح اس میں بہتر ہوتی ہے۔ غذا کے درمیان تازہ پھل یا انکا رس لینا چاہئے۔ زود ہضم و مقوی غذائیں لیں۔ دودھ، دال مونگ، شوربہ، چپاتی، ساگودانہ، مونگ کی کھچڑی، پالک وغیرہ لیں۔

**پیکنگ :** ۲۸ کیپسول کا پیک۔

## LipoCap
## لیپو-کیپ

**تفصیلات :** شحمیات کے بڑھ جانے کا مطلب ہے خون میں چربی کی زیادتی۔ خون میں سب سے بڑا شحمی مادہ کولسٹرول ہے جو ایک طبعی مادہ ہے اور بدن میں ہارمون کی نشو ونما کرتا ہے جیسے اسٹروجین اور ٹسٹوسٹران ہارمون۔ کولسٹرول جھلی کا ضروری جز ہے جو جسم کے انفرادی خلیات کو گھیرے رہتی ہے۔ چونکہ شحمیات گھلتی نہیں ہیں اس لئے کولسٹرول خون میں پروٹین کے ساتھ ہی پہنچتا ہے۔ شحمیات اور پروٹین کے اس مجموعہ کو لیپو پروٹین کہا جاتا ہے۔ یہ مجموعہ شریانوں کے سکڑنے اور دل کی بیماریوں کے لئے بہت بڑا خطرہ ہوتا ہے۔ خون میں شحمیات کی شکلوں میں کولسٹرول، کولسٹرول کے مرکبات، فاسفولیپڈ اور ٹرائی گلیسرائڈ ہوتے ہیں۔ لیپو پروٹین کی بہت سی قسمیں ہیں جیسے بہت ہی معمولی کثافت کی (وی ایل ڈی ایل) لیپو پروٹین، معمولی کثافت کی (ایل ڈی ایل) لیپو پروٹین، متوسط کثافت کی (آئی ڈی ایل) لیپو پروٹین۔ بڑھے ہوئے کولسٹرول اور دیگر شحمیاتی بیماریاں یا تو وراثتی (جینیاتی) ہوتی ہیں یا ان کا تعلق ہوتا ہے: مرغن غذاؤں، ذیابیطس، غدہ درقیہ کی ناقص کارکردگی، Cushing's syndrome یا گردہ کی خرابی سے یا ان کا تعلق ہوتا ہے کچھ مخصوص دواؤں سے جیسے مانع حمل گولیاں، مصنوعی ہارمون، کورٹی کوسٹرائڈ، کچھ پیشاب آور دوائیں، فشار دم کو کم کرنے والی دوائیں اور ان کا مخصوص طرز حیات سے جیسے بے تحاشہ شراب پینے کی عادت اور ورزش نہ کرنے کی وجہ سے بدن کا موٹاپا۔ سگریٹ نوشی کرنے والے اور زیادہ کولسٹرول والے لوگوں میں دل کی بیماریوں کا خطرہ زیادہ ہوتا ہے۔ شحمی مواد کی خرابی عورتوں کے مقابلے میں مردوں میں زیادہ ہوتی ہے۔

لیپو-کیپ کولسٹرول کو فطری طور پر گھٹاتا ہے، کولسٹرول کے افعال کو بحال کرتا ہے اور خون کے اندرونی نظام میں 'خراب' ایل ڈی ایل کولسٹرول اور ٹرائی گلیسرائڈ کی سطح کو کم کرتا ہے اور 'اچھے' ایچ ڈی ایل کولسٹرول کی سطح کو بڑھاتا ہے۔ اس نباتی

مرکب کے اجزاء کولسٹرول کی پیداوار کو روکتے ہیں اور فطری طور پر کولسٹرول کی سطح کو گھٹاتے ہیں۔ جسمانی تبدیلیوں میں مدد کرتے ہیں اور خون میں، دل میں اور دل کی نسیجوں میں شحمی تیزابیت کو کم کرتے ہیں۔ مزید براں لیپو۔کیپ کے یہ نباتی اجزاء دورانی شحمیات (کولسٹرول اور ٹرائی گلیسرائڈ) کی مناسب سطح اور تناسب کو کنٹرول اور برقرار رکھتے ہیں۔

**اجزاء ترکیبی :** ۵۰۰ ملی گرام کیپسول میں شامل اجزاء:

| | | |
|---|---|---|
| سعد کوفی | Cyperus rotundus Ext. | ۵۰ ملی گرام |
| گڑمار بوٹی | Gymnema sylvestre Ext. | ۵۰ ملی گرام |
| ارجن چھال | Terminalia arjuna Ext. | ۵۰ ملی گرام |
| گوگل | Commiphora mukul Ext. | ۵۰ ملی گرام |
| بہمن سرخ | Salvia haematodes Ext. | ۱۰۰ ملی گرام |
| تخم پیاز | Allium cepa Ext. | ۱۰۰ ملی گرام |
| لہسن | Allium sativum Dried Ext. | ۱۰۰ ملی گرام |

**مواقع استعمال :** شحمیات کا بڑھ جانا اور شریانوں کا سکڑنا۔

**موانع استعال :** کوئی نہیں۔

**مضر اثرات :** کوئی نہیں۔

**خوراك :** دو۔دو کیپسول صبح وشام کھلائیں۔

**غـذا اور پـرهيـز :** علاج کی ابتدا غذائی تبدیلیوں سے ہونی چاہئے۔ بھاری بدن کے لوگوں کو یہ مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ اپنا وزن کم کر کے جسم کو متوازن بنائیں۔ حرارے، کولسٹرول اور چکنائی کے معاملے میں کمی زیادہ تر لوگوں کے لئے مناسب ہے۔ 20 سے 35 فی صدی حراروں کو پورا کرنے کے لئے پوری چکنائی مونو انسچوریٹڈ اور پولی انسچوریٹڈ چکنائی کے تیزابوں کے ذرائع سے ملنی چاہئے۔ اومیگا 6 انسچوریٹڈ چکنائی کے سب سے بڑے ذرائع ہیں سبزیوں کے سیال تیل جن میں سویابین کا تیل، مکئی کا تیل، سورج مکھی کا تیل۔ پودوں میں اومیگا 3 انسچوریٹڈ چکنائی کے سب سے بڑے ذرائع ہیں سویابین کا تیل، قنولہ کا تیل، اخروٹ کا تیل، السی کا تیل۔ اومیگا 3 چکنائی کے تیزاب مچھلی میں پائی جاتی ہے۔ وہ مچھلیاں جن میں فطری طور پر زیادہ تیل ہوتا ہے جیسے سالمون، ٹراؤٹ اور ہیرنگ مچھلیاں ان میں اومیگا 3 چکنائی کے تیزاب نرم مچھلیوں جیسے کوڈ، ہاڈوک اور کیٹ فش کے مقابلے میں زیادہ ہوتی ہے۔ وہ پودے جن میں مونو انسچوریٹڈ چکنائی کے تیزاب زیادہ ہوتے ہیں وہ ہیں سبزیوں کے تیل (جیسے قنولہ، زیتون اور سورج مکھی کے تیل وغیرہ) جو کمرے کے درجہ حرارت میں سیال ہوتے ہیں اور پھلی کے تیل۔

**پیکنگ :** ۳۰ اور ۶۰ کیپسول کا پیک۔



# Liv-O n Capsules
# لیو–آن کیپسول

**تفصیلات :** جسم انسانی میں جگر ایک خاص قسم کا سب سے بڑا اور اہم غدود نما عضو ہے جو مختلف فعل انجام دیتا ہے۔ انسان کے اندر دن میں کئی بار جگر ہی کے اندر سے ہو کر خون کی سپلائی بدن میں ہوتی ہے۔ یہ صفراء کی بھی تولید کرتا ہے جو غذا کے ہضم کرنے میں بہت مفید ہے۔ یہ سالموں کو بدن میں اس طرح تقسیم کر دیتا ہے کہ ان کے ضروری اجزاء علیحدہ ہو کر محفوظ ہو جاتے ہیں اور غیر ضروری اجزاء فضلات کے راستہ بدن سے خارج ہو جاتے ہیں۔ اسی طرح یہ دواؤں کے مفید اجزاء کو محفوظ کر کے اس کے سمی اجزاء کو الگ تھلگ کر کے بدن سے دور کر دیتا ہے تاکہ جسم کو کوئی نقصان نہ پہنچے۔ وٹامن کے ذخیرے کو برقرار رکھتا ہے۔ شراب اور بعض کیمیائی معالجات سے جگر کو نقصان پہنچتا ہے۔ جگر کا فعل خراب ہونے کی علامت سستی، ماندگی، کمزوری اور غذا کی عدم اشتہاء وغیرہ ہیں۔

لیو۔آن کیپسول ایسے مخصوص نباتی اجزاء کا مکمل طور پر قدرتی مجموعہ ہے جو جگر کی حفاظت کرتا اور افعالِ جگر کو درست کرتا ہے۔ یہ ضعفِ جگر، ورم جگر اور مختلف اثرات سے جگر کو محفوظ رکھتا ہے اور جگر کو خراب ہونے سے روکتا ہے۔ روزانہ استعمال سے یہ جگر کے فعل کو درست رکھتا ہے۔ فعلِ ہضم کو درست کر کے جلد تحلیل کرتا ہے و بھوک کو بڑھاتا ہے۔ شراب، ادویہ اور جگر پر زہریلے اثرات مترتب کرنے والی اشیاء سے حفاظت کے لئے لیو۔آن کیپسول کا مستقل استعمال کرنا چاہئے۔ یہ عام صحت کو بھی بحال کرتا ہے۔

**اجزاء ترکیبی :** ۵۰۰ ملی گرام کیپسول میں شامل اجزاء:

| | | |
|---|---|---|
| مصطگی | Pistacia lentiscus | ۱۶.۲۵ ملی گرام |
| زعفران | Crocus sativus | ۱۶.۲۵ ملی گرام |
| اسارون | Valeriana wallichii | ۳۲.۵ ملی گرام |
| بالچھڑ | Nardostachys jatamansi | ۳۲.۵ ملی گرام |
| دارچینی | Cinnamomum zeylanicum | ۳۲.۵ ملی گرام |
| الائچی خرد | Elettaria cardamomum | ۳۲.۵ ملی گرام |
| گل غافث | Gentiana olivieri | ۳۲.۵ ملی گرام |
| اذخر مکی | Cymbopogon jwarancusa | ۳۲.۵ ملی گرام |
| لک مغسول | Coccus lacca | ۳۲.۵ ملی گرام |
| مجیٹھ | Rubia cordifolia | ۳۲.۵ ملی گرام |
| قرنفل | Myrtus caryophyllus | ۳۲.۵ ملی گرام |
| قسط شیریں | Saussurea lappa, Sweet | ۳۲.۵ ملی گرام |

| | | |
|---|---|---|
| تخم کرفس | Apium graveolens | ۳۲.۵ ملی گرام |
| تخم کشوث | Cuscuta reflexa | ۳۲.۵ ملی گرام |
| تخم کاسنی | Cichorium intybus | ۳۲.۵ ملی گرام |
| عودصلیب | Paeonia officinalis | ۳۲.۵ ملی گرام |
| زراوندطویل | Aristolochia longa | ۳۲.۵ ملی گرام |

**مواقع استعمال :** تشمع الکبد، استسقاء، تلّی کا بڑھنا، ورم جگر، جگر کا بڑھنا، یرقان، بھوک کی کمی، جگر کا فسادِ فعل، ورم رحم اور تلّی کے امراض۔

**موانع استعال :** کوئی نہیں۔

**مضر اثرات :** کوئی نہیں۔

**خوراك :** دو۔دو کیپسول صبح وشام دیں۔

**غذا اور پرهیز :** شراب، تلی ہوئی چیزیں، تیز نمک اور شکر وغیرہ سے پرہیز کریں۔شراب جگر کو زیادہ نقصان پہنچاتا ہے۔رسدار پھل، گاجر، چقندر، گوبھی اور انڈا وغیرہ کا استعمال زیادہ کریں۔فکر و پریشانی، گراوٹِ طبع اور محنت کے کاموں سے احتیاط کریں۔

**پیکنگ :** ۶۰ کیپسول کا پیک۔

## MemoRise
## میمورائز

**تفصیلات :** یادداشت کا فقدان اور ذہانت کی کمی آج کل ایک عام مسئلہ ہے جو مردوں میں عمر کی زیادتی کی وجہ سے اور عورتوں میں سنِ یاس میں، یادداشت کی کمی کی وجہ سے ہونے والی ایک قدیم شکایت ہے۔ہم میں سے ہر شخص پریشان ہوتا ہے کہ اسے بڑھاپا، مرض الزیمر (بڑھاپے سے قبل خلل دماغ) یا ذہانت کی کمی نہ ہو جائے۔جدید طرز زندگی کی وجہ سے بھی اکثر لوگ اپنے ذہن کو کُند اور تھکا ہوا سمجھنے لگتے ہیں۔

منجملہ دوسرے اسباب کے اس کا ایک سبب یہ بھی ہے کہ خون کے ذریعہ تغذیۂ دماغ کی کمی کی وجہ سے بھی لوگوں کی یادداشت کمزور ہو جاتی ہے۔خون ہی کی وجہ سے جسم انسانی میں حیات ہوتی ہے اور یہی خون دماغ کے ہر رگ و ریشہ میں نشوونما لاتا ہے۔دماغ کی حفاظت کے لئے ایک جھلّی ہوتی ہے جو اس کو چاروں طرف سے لپٹی ہوتی ہے اور وہ خون میں شامل ان اجزاء کو ہی دماغ تک پہنچنے دیتی ہے جو اسکے لئے نفع بخش ہوں۔اگر کولسٹرول کی وجہ سے خون گاڑھا ہوگا تو وہ مذکورہ جھلّی سے کم مقدار میں دماغ تک پہنچے گا جس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ دماغ تک تغذیہ کم پہنچے گا اور جب دماغ کا تغذیہ نہیں ہوگا تو یادداشت میں بھی کمزوری آنے لگے گی۔دماغ کے افعال خون کے تغذیہ ہی سے



نجام پاتے ہیں۔دماغ بہت حساس عضو ہے جو عفونتی سمّیت سے بہت جلد متاثر ہو جاتا ہے مثلاً کثافتی عفونت، دانتوں کے سیمابی امراض، کیمیاوی کھاد، نشہ آور چیزیں، چیزوں میں عارضی مٹھاس پیدا کرنے والی اشیاء، تمباکو اور شراب سے دماغ کو بڑا نقصان پہنچ سکتا ہے جس سے یادداشت پر بھی خراب اثر پڑتا ہے۔

میمورائز میں کچھ ایسے اجزاء شامل ہیں جن کو اب اچھی طرح جانچ پرکھ لیا گیا ہے۔یہ اجزاء دماغ کی اعصابی لہروں کو بڑھاتے ہیں بالخصوص اس مرکب کی مقدار کو بڑھاتے ہیں جو عضلات کے عمل کو تیز کرتے ہیں۔اس طرح یہ دماغ کی طرف دوران خون کو بھی تیز کرتے ہیں جس سے دماغ کے افعال اور اس کی قوت یادداشت میں اضافہ ہوتا ہے۔یہ دوا خاص طور سے ان لوگوں کے لئے تیار کی گئی ہے جن کی روزمرہ کی مصروفیات ذہنی توانائی کی زیادہ متقاضی رہتی ہیں۔یہ دماغ کی کھوئی ہوئی قوت کو بحال کرتی ہے اور ذہنی الجھنوں کو دور کرتی ہے۔یہ دوا بہت ہی منتخب اجزاء سے بنائی گئی ہے جس میں خاص طور سے برہمی بوٹی قابل ذکر ہے۔سن رسیدہ وہ لوگ جو ذہنی تھکاوٹ کا شکار ہوں انہیں بھی اس سے بہت راحت ملتی ہے۔

**اجزاء ترکیبی :** ۵۰۰ملی گرام کیپسول میں شامل اجزاء:

| | | |
|---|---|---|
| زنجبیل | Zingiber officinale Extract | ۵۰ ملی گرام |
| آملہ | Emblica officinalis | ۵۰ ملی گرام |
| مالکنگنی | Celastrus paniculatus | ۵۰ ملی گرام |
| بالچھڑ | Nardostachys jatamansi Ext. | ۵۰ ملی گرام |
| فلفل سیاہ | Piper nigrum Extract | ۵۰ ملی گرام |
| برہمی بوٹی | Centella asiatica Extract | ۱۲۵ ملی گرام |
| سنکھاہولی | Evolvulus alsinoides Extract | ۱۲۵ ملی گرام |

**مواقع استعمال :** طویل دماغی کام کرنے والوں کی ذہنی تھکاوٹ، خالی الذہنی، بھولنا، مشاغل سے عدم دلچسپی، بڑھاپے کی وجہ سے دماغی کمزوری، گراوٹ طبع (ڈپریشن)، کُند ذہنی، کسی اہم کام کے کرنے میں دلچسپی نہ ہونا، عام لاغری، بھوک کی کمی، کمزوری اور فکر و پریشانی اور خاص طور پر امتحانوں کا دباؤ۔

**موانع استعال :** کوئی نہیں۔

**مضر اثرات :** کوئی نہیں۔

**خوراك :** دو۔دو کیپسول دن میں دو بار غذا کے ساتھ دیں۔جب تک مذکورہ بالا شکایات باقی رہیں اس دوا کو دیتے رہیں۔مقدار خوراک کو زیادہ نہ کریں۔

**غذا اور پرهیز :** کولا مشروبات، کیفین، چینی، تمباکو نوشی، نشیلی دوائیں اور شراب سے پرہیز کریں۔تمباکو نوشی سے دماغ میں خون کا دوران کم ہو جاتا ہے اور بلڈ پریشر بڑھ جاتا ہے۔نشیلی دواؤں کے لمبے استعمال سے یادداشت کم ہو جاتی ہے۔ذہنی دباؤ کم کریں۔ڈپریشن سے بھی یادداشت پر برا اثر پڑتا ہے۔

متوازن غذا استعمال کریں جس میں چکنائی کم اور پروٹین زیادہ ہو۔یہ آپ کے اعصابی نظام کی حفاظت کرے گا۔ہری سبزیاں، اخروٹ وغیرہ اور مچھلیوں کا استعمال زیادہ کریں۔پانی خوب پیئیں اور آرام کریں۔ورزش سے

بھی یادداشت بڑھتی ہے۔

**پیکنگ :** ۳۰اور۶۰ کیپسول کا پیک۔

# MensoP
# مینسو-پی

**تفصیلات :** 'Menopause' کی اصطلاح دو یونانی زبان کے الفاظ 'مہینہ' اور 'بند' سے مل کر بنی ہے جس کے معنی ہیں ''the end of monthlies'' یعنی ماہواری کی بندش (من یاس)۔ اس طرح یہ اصطلاح اس وقت استعمال کی جاتی ہے جبکہ ماہواری کی بندش کو بارہ مہینے گذر جائے۔ یہ مرض ان خواتین کو لاحق ہوتا ہے جن کی عمر لگ بھگ ۴۵ سال سے ۵۵ سال یا اس سے بھی زیادہ ہو جائیں۔ جن خواتین کے رحم اور خصیۃ الرحم آپریشن کے ذریعے نکال دیئے گئے ہوں ان میں بھی یہ مرض ہوتا ہے۔ حیض کی بندش (من یاس) کی شکایت اپنے قدرتی وقت سے کچھ سال پہلے بھی واقع ہوسکتی ہے۔ یہ مرض ایسٹروجن (زنانہ) ہارمون کی کمی سے ہوتا ہے۔

جدید تحقیق سے یہ پتہ چلتا ہے کہ میڈیکل ہارمون کی تبدیلی کے ذریعہ علاج (HRT) کو طویل عرصہ تک جاری رکھنے سے صحت کو خطرہ لاحق ہوسکتا ہے۔ اس ذریعۂ علاج سے چھ گنا خطرہ رحم کے کینسر کا، پچاس فیصد چھاتی کے کینسر کا اور تین گنا خطرہ امراض قلب کے واقع ہونے کا ہوتا ہے۔ بعض خواتین میں HRT سے نفع کے مقابلہ میں نقصان کا خطرہ زیادہ ہوتا ہے۔

مینسو-پی کو خاص طور سے ایسے نباتی اجزاء سے بنایا گیا ہے جو خواتین میں بندشِ حیض سے پہلے یا درمیان میں یا بندش کے بعد استعمال کرائے جاتے ہیں۔ بندشِ حیض کی علامت میں عام طور سے اچانک گرمی لگ کر پسینہ آنا، چڑچڑاپن، عضلات کا درد، جنسی خواہشات میں تبدیلی، رات میں پسینہ آنا، سردرد، سرعت بول، نیند سے جلد آنکھ کا کھل جانا، فرج (مہبل) کی خشکی، مزاج میں تبدیلی، بے خوابی، تھکاوٹ اور جسمانی وزن کا بڑھنا، ہونٹ و ٹھوڑی پر بال پیدا ہونا وغیرہ پایا جاتا ہے۔ مینسو-پی مذکورہ بالا علامات کے پیدا ہونے کے امکانات کو کم کر دیتا ہے اور ہڈیوں میں کیلشیم کو جذب کرنے کی صلاحیت کو بڑھا کر ان کی حفاظت کرتا ہے۔

**اجزاء ترکیبی :** ۵۰۰ ملی گرام کیپسول میں شامل اجزاء:

| | | |
|---|---|---|
| کہربا | Pinus succinifera | ۳۵ ملی گرام |
| طباشیر | Bambusa arundinacea | ۳۵ ملی گرام |
| یشب | Jade | ۳۵ ملی گرام |
| زہر مہرہ | Serpent Stone | ۳۵ ملی گرام |
| مرداریدہ | Mytilus margaritiferus | ۳۵ ملی گرام |
| گوند چونا | Butea frondosa | ۶۳ ملی گرام |



| | | |
|---|---|---|
| لودھ پٹھانی | Symplocos racemosa | ۶۳ ملی گرام |
| مائیں کلاں | Tamarix gallica | ۶۳ ملی گرام |
| بدرقہ | Excipient | q.s. |

**مواقع استعمال :** بندش حیض سے قبل یا بعد کی علامات جیسے بے قاعدہ حیض آنا، فرج میں کھجلی یا خشکی پیدا ہونا، گرمی کا زیادہ محسوس ہونا، پسینہ آنا، دل دھڑکنا، طبیعت میں گراوٹ، سردرد، چڑچڑاپن، بے خوابی، تھکاوٹ، وزن بڑھنا، ہونٹ و ٹھوڑی پر بال پیدا ہونا، بار بار پیشاب آنا اور جنسی خواہشات کی کمی وغیرہ۔

**موانع استعمال :** کوئی نہیں۔

**مضر اثرات :** کوئی نہیں۔

**خوراک :** دو-دو کیپسول دن میں دو بار دودھ کے ساتھ دیں۔ بہتر یہ ہے کہ اسے چھ مہینے یا اس سے بھی زیادہ مدت تک استعمال میں لائیں۔

**غذا اور پرہیز :** کیفین، شراب، گرم مشروب اور مصالحہ دار کھانوں سے پرہیز کرنا چاہئے۔ گوشت و دودھ سے بنی ہوئی چیزوں کے استعمال سے اچانک گرمی لگ کر پسینہ آنے لگتا ہے۔ پابندی کے ساتھ ورزش کرنے سے ڈپریشن اور چڑچڑاپن کم ہوسکتا ہے۔ قوی عضلات چستی بڑھاتے ہیں اور درد کو کم کرتے ہیں۔ کچھ قسم کی ورزش ہڈیوں کے لئے بھی فائدہ مند ہوتی ہیں۔ نشاستہ دار اور مختلف وقفہ کے ساتھ تھوڑا تھوڑا کھانا کھانے کی عادت سے بھی اچھی صحت کا احساس ہوتا ہے۔ دہلوی پرل کیلشیم کیپسول بھی اس مرض میں مفید ہیں۔

**پیکنگ :** ۳۰اور۶۰ کیپسول کا پیک۔

# MigraCap
# مائیگرا کیپ

**تفصیلات :** شقیقہ (آدھا سیسی کا درد) کا مرض پوری دنیا میں ۱۰ فیصد لوگوں کو ہے اور عورتوں میں تین گنی تعداد کو واقع ہوتا ہے۔ مائگرا کیپ شقیقہ کے مرض میں جس میں شدید دھڑکن کے ساتھ سر کے ایک جانب درد ہوتا ہے فائدہ مند ہے۔ اس طرح کا درد آنکھ یا کنپٹی کے اطراف میں اچانک اٹھتا ہے اور پھر یہ نصف سر یا پورے سر میں پھیل جاتا ہے اور پھر بھوک کی کمی، متلاہٹ، قے اور غذا سے عدم رغبت وغیرہ پیدا ہو جاتی ہے۔ یہ دیکھا گیا ہے کہ یہ درد سورج نکلتے وقت شروع ہوتا ہے، دوپہر تک یہ درد بہت بڑھ جاتا ہے۔ لیکن جیسے جیسے سورج ڈھلنا شروع ہو جاتا ہے، سر درد میں آرام ملنے لگتا ہے۔ سورج ڈھلنے کے بعد درد خود ہی دور ہو جاتا ہے۔ لیکن ایسا ہر شقیقہ کے مریض کے ساتھ ہو یہ ضروری نہیں ہے۔ اس مرض کے حملہ کا اثر ۴ سے ۷۲ گھنٹہ تک رہتا ہے۔ اس کا پہلا حملہ بچپن کی ابتداء میں ہوسکتا ہے لیکن عموماً دس سے تیس سال کی عمر میں زیادہ ہوتا ہے۔ اس مرض کے کچھ اسباب خاندانی بھی

ہوتے ہیں۔تقریباً تیس فیصدی شقیقہ کی کچھ علامات پہلے ہی سے ظاہر ہونا شروع ہوجاتی ہیں مثلاً آنکھوں کے سامنے چنگاریاں سی اڑتی ہوئی نظر آنے لگتی ہیں، آنکھوں کے سامنے اندھیرا سا چھانے لگتا ہے، ٹیڑھی میڑھی لائنیں اور چمکدار رنگین روشنی دکھائی دینے لگتی ہیں اور جسم کا کوئی حصہ سن ہونے لگتا ہے اور آنکھوں سے دھندلا نظر آنے لگتا ہے، جسے 'اورا' کہا جاتا ہے۔

**اجزاء ترکیبی :** ۵۰۰ ملی گرام کیپسول میں شامل اجزاء:

| | | |
|---|---|---|
| پوست ہلیلہ زرد | Terminalia chebula Yellow | ۲۵ ملی گرام |
| پوست ہلیلہ کابلی | Terminalia chebula Brown | ۲۵ ملی گرام |
| ہلیلہ سیاہ | Terminalia chebula Black | ۲۵ ملی گرام |
| پوست بلیلہ | Terminalia belerica | ۲۵ ملی گرام |
| آملہ | Emblica officinalis | ۲۵ ملی گرام |
| برگ سنا مکی | Cassia angustifolia | ۲۵ ملی گرام |
| تربد سفید | Operculina turpethum | ۲۵ ملی گرام |
| بسفائج | Polypodium vulgare | ۲۵ ملی گرام |
| مصطگی | Pistacia lentiscus | ۲۵ ملی گرام |
| افتیمون | Cuscuta reflexa | ۲۵ ملی گرام |
| کشنیز خشک | Coriandrum sativum | ۲۵ ملی گرام |
| فلفل سیاہ | Piper nigrum | ۲۵ ملی گرام |
| زنجبیل | Zingiber officinale | ۲۵ ملی گرام |
| اسطوخودوس | Lavandula stoechas | ۱۷۵ ملی گرام |

**مواقع استعمال :** شقیقہ اور دھڑکن کے ساتھ سر درد۔

**موانع استعمال :** دورانِ حمل و رضاعت میں استعمال نہیں کرنا چاہئے۔

**مضر اثرات :** کوئی نہیں۔

**خوراک :** ایک یا دو کیپسول روزانہ دو بار پانی کے ساتھ دیں۔ایک بار سورج نکلنے سے پہلے اور ایک بار سورج ڈھلنے کے بعد۔

**غذا اور پرہیز :** سخت محنت کے کام، تھکن، تمباکو نوشی، تیز روشنی، دودھ سے بنی اشیا مثلاً پنیر وغیرہ، چاکلیٹ، انڈا، سنترہ، ساگ، کیلا، مرغ، مچھلی، شراب، کھٹے پھل، ٹماٹر، و سرخ گوشت وغیرہ سے پرہیز کریں۔قبض، جگر کی شکایات یا کچھ ورم بھی اسباب ہوتے ہیں۔اکثر مانع حمل دوائیں بھی اس مرض کا اسباب ہوتی ہیں۔

اس مرض میں متعینہ اوقات میں غذا و ناشتہ کا پابندی کے ساتھ لینا ضروری ہے۔چائے اور کافی کا اچانک ترک کردینا بھی اس مرض میں اضافہ کا سبب بنتا ہے۔شکر، صاف کئے ہوئے تیل سے بنی ہوئی اشیاء، چکنی غذائیں،



جانوروں کے دودھ اور گوشت سے بنی ہوئی اغذیہ، چاکلیٹ، شراب، سوڈا اور نمک سے پرہیز کریں۔پانی زیادہ مقدار میں پینا چاہئے۔ریشہ دار سبزیاں، مسلّم اناج اور پروٹین پیدا کرنے والی چیزیں زیادہ استعمال کریں۔

**پیکنگ :** ۳۰ اور ۶۰ کیپسول کا پیک۔

# NaturoZyme Capsule
# نیچروزائم کیپسول

**تفصیلات :** غذائی انزائم عملِ ہضم کی کنجی ہوتے ہیں۔یہ انزائم ہی ہوتے ہیں جو غذاء کو فعلِ ہضم کے دوران عملِ استحالہ ذریعہ خون میں شامل اور جذب ہونے کے قابل بناتے ہیں۔مختلف قسم کی غذاؤں کے ہضم و استحالہ کے لئے مختلف قسم کے انزائم کی ضرورت ہوتی ہے۔کاربوہائیڈریٹ، پروٹین اور چربی کو ہضم کرنے کے لئے اکثر انزائم ہمارے جسم کے اندر ہی پیدا ہوتے ہیں اور کچھ انزائم بذاتِ خود غذاؤں کے اندر موجود ہوتے ہیں۔یہاں قابلِ ذکر بات یہ ہے کہ اکثر ڈبّہ بند غذاؤں میں ان کو ہضم کرنے کے لئے ضروری انزائم ہوتے ہی نہیں ہیں۔مکمّل صحت کے لئے عملِ ہضم کا درست ہونا اشد ضروری ہے، کیونکہ نامکمل یا بے ترتیب ہاضمہ کی وجہ سے مختلف قسم کی بیماریاں جنم لے سکتی ہیں۔نامکمّل ہاضمہ کی وجہ سے کھائی گئی غذاء کی افادیت نہ صرف کم ہو جاتی ہے، بلکہ غیر ہضم شدہ غذائی اجزاء جسم میں جذب ہوکر مختلف قسم کی بیماریاں اور غذائی الرجی پیدا کرسکتے ہیں۔اسکے علاوہ جیسے جیسے عمر بڑھتی جاتی ہے، ہمارے جسم کی قدرتی انزائم پیدا کرنے کی صلاحیت بھی بتدریج کم ہوتی چلی جاتی ہے۔ذہنی تناؤ کی وجہ سے بھی آلاتِ ہضم کی جانب دورانِ خون کم ہوجاتا ہے، اور نتیجتاً انزائم کا ترشح بھی کم ہوجاتا ہے۔

نیچروزائم کیپسول نباتات سے اخذ کئے گئے تمام انزائم کا مکمّل مجموعہ ہیں، جو عملِ ہضم میں مکمّل طور پر معاون ثابت ہوتے ہیں۔یہ قیمتی انزائم کاربوہائڈریٹ، پروٹین اور چربی کا استحالہ کرکے جسم کے عملِ انجذاب کو بہتر طور پر انجام دینے میں مدد کرتے ہیں۔اس میں اسٹارچ، سیلولوز، لیکٹوز اور شکر موجود ہیں۔غذاؤں کو پکانے یا دیگر مصنوعی طریقوں سے تیار کرنے کے لئے دوران ضائع ہوجانے والے انزائم کی کمی بھی نیچروزائم کیپسول کے ذریعہ پوری ہوجاتی ہے۔

**اجزاء ترکیبی :** ۵۰۰ ملی گرام کیپسول میں شامل اجزاء:

| | | |
|---|---|---|
| فلفل سیاہ | Piper nigrum | ۲۶ ملی گرام |
| ہینگ | Ferula foetida | ۲۶ ملی گرام |
| نرکچور | Zingiber zerumbet | ۲۶ ملی گرام |
| بادیان | Foeniculum vulgare | ۳۴ ملی گرام |

| | | |
|---|---|---|
| الائچی خورد | Elettaria cardamomum | ۳۴ ملی گرام |
| ست پودینہ | Mentha arvensis | ۳۴ ملی گرام |
| پپیتہ خشک | Carica papaya | ۳۹ ملی گرام |
| پیپل کلاں | Piper longum | ۳۹ ملی گرام |
| زیرہ سفید | Cuminum cyminum | ۳۹ ملی گرام |
| گل نکھ | Calotropis gigantea | ۵۲ ملی گرام |
| زنجبیل | Zingiber officinale | ۵۲ ملی گرام |
| اجوائن دیسی | Trachyspermum ammi | ۹۹ ملی گرام |

**مواقع استعمال :** بدہضمی، پیٹ پھولنا، غذائی الرجی، نفخ، سینہ میں جلن اور آئی بی ایس۔

**موانع استعمال :** دورانِ حمل ورضاعت میں استعمال نہیں کرنا چاہئے۔

**مضر اثرات :** کوئی نہیں۔

**خوراک :** ایک یا دو کیپسول روزانہ دو بار غذاء کے ساتھ استعمال کرائیں۔

**غذا اور پرہیز :** جہاں تک ممکن ہوسکے خام غذائیں استعمال کریں۔ پھلوں وسبزیوں کے تازہ جوس جسم کو زہریلے اثرات سے پاک کرنے میں بہت مفید ہیں، اسکے علاوہ یہ انزائم اور غذائیت سے بھی بھرپور ہوتے ہیں۔ غذاؤں میں گاجر، چقندر اور سلاد استعمال کیا کریں، اور غذاؤں کو اچھی طرح چبا کر کھائیں۔

**پیکنگ :** ۳۰ اور ۶۰ کیپسول کا پیک۔

# Obelin Capsule
# اوبیلین کیپسول

**تفصیلات :** معاشی خوشحالی اور عالمی نظام کی توسیع کا صحت عامہ پر بڑا اثر پڑتا ہے۔ انڈین کاؤنسل آف میڈیکل ریسرچ (ICMR) کی ایک غیر مطبوعہ رپورٹ سے پتہ چلتا ہے کہ شہروں میں ۴۸ فیصد سے زائد مرد اور ۳۵ فیصد سے زائد خواتین موٹاپے کی شکار ہیں۔ جسم میں ضرورت سے زائد چربی بڑھ جانے سے موٹاپا پیدا ہوتا ہے جسکے نتیجہ میں عام صحت میں عدم توازن پیدا ہو جاتا ہے۔ جسم میں توانائی کی افزائش اور اسکے خرچ ہونے کے تناسب میں بگاڑ پیدا ہوتا ہے۔ عام طور پر موٹاپے کا تعلق شہروں میں امراضِ قلب کی کثرت، ہڈیوں کے اورام، ذیابیطس، ورم مفاصل، کینسر، بے خوابی اور خون کا دباؤ بڑھنے سے ہوتا ہے۔ یہ کہنا صحیح نہیں ہے کہ موٹاپا نوجوانوں کا ہی مسئلہ ہے کیونکہ یہ ہر عمر میں ہوسکتا ہے، یہ اور بات ہے کہ اسکی علامات عام طور پر اسکولی تعلیم کے زمانے میں ظاہر ہوتی ہے۔



'اوبیلین' ایسی جڑی بوٹیوں کا مرکب ہے جس کے استعمال سے جسم کو کسی قسم کا نقصان پہنچائے بغیر موٹاپا کم کرنے اور ہاضمہ درست کرنے وبھوک کو اعتدال پر رکھنے میں مدد ملتی ہے۔ یہ زائد چربی کو دھیرے دھیرے تحلیل کرتا ہے۔ آج کے زمانے میں لوگ خوراک کم کردیتے ہیں، لیکن یہ صحیح نہیں ہے بلکہ بعض اوقات یہ صحت کے لئے مضر ثابت ہوسکتا ہے۔

**اجزاء ترکیبی :** ۵۰۰ ملی گرام کیپسول میں شامل اجزاء:

| | | |
|---|---|---|
| کلتھی | Dolichos biflorus | ۴۰ ملی گرام |
| گل ارمنی | Armenian bole | ۴۰ ملی گرام |
| لک مغسول | Cateria lacca Purified | ۴۰ ملی گرام |
| سلاجیت | Asphaltum | ۴۰ ملی گرام |
| برنا چھال | Crataeva nurvula | ۴۰ ملی گرام |
| بادیان | Foeniculum vulgare | ۱۰۰ ملی گرام |
| اجوائن دیسی | Ptychotis ajowan | ۱۰۰ ملی گرام |
| زیرہ سیاہ | Carum carvi | ۱۰۰ ملی گرام |

**مواقع استعمال :** یہ دوا موٹاپے کو کم کرتی ہے، بھوک کو اعتدال پر لاتی ہے، چربی کو قابو میں رکھتی ہے اور کولسٹرول کو کنٹرول کرتی ہے۔

**موانع استعمال :** دوران حمل اور گردے خراب ہونے کی صورت میں اس کا استعمال ممنوع ہے۔

**مضر اثرات :** کوئی نہیں۔

**خوراک :** دو کیپسول روزانہ کھانے سے آدھا گھنٹہ پہلے ایک گلاس پانی کے ساتھ دیں۔ مقررہ خوراک کو زیادہ نہ بڑھائیں۔ بہتر نتائج کے لئے 'اوبیلین کیپسول' کم از کم پانچ سے چھ ماہ برابر استعمال کرانے چاہئیں۔ ہر انسان کی جسمانی ساخت مختلف ہوتی ہے اس لئے اس دوا کے فوائد بھی ہر انسان کو مختلف حاصل ہوتے ہیں۔

**غذا اور پرہیز :** کم چربی والی غذائیں لیں۔ ریشہ دار غذاؤں (کیلا، سنترہ، دلیہ، بغیر چھنے آٹے کی روٹی، راجماہ، شلغم، گاجر، شملہ مرچ، خوبانی) کا استعمال کریں۔ روزانہ کم سے کم آدھا گھنٹہ ورزش کریں۔ زیادہ نمک سے پرہیز کریں اور دن میں دو وقت غذاؤں کے بجائے چار پانچ مرتبہ میں تھوڑا تھوڑا کھانا کھائیں اور آٹھ بجے شب کے بعد تو کچھ نہ لیں۔ پھلوں اور سبزیوں کی مقدار کھانے میں زیادہ لیں۔ چاول، آلو، چاکلیٹ، شراب، آئس کریم، پنیر، مٹھائی اور مکھن سے بھی پرہیز کریں۔ چکنائی اترا ہوا دودھ استعمال کریں۔ ذہنی دباؤ اور فکر و پریشانی سے پرہیز کریں۔

**پیکنگ :** ۳۰ اور ۶۰ کیپسول کا پیک۔

# Oligo-S
# اولیگو۔ایس

**تفصیلات :** قلتِ منی کا مطلب ہے کہ منی کی مقدار میں نارمل سے کم کرم منی پیدا ہوں۔ایک مرتبہ میں کم سے کم ۳ ملی لیٹر منی نکلنا چاہیئے۔کرم منی کی نارمل مقدار 20 ملین فی ملی لیٹر سے 250 ملین فی ملی لیٹر تک ہوتی ہے۔۶۰ فیصد کرم منی کو اپنی ایک نارمل شکل، بناوٹ اور قوتِ حرکیہ رکھنا چاہیئے۔مردوں میں جنکے اندر 20 ملین فی ملی لیٹر سے کم کرم منی ہوں تو ایسی حالت کو قلت کرم منی کا مرض کہا جاتا ہے۔

حال ہی میں کی گئی تحقیقات سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ اس وقت اکثر مردوں میں قلت منی کی شکایت ہو رہی ہے۔ اولیگو-ایس ایسے اجزاء سے مل کر بنا ہے جو کرم منی کی مقدار کو بڑھاتے ہیں اور مزید یہ کہ بے اولا دلوگوں میں منی اور کرم منی کی افزائش کرتے ہیں اور جنسی کمزوریوں کو دور کرتے ہیں۔اسی طرح یہ دوا عام جسمانی کمزوری کو بھی دور کرتی ہے اور بدن کی حرارت میں بھی اضافہ کرتی ہے۔

**اجزاء ترکیبی :** ۵۰۰ گرام کیپسول میں شامل اجزاء:

| | | |
|---|---|---|
| عنبر | Ambra grasea | ۱۰ ملی گرام |
| زعفران | Crocus sativus | ۱۰ ملی گرام |
| عاقر قرحا | Anacyclus pyrethrum | ۲۵ ملی گرام |
| ہالوں | Lepidium sativum | ۲۵ ملی گرام |
| اندر جو شیریں | Wrightia tinctoria | ۲۵ ملی گرام |
| شقاقل مصری | Pastinaca sativa | ۲۵ ملی گرام |
| تخم انٹگن | Blepharis edulis | ۲۵ ملی گرام |
| تخم سمبھالو | Vitex negundo | ۲۵ ملی گرام |
| موصلی سفید | Chlorophytum arundinaceum | ۵۰ ملی گرام |
| موصلی سیاہ | Curculigo orchioides | ۵۰ ملی گرام |
| سنگھاڑا | Trapa bispinosa | ۵۰ ملی گرام |
| ثعلب مصری | Orchis latifolia | ۵۰ ملی گرام |
| جوہر خصیہ | Goat's Testis Powder | ۱۳۰ ملی گرام |

**مواقع استعمال :** قلتِ منی، عمومی کمزوری، بانجھ پن، کرم منی کی قوتِ حرکیہ میں کمی، جنسی کمزوری اور کرم منی کی غیر معتدل ترکیب۔

**موانع استعمال :** کوئی نہیں۔



**مضر اثرات :** کوئی نہیں۔

**خــوراک :** دو۔دو کیپسول دن میں دو بار ایک گلاس دودھ کے ساتھ دیں اور تین چار ماہ تک برابر اس کا استعمال جاری رکھیں۔

**غذا اور پرہیز :** تنگ کپڑے نہ پہنیں اور نہ ہی گرم پانی سے نہائیں کیونکہ خصیتین گرم ہو جاتے ہیں اور کرم منی کم بننے لگتے ہیں۔تمباکو نوشی، نشیلی دوائیں، شراب، کیفین اور ذہنی دباؤ بھی بعض اوقات بانجھ پن پیدا کرتے ہیں۔تولیدی اعضاء ماحولیات کو مسموم بنانے والی چیزوں مثلاً جر ثیم کش اور کیڑے مار ادویہ، سیسہ سے بنی ہوئی اشیاء اور بھاری دھاتوں کے استعمال سے بہت زیادہ اثر قبول کرتے ہیں۔

غذا اور طرز زندگی کی تبدیلی بھی حمل کے قیام میں معاون ہوتی ہے۔لال گوشت اور دودھ سے بنی ہوئی چیزیں اپنے اندر امینو ایسڈ کی خاصی مقدار رکھتے ہیں جن میں کرم منی میں قوت حرکیہ بڑھانے کی خاصیت ہوتی ہے۔کستورا مچھلی (Oyster)، سارڈین مچھلی، پیاز اور چھوٹی الائچی وغیرہ اس میں بہت مفید ہیں۔

**پیکنگ :** ۲۸ کیپسول کا پیک۔

# Osto-P
# اوسٹو-پی

**تفصیلات :** آسٹیوپوروسز (ہڈیوں کا چھدرا پن) کی وجہ سے ہڈیاں اس قدر کمزور اور نازک ہو جاتی ہیں کہ صرف معمولی طور پر جھکنے، کوئی بھاری چیز اٹھانے یا صرف کھانسنے سے ہی اکثر فریکچر ہو جاتا ہے۔اس مرض میں ہڈیاں دھیرے دھیرے کھوکھلا ہونے لگتی ہیں۔بعض اوقات جسم میں کیلشیم، فاسفورس اور دوسرے معدنیات کی مقدار کم ہونے سے ہڈیاں کمزور ہو جاتی ہیں۔عام طور پر ہڈیوں کا مادّہ عمر کے حساب سے کمزور ہونے لگتا ہے، بالغوں میں شاید 0.7 فیصد ہر سال ہوتا ہے۔بندشِ حیض کے بعد عورتوں میں ہڈیاں زیادہ کمزور ہونے لگتی ہیں (پانچ سال میں 2-5% ہر سال)۔اسی عمر میں مردوں کو ایسی شکایت کم ہوتی ہے۔بندشِ حیض خواتین میں خاص طور سے اس بیماری کا ظاہری سبب ہوتا ہے۔۵۰ فیصد ۴۵ سے ۷۵ سال کی عمر کی عورتوں میں یہ مرض لاحق ہوتا ہے جس میں سے 30 فیصد شدید ہوتا ہے۔

اوسٹو-پی ایک عجیب وغریب نباتی فارمولہ ہے جو ہڈیوں کی بناوٹ اور اسکے گھنے پن کو استوار و مضبوط بناتی ہے اور ہڈیوں میں انحطاط اور فریکچر ہونے کے امکانات کو کم کرتی ہے۔اوسٹو-پی چونکہ قدرتی کیلشیم کا ذریعہ ہے، اس لئے خون میں ضرورت سے زائد اسکی مقدار نہیں ہونے دیتی اور اس طرح یہ پیشاب کی نالیوں میں کیلشیم کے سنگ ریزوں کے جمع ہونے سے روکتی ہے اور مختلف معدنیات کے اجتماع کو بغیر کسی مضر ردِّ عمل کے متوازن رکھتی ہے۔

**اجزاء ترکیبی :** ۵۰۰ گرام کیپسول میں شامل اجزاء:

| | | |
|---|---|---|
| کشتۂ صدف | Cypraea moneta Calcined | ۷۵ ملی گرام |
| کشتۂ گاؤدنتی | Gypsum Calcined | ۷۵ ملی گرام |
| فلفل دراز | Piper longum Extract | ۷۵ ملی گرام |
| کچلہ مدبر | Strychnos Nux-vomica | ۷۵ ملی گرام |
| سلاجیت | Asphaltum | ۱۰۰ ملی گرام |
| اسگندھ | Withania somnifera Extract | ۱۰۰ ملی گرام |

**مواقع استعمال :** خواتین میں بندشِ حیض کے بعد واقع ہونے والے آسٹیوپوروسز، عورتوں اور مردوں میں بڑھاپے کی وجہ سے آسٹیوپوروسز، حمل کے بعد آسٹیوپوروسز، کسی دوا کی وجہ سے آسٹیوپوروسز اور ہڈیوں کا فریکچر۔

**موانع استعمال :** کوئی نہیں۔

**مضر اثرات :** کوئی نہیں۔

**خوراک :** دو۔دو کیپسول دن میں دو بار غذا کے بعد دیں۔

**غذا اور پرہیز :** سگریٹ نوشی، کثرت شراب، کولا مشروبات اور کیفین سے پرہیز ضروری ہے۔ چینی، پیسٹری، ہلکے کولا مشروبات، شراب، ڈبل روٹی، مٹھائی اور آئس کینڈی کیلشیم کو جسم سے خارج کر دیتی ہیں۔ نمک کا زیادہ استعمال بھی جسم میں کیلشیم کی کمی کو بڑھاتا ہے۔

کیلشیم اور وٹامن ڈی کا استعمال اور جسمانی ورزش کا اہتمام زیادہ کریں۔ جن چیزوں میں کیلشیم زیادہ ہوتا ہے اُن میں دودھ، پنیر، دہی، سارڈین، سالمن مچھلی، میوے خاص طور پر بادام، خوب ہری سبزیاں، بیکڈ بینس اور بروکلی وغیرہ شامل ہیں۔ وٹامن ڈی انڈے اور کلیجی میں زیادہ ہوتا ہے۔ ہفتہ میں دو تین بار پندرہ منٹ تک دھوپ میں گزارنا بھی نفع بخش ہے۔ ہفتہ میں کم از کم تین بار بیس منٹ تک ضرور ورزش کریں۔

**پیکنگ :** ۳۰ اور ۶۰ کیپسول کا پیک۔

# Pearl Calcium Capsules
# پرل کیلشیم کیپسول

**تفصیلات :** اس میں قدرتی کیلشیم (۳۸ سے ۴۵ فیصد) پائی جاتی ہے جو صحت مند ہڈیوں اور مضبوط دانتوں کے لئے ضروری ہے۔ یہ آسٹیوپوروسز (ہڈیوں کا چھدرا پن) میں بھی مفید ہے اور خون میں کولسٹرول کی مقدار کو بھی کنٹرول کرتا ہے۔ اسی طرح اعصاب، عضلات، نظام ہضم، عضلات قلب اور نیند لانے میں بھی معاون ہے۔ بچوں کی نشو نما، ہڈیوں کی مضبوطی، دوران رضاعت، فریکچر کو جلد ٹھیک کرنے اور کیلشیم کی کمی میں مفید ہے۔

**اجزاء ترکیبی :** ۵۰۰ ملی گرام کیپسول میں شامل اجزاء:



| | | |
|---|---|---|
| کشتۂ صدف | Cypraea moneta Calcined | ۵۰۰ ملی گرام |

**مواقع استعمال :** آسٹیوپوروسز، خواتین میں بندشِ حیض کے بعد ہڈیوں میں آسٹیوپوروسز، فریکچر اور کیلشیم کی کمی۔

**موانع استعمال :** گردے کی پتھری کے مریض، خون یا پیشاب میں کیلشیم کی زائد مقدار ہونے یا تھائرائڈ بڑھنے میں اور گردوں کی دیگر کمزوریوں میں اس کا استعمال مناسب نہیں ہے۔

**مضر اثرات :** کوئی نہیں۔

**خوراک :** دن میں دو بار ایک۔ایک کیپسول پانی کے ساتھ دیں۔ دوران حمل و رضاعت دو کیپسول دن میں تین بار دینا چاہئے۔

**غذا اور پرہیز :** سگریٹ نوشی، کثرت شراب، کولا مشروبات اور کیفین سے پرہیز ضروری ہے۔ چینی، پیسٹری، ہلکے کولا مشروبات، شراب، ڈبل روٹی، مٹھائی اور آئس کینڈی کیلشیم کو جسم سے خارج کر دیتی ہیں۔ نمک کا زیادہ استعمال بھی جسم میں کیلشیم کی کمی کو بڑھاتا ہے۔ جن چیزوں میں کیلشیم زیادہ ہوتا ہے اُن میں دودھ، پنیر، دہی، سارڈین، سالمن مچھلی، میوے خاص طور پر بادام، خوب ہری سبزیاں، بیکڈ بینس اور بروکلی وغیرہ شامل ہیں۔

**پیکنگ :** ۳۰ اور ۶۰ کیپسول کا پیک۔

# P N ile Capsules
# پی نائل کیپسول

**تفصیلات :** مردوں میں قضیب کے سائز کا مسئلہ زیادہ قابل توجہ ہوتا ہے حالانکہ اکثر شریک زندگی کا یہی کہنا ہوتا ہے کہ سائز کا مسئلہ کوئی اہم نہیں ہے لیکن پھر بھی مردوں کے لئے یہ ایک اہم مسئلہ ضرور ہے۔ شخصی تحقیقات سے یہ پتہ چلتا ہے کہ طویل قضیب خواتین میں نشاط کا زیادہ باعث ہوتا ہے اور ان کی جنسی خواہشات میں کیف آور ہوتا ہے۔ طویل قضیب نسوانی جنسی اعضاء میں زیادہ دور تک پہنچ کر لذت آفرینی اور جنسی تسکین پہنچا سکتا ہے۔

پی نائل کیپسول قضیب کو ضروری تغذیہ پہنچاتا ہے اور اسے طویل اور موٹا بنانے کے ساتھ ساتھ صحت مند بھی بناتا ہے۔ یہ دوا قضیب کو فطری طور پر طویل بنانے والی ہے جو اس میں دوران اور ایستادگی کو بڑھاتی ہے اور بوقت ضرورت اسے زیادہ سخت اور طویل بناتی ہے۔ اس طرح یہ زیادہ سے زیادہ جنسی تسکین پہنچاتی ہے۔ یہ دوا قدرتی ہے اور ہر طرح کے مضر اثرات سے محفوظ ہے۔

**اجزاء ترکیبی :** ۵۰۰ ملی گرام کیپسول میں شامل اجزاء:

| | | |
|---|---|---|
| اسگندھ | Withania somnifera Ext. | ۱۲۵ ملی گرام |
| جئی | Avena sativa Ext. | ۱۲۵ ملی گرام |
| برہمی بوٹی | Centella asiatica Ext. | ۱۲۵ ملی گرام |

| | | |
|---|---|---|
| تخم کونچ | Mucuna pruriens Ext. | ۱۲۵ ملی گرام |

**مواقع استعمال :** قوت رجولیت کی کمی، ایستادگی کے باقی رہنے میں کمی، نامکمل ایستادگی اور قضیب کی کوتاہی۔

**موانع استعمال :** کوئی نہیں۔

**مضر اثرات :** کوئی نہیں۔

**خوراک :** دو۔دو کیپسول دن میں دو بار غذا کے ساتھ دیں۔قضیب کی بہتری اور توانائی کے لئے ہم اسے کم سے کم چھ ماہ تک استعمال کرنے کی صلاح دیتے ہیں۔اچھے نتائج کے لئے اسے پی نائل آئیل کے ساتھ استعمال کرائیں۔

**غذا اور پرہیز :** مردوں کے لئے سب سے زیادہ خراب چیز سگریٹ نوشی ہے جو قضیب کو سکیڑ دیتی ہے اور عام صحت کو بھی متاثر کرتی ہے۔کثرتِ شراب نوشی بھی یہی حالت پیدا کرتی ہے۔شراب نامردی پیدا کرتی تو ہے ہی لیکن عام جسمانی وزن کو بھی بڑھاتی ہے۔اس طرح بدن کے زیادہ بھاری ہونے سے قضیب اکثر جسم کے اندر ''چھپ جاتا'' ہے۔جن لوگوں کا پیٹ زیادہ بڑھا ہوا ہوتا ہے ان کا قضیب بھی اتنا ہی چھوٹا ہوتا ہے۔
بدن کو صحت بخش غذا پہنچائی جائے۔جسم کو ہلکا کرنے والی اچھی صحت بخش غذا سے جس میں وٹامن ای شامل ہو قضیب کو موزوں ترین بنایا جاسکتا ہے جو افزائش نسل کیلئے بھی مفید ہے۔وٹامن ای گوشت، انڈے کی زردی، مکھن، دودھ، اناج، ویٹ جرم اور ہری سبزیوں میں پایا جاتا ہے۔کیلے میں وٹامن زیادہ مقدار میں ہوتا ہے۔نوجوان مردوں میں وٹامن جنسی اعضاء میں بہوتری، صحت مند کرم منی کی تولید میں اضافہ کرتا ہے اور وٹامن۔ای جسم میں دوران خون کو تیز کرتا ہے۔

**پیکنگ :** ۳۰ اور ۶۰ کیپسول کا پیک۔

# Power-Gen Capsules

# پاور-جین کیپسول

**تفصیلات** ذکر کی غیر ایستادگی جسے عام طور سے نامردی کہا جاتا ہے کا مطلب یہ ہے کہ مرد کے اعضاء تناسل میں اتنی سختی نہ ہو یا وہ سختی اتنی دیر پا نہ ہو جس سے وہ جنسی مباشرت، انزال یا دونوں کر سکے۔جنسی خواہش اور برانگیختگی کی صلاحیت میں کمی کا ہونا ضروری نہیں۔چونکہ عام طور سے تمام مردوں کو گاہے بگاہے ایستادگی میں کمی کا سامنا کرنا پڑتا ہے اس لئے اگر کسی شخص کی جنسی مباشرت میں ناکامی کا اوسط 25% تک ہوتا ہے تو ڈاکٹر اسے نامردی سے تعبیر کرتے ہیں۔نامردگی طبی دنیا میں انسانی مسائل میں کوئی نیا مسئلہ نہیں ہے لیکن لوگ اس کا ذکر کھلے طور سے یا آسانی سے نہیں کرتے۔چونکہ مرد اپنی مردانگی کے بارے میں باتیں کرنا خلاف تہذیب سمجھتے ہیں اس لئے بہت سے لوگ اس کے طبی علاج سے کتراتے ہیں جب کہ بیشتر حالات میں طبی علاج ان کے لئے سودمند ثابت ہوسکتا ہے۔نامردگی کے لئے انگریزی کا لفظ امپوٹنس لاطینی زبان سے لیا گیا ہے جس کے معنی ہیں طاقت کا ضیاع۔



پاور۔جن کیپسول جڑی بوٹیوں اور دھاتوں سے تیار کیا گیا ایک ایسا مرکب ہے جو کھوئی ہوئی طاقت کو بحال کرتا ہے اور مردانہ قوت کو بڑھاتا ہے۔یہ نامردگی کے علاج میں بھی انتہائی مفید ہے۔اسے جوان اور بوڑھے دونوں طور تک کے استعمال کرسکتے ہیں۔پاور۔جن کیپسول کا کوئی مضر اثر مرتب نہیں ہوتا اور اسے طویل مدت تک استعمال کرایا جاسکتا ہے۔

**اجزاء ترکیبی :** ۵۰۰ ملی گرام کیپسول میں شامل اجزاء:

| | | |
|---|---|---|
| عنبر | Ambra grasea | ۱.۵ ملی گرام |
| زعفران | Crocus sativus | ۱.۵ ملی گرام |
| طباشیر | Bambusa bambos | ۸.۵ ملی گرام |
| کشتہ مرگانگ | Unani Compound | ۱۰ ملی گرام |
| اسگندھ | Withania somnifera | ۱۰ ملی گرام |
| خراطین | Pheretima Sp. | ۱۰ ملی گرام |
| بہمن سفید | Centaurea behen | ۱۰ ملی گرام |
| شقاقل مصری | Pastinaca sativa | ۱۰ ملی گرام |
| کشتہ خبث الحدید | Ferroso-Ferric Oxide | ۱۰.۵ ملی گرام |
| اجوائن خراسانی | Hyoscyamus niger | ۱۲.۵ ملی گرام |
| فلفل دراز | Piper longum | ۱۲.۵ ملی گرام |
| تخم گزر | Daucus carota | ۱۲.۵ ملی گرام |
| موصلی سفید | Chlorophytum arundinaceum | ۱۲.۵ ملی گرام |
| خصیہ بز | Goat's Testicle Powder | ۱۳ ملی گرام |
| ناگ کیسر | Mesua ferrea | ۱۴.۵ ملی گرام |
| کچلہ مدبّر | Nux-Vomica Detoxified | ۱۴.۵ ملی گرام |
| عاقرقرحا | Anacyclus pyrethrum | ۱۵.۵ ملی گرام |
| تخم پیاز | Allium cepa | ۱۶ ملی گرام |
| زنجبیل | Zingiber officinale | ۲۰ ملی گرام |
| ثعلب مصری | Orchis latifolia | ۲۲.۵ ملی گرام |
| سلاجیت | Asphaltum | ۲۶ ملی گرام |
| خولنجان | Alpinia galangal | ۴۳ ملی گرام |
| ماہی روبیاں | Palemon curtinus | ۵۷ ملی گرام |
| تخم کونچ | Mucuna pruriens | ۱۳۶ ملی گرام |

**مواقع استعمال :** جنسی خواہش میں کمی، جماع کے بعد کی تھکاوٹ، نامردگی، طاقت و جوش میں کمی، سستی،

ناقص ایستادگی، مادہ منویہ میں کمی، جنسی بے رغبتی، مباشرت کے وقت ایستادگی کا ختم ہو جانا اور عام سستی۔

**موانع استعمال :** کوئی نہیں۔

**مضر اثرات :** کوئی نہیں۔

**خوراک :** ۲-۲ کیپسول صبح و رات کو دودھ سے استعمال کرائیں۔

**غذا اور پرھیز :** زیادہ الکحل سے پرہیز کریں کیوں کہ یہ جنسی خواہش کو کم کرتا ہے، ایستادگی میں ضعف پیدا کرتا ہے اور اعصابی ہیجان کے تسلسل میں مداخلت کرتا ہے جس سے ذکر میں ایستادگی ہوتی ہے۔ اگر آپ کے بدن میں موٹاپا ہو تو اپنا وزن کم کریں۔ موٹاپے سے ہارمون کا توازن خراب ہو جاتا ہے اور دوران خون میں مداخلت کی وجہ سے نامردگی بھی ہوسکتی ہے۔ مستقل ورزش اور مناسب خوراک مردوں کے ہارمون کی سطح برقرار رکھتی ہے، خون کے بہاؤ میں بہتری پیدا کرتی ہے اور موڈ کو بہتر بناتی ہے جو جنسی عمل میں بہت ہی کلیدی کردار ادا کرتا ہے۔ تکوین دوران خون پر اثر انداز ہوتا ہے، اسی لئے سگریٹ نوشی صحیح ایستادگی کے خطرہ کو بڑھاتی ہے۔

**پیکنگ :** ۵۰ کیپسول کا پیک۔

## Pressure-Eaze Capsules

## پریشر-ایز کیپسول

**تفصیلات** اگر بلڈ پریشر 140/90 mmHg یا اس سے زیادہ ہو تو اسے ہائی بلڈ پریشر سمجھا جاتا ہے۔ یہ دونوں نمبر اہم ہیں۔ اگر ان میں سے ایک ہی یا دونوں بڑھے ہوں تو اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ کو ہائی بلڈ پریشر یا ہائی پرٹینشن ہے۔ ایک حالیہ سروے کے مطابق ہر تین بالغ شخص میں سے ایک شخص ہائی بلڈ پریشر کا مریض ہے، لیکن چونکہ ان کی علامات ظاہر نہیں ہوتیں اس لئے ایک تہائی افراد کو اس بات کا علم ہی نہیں ہوتا کہ انہیں یہ مرض بھی ہے۔ حقیقت تو یہ ہے کہ بہت سے لوگ سالہا سال سے اس مرض میں مبتلا ہوتے ہیں لیکن پھر بھی وہ اس سے لاعلم ہوتے ہیں۔ اگر ہائی بلڈ پریشر پر کنٹرول نہ کیا جائے تو اس کے نتیجہ میں فالج، دل کا دورہ، دل کی حرکت بند ہونا اور گردے کا فیل ہونا بھی ہوسکتا ہے۔ اسی وجہ سے ہائی بلڈ پریشر کو 'خاموش قاتل' بھی کہا جاتا ہے۔ صرف بلڈ پریشر چیک کرنے سے ہی پتہ چلتا ہے کہ آپ کو ہائی بلڈ پریشر ہے یا نہیں۔

ہائی پرٹینشن موجودہ دور کی بیماری ہے۔ تیز رفتار زندگی اور روز افزوں صنعتی تقاضے اور میٹرو پولیٹن ماحول کو زندگی کے ذہنی اور جسمانی دباؤ نے ہائی بلڈ پریشر کے اضافے میں نمایاں کردار ادا کیا ہے۔ عام طور سے ہائی پرٹینشن کی پہلی نشانی یہ ہوتی ہے کہ صبح بیدار ہونے کے بعد سر کے پچھلے حصے اور گردن میں درد ہوتا ہے جو جلد ہی ختم بھی ہو جاتا ہے۔ اس مرض کی کچھ اور عام علامات ہیں سر چکرانا، دل کی دھڑکن، دل کے آس پاس درد ہونا، بار بار پیشاب آنا، اعصابی تناؤ، تھکاوٹ اور سانس لینے میں دشواری۔ ہائی بلڈ پریشر کی سب سے بڑی وجہ ذہنی تناؤ اور غلط طرز زندگی



ہوتی ہے۔ سگریٹ اور نشہ آور چیزوں کا بکثرت استعمال، چائے، کافی اور لطیف غذائیں زندگی کے طبعی تقاضوں کو تباہ کر دیتے ہیں نیز جسم سے فضلات اور دیگر زہریلے مواد کے اخراج میں رکاوٹ پیدا کرتے ہیں۔ اس کے علاوہ رگوں کی سختی، موٹاپا اور ذیابیطس سے بھی ہائی بلڈ پریشر ہو جاتا ہے۔ ہائی بلڈ پریشر کے دیگر اسباب میں نمک کا زیادہ استعمال، روغن کھانے اور کم فائبر والی غذاؤں کا استعمال ہے۔

پریشر-ایز کیپسول بلڈ پریشر کو توازن اور اعتدال میں رکھتا ہے اور ان عوامل کی بھی بیخ کنی کرتا ہے جو اس کے اصل سبب ہیں۔ پریشر-ایز کیپسول کے کچھ اجزاء خاص طور سے خون کی ان رگوں کو استوار کرتے ہیں جو سکڑ جاتی ہیں جب کہ دوسرے اجزاء دل کے ذریعہ خون کی سپلائی کو بہتر بنانے میں مدد کرتے ہیں اور عروق میں رکاوٹیں بننے سے روکتے ہیں۔ پریشر-ایز کیپسول ذہنی دباؤ کو دور کرتا ہے اور جسم کے اندر بیماریوں سے لڑنے کی صلاحیت پیدا کرتا ہے۔

**اجزاء ترکیبی :** ۵۰۰ ملی گرام کیپسول میں شامل اجزاء:

| | | |
|---|---|---|
| کہربا | Succinum | ۵۰ ملی گرام |
| گل سرخ | Rosa damascena | ۱۰۰ ملی گرام |
| الائچی خورد | Elettaria cardamomum | ۱۰۰ ملی گرام |
| صندل سفید | Santalum album | ۱۰۰ ملی گرام |
| اسرول | Rauwolfia serpentina | ۱۵۰ ملی گرام |

**مواقع استعمال :** ہائی بلڈ پریشر، نیند نہ آنا، ذہنی دباؤ اور فکر و پریشانی۔

**موانع استعمال :** کوئی نہیں۔

**مضر اثرات :** کوئی نہیں۔

**خوراک :** ایک کیپسول رات کو سوتے وقت پانی سے استعمال کرائیں۔ متعین خوراک سے زیادہ نہ دیں۔

**غذا اور پرھیز :** کیلشیم بلڈ پریشر کو کم کرنے میں بہت اہم کردار ادا کرتا ہے۔ چونکہ یہ پیشاب آور ہوتا ہے اس لئے یہ گردے میں سوڈیم اور پانی خارج کرنے میں مدد کرتا ہے۔ اسی بات کے مدنظر کچھ محققین کا کہنا ہے کہ کچھ حالات میں بلڈ پریشر کی وجہ کیلشیم کی کمی ہوتی ہے نہ کہ سوڈیم کی زیادتی۔ قدرتی کیلشیم ڈیری مصنوعات (جن میں روغنی مواد کم سے کم ہوں)، ہری اور پتّی والی سبزیاں، بروکلی، شلجم، ہڈیوں کے ساتھ ڈبہ بند سالمن اور سرڈین مچھلیاں، خشک انجیر اور چنا میں ہوتا ہے۔ زیادہ سے زیادہ پھل اور سبزیاں کھائیں جیسے سیب، موصلی، کیلا، بند گوبھی، گاجر، بینگن، لہسن، چکوترا، خربوزہ، پیاز، مٹر، کشمش، رس بھری، ٹماٹر، کدو اور شکر قند۔ تازہ جوس کو اپنی غذا میں شامل کریں۔ مندرجہ ذیل جوس صحت مند ہوتے ہیں: چقندر، گاجر اور اجمود، کشمش، کھٹے پھل، پالک اور تربوز۔ بھورہ چاول اور جئی وغیرہ کا استعمال کریں۔

ہر قسم کے جانوروں کی چکنائی سے پرہیز کریں۔ بیف، مرغ کا جگر، سؤر کا گوشت، دھوئیں سے گلائے ہوئے اور مصنوعی گوشت سے بھی پرہیز کریں۔ جانوروں کے گوشت میں صرف بھنی ہوئی سفید مچھلیاں، بغیر کھال کے ٹرکی

اورمرغی کھانا چاہیے اور وہ بھی اعتدال کے ساتھ ہی قابل قبول ہیں۔ ان کے بجائے پروٹین کو سبزیوں، اناج اور پھلیوں کے ذرائع سے حاصل کریں۔ پرانا پنیرو گوشت، چاکلیٹ، کھٹی کریم، شراب، دہی، کافین اور تمباکو سے پرہیز کریں۔

صحت مند وزن برقرار رکھ کر آپ ہائی بلڈ پریشر کو روک سکتے ہیں۔ اگر وزن بڑھ گیا ہے تو اپنا وزن کم کریں۔ زیادہ ورزش اور کم نمک کا کھانا کھانے سے بھی بلڈ پریشر کو برقرار رکھنے میں مدد مل سکتی ہے۔

**پیکنگ :** ۲۸ کیپسول کا پیک۔

# Prostate-BH
# پروسٹیٹ۔ بی ایچ

**تفصیلات :** ایک مرد کی عمر جوں جوں بڑھتی ہے اس کا پروسٹیٹ گلینڈ بھی اسی حساب سے بڑھتا ہے۔ ڈاکٹر اس صورت حال کو 'بنائن پروسٹیٹک ہائپر پلیشیا (بی پی ایچ) یا بنائن پروسٹیٹک ہائپرٹرافی' کہتے ہیں۔ WHO کے مطابق مردوں میں پچاس سال سے زائد عمر کے تقریباً 50% لوگ بی پی ایچ کے مریض ہوتے ہیں اور ۸۵ سال سے زائد عمر کے تقریباً 90% لوگ بی پی ایچ کے مریض ہوتے ہیں۔ اس مرض کی علامات ہوتی ہیں بار بار پیشاب آنا، مثانے کو خالی نہ کر پانا، غیر اختیاری طور پر پیشاب آنا، پیشاب مشکل سے ہونا، رک رک کے تکلیف کے ساتھ پیشاب ہونا، یہاں تک کہ رات کو بستر پر پیشاب کر دینا۔ مرد کی بلوغت کے ساتھ اس کا پروسٹیٹ بڑھوتری کے دو بڑے مرحلوں سے گذرتا ہے۔ پہلی بار بلوغت کے شروع ہوتے ہی جب پروسٹیٹ کا حجم دوگنا ہو جاتا ہے۔ پھر جب اس کی عمر 25 سال کی ہو جاتی ہے تو اس پروسٹیٹ میں دوبارہ بڑھوتری ہوتی ہے۔ اس دوبارہ بڑھوتری کا نتیجہ کبھی کبھی تو سالہا سال کے بعد بی پی ایچ کی صورت میں نکلتا ہے۔ ایک مرد کی زندگی کے بیشتر حصوں میں یہ پروسٹیٹ مسلسل بڑھتا رہتا ہے لیکن اس بڑھوتری سے صرف آخیر عمر ہی میں مشکلات پیدا ہوتی ہیں۔ بی پی ایچ کی علامات چالیس سال کی عمر سے پیشتر شاذ و نادر ہی ظاہر ہوتی ہیں۔

جب پروسٹیٹ بڑھنے لگتے ہیں تو اس کے گرد نسیجوں کی تہہ اس کو بڑھنے سے روکتی ہے جس کی وجہ سے پروسٹیٹ پیشاب کی نالی کو اس طرح دباتا ہے جیسے کوئی کلیمپ پائپ کو دباتا ہے جس کی وجہ سے مثانے کی دیوار موٹی اور تکلیف دہ بن جاتی ہے۔ اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ تھوڑا سا پیشاب بنتے ہی مثانہ سکڑ جاتا ہے اور بار بار پیشاب کرنے کی ضرورت درپیش ہوتی ہے۔ نتیجتاً مثانہ اس قدر کمزور ہو جاتا ہے کہ اپنے آپ کو پوری طرح خالی بھی نہیں کر پاتا۔ مثانہ میں پیشاب باقی رہ جاتا ہے۔ نالی کا تنگ ہو جانا اور پھر مثانہ کا جزئی طور سے خالی ہونا بی پی ایچ سے وابستہ بہت ساری مشکلات پیدا کر دیتا ہے۔ بہت سے لوگ پروسٹیٹ غدے کا ذکر کرنے سے اس لئے گھبراتے ہیں کہ یہ غدہ جنس اور پیشاب دونوں میں انتہائی اہم کردار ادا کرتا ہے۔ واقعہ جو بھی ہو حقیقت یہ ہے کہ



پروسٹیٹ کا بڑھنا بڑھتی ہوئی عمر کا اتنا ہی لازمی جز ہے جتنا کہ بال کا سفید ہونا۔ جتنی عمر بڑھتی ہے اتنا ہی بی پی ایچ کے امکانات بھی بڑھتے ہیں۔

پروسٹیٹ۔ بی ایچ ایک جامع نباتی مرکب ہے جس میں ان مجرب جڑی بوٹیوں کو شامل کیا گیا ہے جو بی پی ایچ کے علاج میں انتہائی مفید ہیں۔ یہ پروسٹیٹ کو بڑھنے سے روکتی ہے اور پیشاب کھل کر لاتی ہے۔

**اجزاء ترکیبی :** ۵۰۰ ملی گرام کیپسول میں شامل اجزاء:

| | | |
|---|---|---|
| تخم کاہو | Lactuca sativa | ۷۵ ملی گرام |
| ورن چھال | Crataeva nurvula | ۷۵ ملی گرام |
| تخم خیارین | Cucumis sativus | ۱۰۰ ملی گرام |
| مغز بنولہ | Gossypium herbacium | ۱۰۰ ملی گرام |
| گوکھرو خورد | Tribulus terrestris | ۱۵۰ ملی گرام |

**مواقع استعمال :** بنائن پروسٹیٹک ہائپرٹرافی (بی پی ایچ)۔

**موانع استعمال :** کوئی نہیں۔

**مضر اثرات :** کوئی نہیں۔

**خوراک :** دو۔ دو کیپسول دن میں دو بار پانی سے استعمال کرائیں۔

**غذا اور پرہیز :** گو کہ آپ پروسٹیٹ کو بڑھنے سے روک نہیں سکتے آپ اسے کم کرنے کی تدابیر اختیار کر سکتے ہیں۔ شام کو سیال چیزیں نہ لیں خاص طور سے شراب اور کیفین پر مشتمل مشروبات۔ ان دونوں چیزوں کے استعمال میں کمی سے رات کو پیشاب کے لئے بار بار اٹھنے میں کمی ہوگی۔ اس کے علاوہ شراب کی زیادتی مثانے اور پروسٹیٹ میں تکلیف کا باعث بن سکتی ہے۔ اپنے ڈاکٹر سے کہیں کہ وہ ان دواؤں کو بدل دے یا بند کر دے جن سے آپ کی اس پریشانی میں اضافہ ہو رہا ہے۔ ان دواؤں میں دافع ہسٹامین، مدر بول، انجماد کو کھولنے والی، دافع تشنج، مسکن اور اعصابی تناؤ کو کم کرنے والی کچھ دوائیں شامل ہیں۔ یہ دوائیں مثانے کے اعصاب کو کمزور بنا سکتی ہیں یا پروسٹیٹ کے منہ کو تنگ کر سکتی ہیں۔ جب بھی پیشاب کی حاجت محسوس ہو فوراً کر لیں اور آرام سے بیٹھ کے مثانہ کو پوری طرح خالی کریں۔ بروکلی، گوبھی، شلغم، بند گوبھی وغیرہ، گاجر اور کدو زیادہ کھائیں۔ روزانہ سبزیوں کا جوس پیئیں۔ اپنے پروسٹیٹ کو قوت دینے کے لئے وہ کھانے جن میں جست ہو روزانہ دیں جیسے سمندر سے حاصل کیا ہوا کھانا، پالک، سورج مکھی کے بیج، اناج اور خاص طور سے کدو کے بیج۔ سیب اور بیریس کو بھی اپنی غذا میں شامل کریں۔ دودھ یا دودھ سے بنی چیزوں سے پرہیز کریں۔

**پیکنگ :** ۳۰ اور ۶۰ کیپسول کا پیک۔

# Pyleena Capsules
# پائیلینا کیپسول

**تفصیلات :** مقعد یں یا اسکے ارد گرد کچھ خون سے بھری لمبی نسیں ہوتی ہیں جو پھول کر مسوں کی شکل اختیار کر لیتی ہیں جسے بواسیری مرض کہتے ہیں۔ بعض حالات میں یہ مسے مقعد کے اندرونی حصہ میں ہوتے ہیں اور اجابت کے دوران خون آتا ہے۔ اس لئے اسے خونی بواسیر کہتے ہیں۔ بعض لوگوں میں یہ بیرونی حصہ میں دکھائی دیتے ہیں اور ایک قسم کا ہلکا بوجھ سا لٹکا ہوا بھی محسوس ہوتا ہے۔ اس لئے اسے بادی بواسیر کہتے ہیں کیونکہ انمیں خون نہیں نکلتا۔ ان مسوں میں کھجلی اور کبھی کبھی درد کی شکایت رہتی ہے۔ بواسیر کا مرض بہت عام ہے اور تقریباً 50 فیصد لوگوں میں ہوتا ہے۔ ایسے مقامات میں یہ مرض اور بھی عام ہوتا ہے جہاں مصنوعی تیار کی ہوئی غذائیں یا کم ریشے دار غذائیں عام طور پر استعمال کی جاتی ہیں۔ اجابت کے دوران زیادہ زور لگانے سے یہ خون سے بھری رگیں پھول جاتی ہیں اور زیادہ لٹک جاتی ہیں۔

پائیلینا کیپسول خونی و بادی بواسیر، مقعد کے کنارے لائن میں بنا زخم (Fissure) ور ناسور میں مفید ہے۔ دونوں طرح کی بواسیر (یعنی خونی و بادی) میں درد اور کھجلی دور کرتا ہے اور جلد شفاء حاصل ہوتی ہے۔

**اجزاء ترکیبی :** ۵۰۰ ملی گرام کیپسول میں شامل اجزاء:

| | | |
|---|---|---|
| صندل سفید | Santalum album Extract | ۵۰ ملی گرام |
| رسوت | Berberis aristata | ۵۰ ملی گرام |
| ہارسنگھار | Nyctanthes arbor-tristis Extract | ۵۰ ملی گرام |
| گل نیلوفر | Nymphae lotus Extract | ۵۰ ملی گرام |
| موچرس | Bombax malabaricum Extract | ۷۵ ملی گرام |
| لودھ پٹھانی | Symplocos racemosa Bark | ۷۵ ملی گرام |
| لجالو | Mimosa pudica Extract | ۷۵ ملی گرام |
| مغز نیم | Melia azadirachta Fruit Ext | ۷۵ ملی گرام |

**مواقع استعمال :** خونی و بادی بواسیر، مقعد کے کنارے لائن میں بنا زخم اور ناسور۔

**موانع استعمال :** کوئی نہیں۔

**مضر اثرات :** کوئی نہیں۔

**خوراک :** دو۔دو کیپسول دن میں دو بار غذا کے بعد پانی سے دیں۔

**غذا اور پرہیز :** قبض ہونے سے بچنا چاہئے، شراب اور مصالحہ دار تلی ہوئی غذاؤں سے پرہیز کریں۔ سخت قسم کے فرش پر طویل عرصہ تک بیٹھنے، خشک اور باسی غذا لینے، سگریٹ نوشی، اجابت کے وقت زور لگانے اور دبہ بند



غذاؤں سے پرہیز کریں۔

ہری پتیوں دار سبزیاں اور زائد فضلات پیدا کرنے والے پھل کا استعمال زیادہ کریں۔ شب میں اچھی نیند لیں۔ جسم اور مقعد کی صحت وصفائی کی طرف زیادہ توجہ دیں اور جسمانی وزن کو کم کرنے کی کوشش کریں۔ ریشہ دار غذائیں اور پانی کا زیادہ استعمال کریں۔

**پیکنگ :** ۳۰ اور ۶۰ کیپسول کا پیک۔

# RegulAte
# ریگولیٹ

**تفصیلات :** عورتوں کی صحت کے بارے میں سوچا گیا ہے کہ یہ خاندان، سماج اور ہماری تہذیب سے تعلق رکھتی ہے۔ عورت کے اندر کسی بھی قسم کا جسمانی یا دماغی خلل اس کے ماہواری کے معمول میں گڑبڑی پیدا کر دیتا ہے جس کے نتیجے میں اس کے تولیدی نظام میں بھی فرق پڑ جاتا ہے۔ 16 سال کی عمر کی لڑکیوں میں معمول کی ماہواری شروع ہو جاتی ہے لیکن کچھ لڑکیوں میں ثانوی جنسی صفات کی وجہ سے اس عمر میں بھی معمول کی ماہواری شروع نہیں ہوتی یا 14 سال کی عمر کی لڑکیوں میں ثانوی جنسی صفات کی عدم موجودگی کی وجہ سے یہ شروع نہیں ہوتی۔ اس مرض کو ابتدائی احتباس الطمث کہا جاتا ہے جب کہ معمول کی ماہواری آنے کے بعد اگر پورے چھ ماہ تک یہ بند رہے یا رک رک کے تھوڑا تھوڑا آئے تو اسے ثانوی احتباس الطمث کہا جاتا ہے۔

تمام امراض نسواں میں احتباس الطمث اطباء کی خصوصی دلچسپی کا باعث رہا ہے کیونکہ یہی چیز بعد میں بانجھ پن، جسمانی کمزوری اور بہت سی سماجی اور نفسیاتی خرابیوں کی بنیاد بنتی ہے۔ احتباس الطمث کی وجہ سے بعض عورتوں میں ایسٹروجن ہارمون کا نہ کھلنا، رحم کی جھلی میں خلیوں کی بڑھوتری اور جھلیوں کا سرطان بھی پیدا کر سکتا ہے۔

ریگولیٹ ماہواری کے نظام میں خرابیوں کو دور کرنے، احتباس الطمث خواہ وہ ابتدائی ہو یا ثانوی اور رک رک کے یا تھوڑی تھوڑی ماہواری آنے کی ایک جامع دوا ہے۔ یہ غیر ہارمونی جڑی بوٹی سے تیار کیا گیا ہے جو عورتوں کے تولیدی اعضاء کو استوار کرتا ہے اور ماہواری کے نظام کو درست کرتا ہے۔

**اجزاء ترکیبی :** ۵۰۰ ملی گرام کیپسول میں شامل اجزاء:

| | | |
|---|---|---|
| زعفران | Crocus sativus | ۲۰ ملی گرام |
| مجیٹھ | Rubia cordifolia Ext. | ۵۰ ملی گرام |
| ناگ کیسر | Mesua ferrea Ext. | ۵۰ ملی گرام |
| ابہل | Juniperus communis Ext. | ۷۵ ملی گرام |
| ایلوہ | Aloe vera Dessicated | ۷۵ ملی گرام |

| | | |
|---|---|---|
| مرکی | Commiphora myrrha Ext. | ۷۵ ملی گرام |
| ہینگ | Ferula foetida | ۷۵ ملی گرام |
| برگ سداب | Ruta graveolens Ext. | ۸۰ ملی گرام |

**مواقع استعمال :** ابتدائی اور ثانوی احتباس الطمث ، رک رک کے یا تھوڑی تھوڑی ماہواری آنا اور ماہواری کے نظام میں خرابی۔

**موانع استعمال :** دوران حمل میں اس کا استعمال ممنوع ہے۔

**مضر اثرات :** کوئی نہیں۔

**خوراک :** ایک۔ایک کیپسول دن میں دو بار غذا کے بعد پانی کے ساتھ دیں۔

**غذا اور پرہیز :** ذہنی دباؤ اور جسمانی بیماریاں بھی ماہواری کے نظام میں خرابی کی بڑی وجہیں ہوتی ہیں۔ یہ بات اور ہے کہ ماہواری کے نظام میں یہ تبدیلیاں ذہنی دباؤ کے دنوں میں ظاہر نہ ہوں۔ لال گوشت اور دودھ سے بنی ہوئی چیزوں سے پرہیز کریں۔ کیفین، شراب، شکر اور سگریٹ پینا چھوڑ دیں۔ اچھی غذا لینے کی عادت، معمول کا وزن اور جسمانی مشقت والے کھیل کود ثانوی احتباس الطمث کو روکنے میں مفید ثابت ہوسکتے ہیں۔

**پیکنگ :** ۱۴ کیپسول کا پیک۔

# Rheuma
# رھیوما

**تفصیلات :** ورم مفاصل (جوڑوں کی سوزش) اور گٹھیا (جوڑوں کا درد) کے تقریباً دو سو اسباب ہیں جن سے جوڑوں ، پٹھوں اور انکے بافتوں میں درد ناک سوجن پیدا ہوجاتی ہے۔ ورم مفصل وعظم (ہڈیوں و جوڑوں کی سوزش، Osteoarthritis) سب سے عام جوڑوں کا مرض ہے جو ۸۰ فیصد 50 سال کے اوپر کی عمر کے لوگوں میں ہوتا ہے۔ عورتوں میں ورم مفاصل وعظم مردوں کے مقابلہ تین گنا ہوتا ہے۔

رھیوما ایک محفوظ نباتی دوا ہے جو ورم کو کم کرتی ہے اور ورم مفصل اور گٹھیا کو روکتی ہے اور اس میں آرام پہنچاتی ہے۔ یہ مقامی ہارمون کو آپس میں مربوط کرتی ہے، جوڑوں کی نرماہٹ کو کم کرتی ہے اور درد وورم وعضلات کی اکڑاہٹ کو بغیر کسی مضر ردِعمل کے دور کرتی ہے۔ یہ دوا مانع اورام ہے اور طویل عرصہ تک استعمال کی جاسکتی ہے۔

**اجزاء ترکیبی :** ۵۰۰ ملی گرام کیپسول میں شامل اجزاء:

| | | |
|---|---|---|
| کلونجی | Nigella sativa | ۲۵ ملی گرام |
| زنجبیل | Zingiber officinale | ۷۵ ملی گرام |
| کچلہ مدبر | Strychnos Nux-vomica | ۷۵ ملی گرام |



| | | |
|---|---|---|
| گوگل | Commiphora myrrha | ۷۵ ملی گرام |
| چوب چینی | Smilax china | ۷۵ ملی گرام |
| اسگندھ | Withania somnifera | ۷۵ ملی گرام |
| سورنجان شیریں | Colchicum luteum | ۱۰۰ ملی گرام |

**مواقع استعمال :** ورم مفصل، گٹھیا، نقرس، کمر کے درد، صبح کے وقت بدن کی اکڑاہٹ، ہڈیوں کے عضلات، ہڈیوں و جوڑوں کی سوزش، ہڈیوں کے اورام، موچ اور پیٹھ کے زیریں حصہ کا درد۔

**موانع استعمال :** کوئی نہیں۔

**مضر اثرات :** کوئی نہیں۔

**خوراک :** دو۔دو کیپسول دن میں دو بار غذا کے بعد پانی کے ساتھ دیں۔

**غذا اور پرہیز :** متوازن غذا استعمال کریں، وزن اگر زیادہ ہے تو کم کریں اور ہفتہ میں تین چار مرتبہ ورزش کریں۔ عمدہ غذائیں جن میں روٹی، اناج، پھل، سبزیاں، مرغ، مچھلی جس میں تیل کم ہوتا ہے، کم چکنائی والا گوشت، خشک پھلیاں، کم چکنائی والا دودھ، پنیر اور دہی وغیرہ ضرور لیں۔ زیادہ کولسٹرول والے کھانے چکنائی، شکر کا پرہیز کریں اور گرم پانی سے نہائیں، یہ ورم کو کم کرتا ہے۔ بیکری میں تیار کردہ غذاؤں اور فاسٹ فوڈ سے پرہیز کریں۔ نمک، سگرٹ نوشی اور شراب سے بھی اجتناب ضروری ہے۔

**پیکنگ :** ۶۰ اور ۱۰۰ کیپسول کا پیک۔

# Senn-Care Capsules
# سین ۔کیئرکیپسول

**تفصیلات :** اس میں سناء کی پتیاں شامل ہوتی ہیں جو انتہائی ملین، اور قبض کشا ہوتی ہیں۔ اس طرح یہ وقتی قبض کو دفع کرنے کی بڑی موثر دوا ہے۔ بڑی آنتوں کی اندرونی سطح میں تحریک پیدا کر کے ان کے عضلات کو سکیڑتی ہے جس سے اجابت ہونے میں مدد ملتی ہے اور آنتوں سے رطوبات کو جذب کر کے فضلات کو نرمی کے ساتھ خارج کرنے میں معاون ہوتی ہے۔ یہ معدہ کی گرانی کو دور کرتی ہے۔ سین کیئر طبیعت کو دوا کا عادی نہیں بناتی اسی لئے زیادہ عرصہ تک اس کو استعمال کیا جاسکتا ہے۔

**اجزاء ترکیبی :** ۵۰۰ ملی گرام کیپسول میں شامل اجزاء:

| | | |
|---|---|---|
| برگ سناء مکی | Cassia angustifolia Extract | ۱۲۵ ملی گرام |
| بادیان | Foeniculum vulgare | ۱۲۵ ملی گرام |
| نمک سیاہ | Black Salt | ۱۲۵ ملی گرام |

| | | |
|---|---|---|
| زنجبیل | Zingiber officinale | ۱۲۵ ملی گرام |

**مواقع استعمال :** مزمن قبض، دوران حمل میں ہونے والا قبض، بواسیر، زچگی کے دوران قبض، قلبی تکالیف اور معدہ کی گرانی کی وجہ سے قبض۔

**موانع استعمال :** کوئی نہیں۔

**مضر اثرات :** کوئی نہیں۔

**خوراک :** ایک یا دو کیپسول نیم گرم پانی کے ساتھ دیں۔

**غذا اور پرہیز :** ریشہ دار غذاؤں کا استعمال کریں، رقیق اشیاء کو زیادہ سے زیادہ لیں، باقاعدگی سے ورزش کریں اور جب اجابت کی خواہش ہو تو اس وقت اجابت سے ضرور فراغت حاصل کریں کیونکہ ایسے برخلاف کرنے سے قبض میں زیادتی ہوجاتی ہے۔

**پیکنگ :** ۳۰ کیپسول کا پیک۔

## Sinus-I Capsules
## سائنَس – آئی کیپسول

**تفصیلات :** ورم جوف انفی (سائنس) ایک قسم کا ورم ہے جو ناک کی ہڈیوں کے درمیانی خلاء میں واقع ہوتا ہے جسکی وجہ سے آلات تنفس کے اوپری حصوں میں انفکشن ہوجاتا ہے۔ پچاس فیصد سے زائد بیماریاں جراثیم کی وجہ سے ہوتے ہیں۔ یہ انفکشن ان ہڈیوں کے درمیان ہوتا ہے جو آنکھ کے اوپر اور گالوں کی ہڈیوں کے اندر واقع ہوتی ہیں اور جو ناک اور اسکے اوپری حصہ کو جوڑنے کا کام کرتی ہیں۔ اس سے سانس کو اوپر کھینچنے والے مقامات اور دانتوں میں اکثر انفیکشن ہوجاتا ہے جو ماحول کے بدلنے سے واقع ہوتا ہے جیسے ہوائی سفر یا پانی کے سفر میں یا ناک میں کسی خرابی کی وجہ سے اس کا امکان زیادہ ہوتا ہے۔ ناک کی اندرونی جھلّیوں میں ورم اور سانس لینے کے راستہ میں رکاوٹ پیدا ہوجاتی ہے جسکی وجہ سے بھاری پن، درد، دردسر اور بخار ہوجاتا ہے۔ اس میں پیچیدگی اس وقت پیدا ہوتی ہے جب یہ انفکشن ہڈیوں تک پہنچ جائے یا دماغ اور اسکی جھلّیوں تک پہنچ جائے۔ اسکی علامات دردسر، ناک کا بند ہونا، اس میں سے ہری رطوبات کا اخراج، سر میں بھاری پن کا احساس اور نیند کی کمی وغیرہ قابل ذکر ہیں۔ اس میں آنکھوں پہ ورم اور درد کا احساس بھی ہوتا ہے۔ ایک تحقیق کے مطابق ہر آٹھ میں سے ایک اپنی زندگی میں اس مرض کو سہن کرتا ہے۔

سائنس-آئی میں ان اجزاء کو شامل کیا گیا ہے جو ورم جوف انفی کے علاج میں استعمال کئے جاتے ہیں۔ یہ ناک کی ہڈیوں کے راستوں اور پھیپھڑے کی نالیوں کے لئے صحت بخش ہے جس سے کبھی غنودگی، بھوک کی کمی، گھبراہٹ یا دردمعدہ وغیرہ کی شکایات پیدا نہیں ہوتی ہیں۔ یہ مقامی طور پر ایسی رطوبات پید کرتا ہے جن سے تری پیدا ہوتی



ہے اور آئندہ کے لئے اس قسم کی تکالیف سے مریض مامون ہوجاتا ہے۔

**اجزاء ترکیبی :**

۵۰۰ ملی گرام کیپسول میں شامل اجزاء:

| | | |
|---|---|---|
| بادرنجبویہ | Melissa parviflora | ۱۶۵ ملی گرام |
| ایرسا | Iris germanica | ۱۶۵ ملی گرام |
| اسطوخودوس | Lavandula stoechas | ۱۷۰ ملی گرام |

**مواقع استعمال :** ناک میں بھاری پن اور ورم جوف انفی۔

**موانع استعمال :** کوئی نہیں۔

**مضر اثرات :** کوئی نہیں۔

**خوراک :** ایک-ایک کیپسول دن میں دو بار دیں۔

**غذا اور پرہیز :** سگریٹ کے دھوئیں سے بچیں، الرجی کا علاج کریں، تیرنے کے لئے تالابوں میں زیادہ گہرائی تک غوطہ نہ لگائیں۔ بھاپ سے بھپارہ لیں۔ جسم کو تری کی ضرورت ہوتی ہے تاکہ ناک میں نمی باقی رہے، مزید یہ کہ آرام زیادہ کریں۔ رقیق اشیاء زیادہ سے زیادہ استعمال کریں جیسے پانی، وٹامن سی والے پھل کے رس وغیرہ۔ ایسی چیزیں جن میں کیفین ہوتا ہے جیسے کافی، چائے اور کولا وغیرہ شامل ہوں نہ لیں کیونکہ ان سے پیشاب زیادہ ہوتا ہے جس کی وجہ سے بدن میں مزید رطوبات کی کمی واقع ہوجاتی ہے، صحت بخش غذائیں جیسے پھل اور سبزیاں وغیرہ ضرور لیں۔ برف سے ٹھنڈی کی ہوئی چیزیں نہ لیں، ان سے یہ تکالیف بڑھ جاتی ہے۔ گھر سے باہر سیر اور ورزش سے دوران خون درست ہوتا ہے اور ناک کے راستے کھلتے ہیں۔ کمرے کا ٹمپریچر گرم رکھیں اور کھڑکیاں تھوڑی بہت کھلی رکھیں تاکہ تازہ ہوا آتی رہے۔ ذہنی دباؤ، فکر اور افسردگی سے بچیں اور زیادہ سے زیادہ آرام کریں۔ دودھ اور دودھ سے بنی چیزوں سے پرہیز کریں، یہ بلغم کو اور بڑھاتا ہے۔

**پیکنگ :** ۲۸ کیپسول کا پیک۔

## SkinClear Capsules
## اسکن-کلیئر کیپسول

**تفصیلات :** خون جسم کی زندگی کا سرچشمہ ہے جو ہمارے ہر خلیے اور ہر نظام کو متاثر کرتا ہے۔ خون مختلف عناصر کا ایک مجموعہ ہے جن میں سے ہر ایک ہمیں زندہ رکھنے کے لئے ایک مخصوص فعل انجام دیتا ہے۔ خون کو تیزی کے ساتھ صاف کرنے کا واحد طریقہ ہے جسم سے انتہائی سرعت کے ساتھ سمیاتی مواد کا اخراج۔ ماحولیات کی آلودگی اور کھانے اور پانی میں کیمیائی سمیات ہوتے ہیں جو جلد کو پھیکی اور بے جان بنادیتے ہیں۔

اسکن کلیئر جڑی بوٹیوں سے بنائی گئی ایک دوا ہے جو جسم سے ان سمیاتی مواد کے اخراج میں مدد کرتی ہے جو روز مرہ کی ماحولیاتی آلودگی اور کھانے پینے میں شامل سمیاتی مواد کی بدولت ہمارے خون میں جمع ہو جاتی ہیں۔ اسکن کلیئر ہر قسم کے جلدی امراض میں اپنی خون کی صفائی کی بدولت انتہائی مفید ہے۔ یہ بدن کو خوب صورت بناتا ہے اور جلد کے اندر طبعی چمک پیدا کرتا ہے۔

**اجزاء ترکیبی :** ۵۰۰ ملی گرام کیپسول میں شامل اجزاء:

| | | |
|---|---|---|
| پھل بکائن | Melia azadarach | ۳۵ ملی گرام |
| مہندی | Lawsonia inermis | ۳۵ ملی گرام |
| چاکسو | Cassia absus | ۳۵ ملی گرام |
| کشنیز | Coriandrum sativum | ۳۵ ملی گرام |
| گل منڈی | Sphaeranthus indicus | ۳۵ ملی گرام |
| نیل کنٹھی | Chrozophora plicata | ۳۵ ملی گرام |
| صندل صفید | Santalum album | ۳۵ ملی گرام |
| سر پھوکہ | Tephrosia purpurea | ۳۵ ملی گرام |
| پت پاپڑا | Fumaria officinalis | ۳۵ ملی گرام |
| برگ نیم | Melia azadirachta | ۳۵ ملی گرام |
| عشبہ | Smilax aristolochaefolia | ۷۵ ملی گرام |
| مغز نیم | Melia azadirachta | ۷۵ ملی گرام |

**مواقع استعمال :** کیل مہاسے، اکزیما، قوبا، خون کی خرابی، پھنسیاں، داغ دھبے اور پھیکی رنگت۔

**موانع استعمال :** کوئی نہیں۔

**مضر اثرات :** کوئی نہیں۔

**خوراک :** ۲-۲ کیپسول دن میں دو بار پانی سے دیں۔

**غذا اور پرہیز :** کچی سبزیوں اور پھلوں کی بھرپور غذا مفید ہے۔ پانی خوب پئیں (کم از کم 8 گلاس روزانہ)۔ ہر قسم کی شکر، شراب، مکھن، کافین، پنیر، چاکلیٹ، کوکو، کریم، چکنائی، تلے ہوئے کھانے، مصنوعی مکھن، کیفین پر مشتمل مشروبات، آیوڈین ملا نمک اور کیمیائی کھانوں سے پرہیز کریں۔ شکر مدافعتی افعال پر اثر انداز ہوتی ہے اور جراثیم نیز کینڈیڈا پیدا کرتی ہے۔

**پیکنگ :** ۳۰ اور ۶۰ کیپسول کا پیک۔



# Stresonil

# اسٹریسونل

**تفصیلات :** ذہنی دباؤ اب روزمرہ کی زندگی کا ایک حصہ بن گیا ہے۔ بحیثیت ایک کالج کے طالب علم ہونے کے آپ کو مختلف تعلیمی اجتماعات میں شرکت کے دباؤ، نئے ماحول میں رہائش اور نئی دوستی وغیرہ کے ہونے سے ایک قسم کی گرانی محسوس ہوتی ہے یہی اسکے اسباب ہیں۔ ہلکے پھلکے دباؤ صحت اور قوت کو بڑھاتے ہیں لیکن اگر یہ دباؤ بہت زیادہ ہو جائیں تو ان سے طبی اور سماجی مسائل بھی پیدا ہو جاتے ہیں۔ چنانچہ اس طرح کے طویل ذہنی بوجھ عام صحت کے لئے اکثر بڑے مسائل پیدا کر دیتے ہیں جیسے نزلہ، کینسر، قلبی حملہ، فکر و پریشانی، نفسیاتی الجھنیں، طبیعت میں گراوٹ، جسم کے خود حفاظتی نظام میں خلل، ہاضمہ کے مسائل، خون کا دباؤ بڑھنا، کولسٹرول کے لیول کا بڑھنا، تھکاوٹ اور دمہ وغیرہ۔

اسٹریسونل میں ایسی ادویہ ہیں جو اس سلسلہ میں بڑی قیمتی اور توانائی بخش ہوتی ہیں۔ یہ اجزاء ذہنی دباؤ اور فکر و پریشانی دفع کرنے میں مفید ہوتے ہیں اور دیرپا بیماریوں کو دور کرتے ہیں۔ اس طرح کے دباؤ کی علامات میں چڑچڑاپن، فکر و پریشانی دردسر، موڈ کا جلدی جلدی تبدیل ہونا، گھبراہٹ، ہاضمہ کی خرابی، اختلاج قلب، کولسٹرول کا بڑھنا، آدھا سیسی کا درد، عضلات کا درد اور نیند کی کمی وغیرہ قابل ذکر ہیں۔ اگر ذہنی دباؤ کا ٹھیک سے علاج نہیں کیا جائے گا تو مزید بیماریوں کا اندیشہ ہوتا ہے۔

**اجزاء ترکیبی :** ۵۰۰ ملی گرام کیپسول میں شامل اجزاء:

| | | |
|---|---|---|
| بادرنجبویہ | Melissa parviflora | ۵۰ ملی گرام |
| برگ تلسی | Ocimum sanctum | ۵۰ ملی گرام |
| برہمی بوٹی | Centella asiatica | ۷۵ ملی گرام |
| اسطوخودوس | Lavandula stoechas | ۷۵ ملی گرام |
| بالچھڑ | Nardostachys jatamansi | ۱۰۰ ملی گرام |
| اسگندھ | Withania somnifera | ۱۵۰ ملی گرام |

**مواقع استعمال :** ذہنی دباؤ، فکر و پریشانی، گراوٹ، بے خوابی، دماغی الجھنیں، بے آرامی اور اعصابی تناؤ۔

**موانع استعمال :** کوئی نہیں۔

**مضر اثرات :** کوئی نہیں۔

**خوراک :** ایک یا دو کیپسول دن میں دو بار پانی کے ساتھ دیں۔ جب تک شکایت متعلقہ کی علامات پائی جائیں، اس کی متعینہ خوراک پابندی کے ساتھ لیا کریں اور جب ان علامات میں کمی واقع ہو جائے تو اس کی خوراک بھی بتدریج گھٹا دیں۔ اگر علامات بالکل ختم بھی ہو جائیں تب بھی چند ہفتے تک اس کا استعمال جاری رکھیں۔ متعینہ

خوراک سے زیادہ ہرگز نہ لیں۔

**غذا اور پرہیز :** کیفین، شراب، تمباکونوشی شوگر، نمک اور چکنائی سے پرہیز کریں۔ جن غذاؤں میں نشاستہ اور ریشہ دار چیزیں شامل ہوں ان کو ضرور لیا کریں۔ زیدہ تر سبزیاں استعمال کریں، ذہنی دباؤ کو کم کرنے والی اور ضروری تغذیہ بخش غذاؤں میں جست شامل ہے جو سمندری اشیاء میں زیادہ ہوتا ہے جیسے کسٹورا مچھلی، مسلّم گیہوں، بیج والی پھلیاں، انڈے اور بغیر چکنائی والا گوشت وغیرہ۔ اگر آپ دودھ سے بنی اشیاء یعنی پنیر اور دہی وغیرہ سے زیادہ متاثر نہیں ہوتے ہیں تو انہیں اپنی غذاؤں میں شامل رکھیں۔ تلی ہوئی اور خاکستر کی ہوئی اشیاء اور تندوری گوشت سے پرہیز کریں۔

**پیکنگ :** ۲۸ کیپسول کا پیک۔

# Testron Capsules
# ٹیسٹران کیپسول

**تفصیلات :** ٹیسٹوسٹیرون یعنی خصیوں سے اخذ شدہ ہارمون جس طرح بنیادی طور پر مردانہ جنسی اعضاء یعنی قضیب، خصیتین، فوطے، غدۂ قدامیہ اور مادۂ منویہ کی تھیلی وغیرہ کے افعال کے نشو ونما کے ضامن ہیں اسی طرح یہ ان کے ثانوی جنسی افعال کی افزائش میں بھی معاون ہوتے ہیں مثلاً مردوں کے عضلاتی نظام، ہڈیوں کی ساخت، بدن میں چکنائی کی مساویانہ تقسیم، بالوں کی بناوٹ، حنجرے کے سائز اور صوتی برتری وغیرہ کو ممتاز کرتے ہیں۔ مزید برآں ٹیسٹوسٹیرون جسم کی توانائی کے لیول میں بھی یکسانیت پیدا کرتے ہیں اور صحت مند موزونی طبع نسلی بار آوری کی صلاحیت اور جنسی رجحانات کو بھی حسب ضرورت برقرار رکھتے ہیں۔

مردوں میں بیس پچیس سال کی عمر تک اس مخصوص ہارمون کا لیول اپنی انتہاء پر ہوتا ہے پھر ہر دس سال کے عرصہ میں اس کی شرح نمو دس سے پندرہ فیصد تک کم ہونے لگتی ہے۔ ذہنی دباؤ، جسمانی مصروفیات کی کمی، بیماری اور سگریٹ و شراب نوشی وغیرہ کے استعمال سے مذکورہ ہارمون کی نشو نما قبل از وقت دھیمی پڑجاتی ہے، اس نقصان سے بہت سے صحتی مسائل پیدا ہوجاتے ہیں مثلاً استحالہ میں کمی واقع ہونا، عضلات کمزوری، جنسی صلاحیت میں کمی واقع ہونا اور ذہنی وجسمانی قوت میں اضمحلال وغیرہ پیدا ہونے لگتا ہے۔

اپنی جسمانی قوت کو مکمل حالت میں باقی رکھنے کے لئے ضروری ہے کہ ہمارے اندر اس قسم کے ہارمون کی پیداوار اپنے اعلیٰ معیار پر باقی رہے لہٰذا اس مقصد کے لئے ٹیسٹران کیپسول بہت معاون ثابت ہوتا ہے جس سے مردوں میں تولید منی اور مردانہ ہارمون کی پیدائش بڑھ جاتی ہے اور جنسی کمزوریاں دور ہوجاتی ہیں، کرمِ منی کی صحت مندانہ افزائش ہوتی ہے اور ان کی قوتِ حرکیہ بڑھ جاتی ہے۔ اس طرح لوگوں کی عام کمزوری بھی جاتی رہتی ہے اور جسمانی گرمی میں بھی اضافہ ہوجاتا ہے۔



**اجزاء ترکیبی :** ۵۰۰ ملی گرام کیپسول میں شامل اجزاء:

| | | |
|---|---|---|
| خصیۂ بُز | Goat's Testicle Powder | ۱۰۰ فیصد |

**مواقع استعمال :** قضیب کی ایستادگی میں نقص، منی کی مائیت میں اضافہ، بانجھ پن، قلت منی، جنسی کمزوری اور اعمالِ جنسیہ کی ناکارکردگی۔

**موانع استعمال :** کوئی نہیں۔

**مضر اثرات :** کوئی نہیں۔

**خوراک :** دو کیپسول بوقت صبح ایک گلاس دودھ کے ساتھ دیں۔

**غذا اور پرہیز :** اچھی غذا اور طرز زندگی میں سدھار سے استقرار حمل کے امکانات بڑھ جاتے ہیں۔ سگریٹ وشراب نوشی اور کیفین کا استعمال، ذہنی دباؤ اور افزائش نسل کو کم کردیتا ہے۔ جنسی اعضاء کو ماحول کے مسموم بنانے والی اشیاء مثلاً جراثیم وکیڑے مکوڑے مارنے والی دوائیں، سیسہ و بھاری دھاتیں وغیرہ بہت زیادہ متاثر کرتی ہیں۔ لال گوشت اور دودھ سے بنی ہوئی چیزیں اپنے اندر امینوایسڈ کی خاصی مقدار رکھتی ہیں جو کرمِ منی کی تعداد اور اس کی قوتِ حرکیہ کو بڑھادیتی ہے۔ اسی طرح کستورا مچھلی، سارڈین مچھلی، پیاز اور الائچی وغیرہ بھی اس مرض کو دفع کرنے میں معاون ہوتی ہیں۔ تنگ کپڑے نہ پہنیں اور نہ ہی گرم پانی سے نہائیں کیونکہ خصیتین گرم ہوجاتے ہیں اور کرمِ منی کم بننے لگتے ہیں۔

**پیکنگ :** ۳۰ کیپسول کا پیک۔

# UniCal Capsules
# یونی کیل کیپسول

**تفصیلات :** بدن میں کچھ ایسے اجزاء پیدا ہوتے ہیں جنکے اکٹھا ہونے سے گردوں میں پتھری بننے لگتی ہے۔ عام طور سے پیشاب میں بہت سی کیمیائی اشیاء ہوتی ہیں جو اکثر حالات میں اکٹھا ہوکر پتھری کی شکل اختیار کرلیتی ہیں۔ یہ پتھریاں مختلف شکل وسائز کی ہوتی ہیں چنانچہ بعض اوقات یہ ریت کے زروں کے سائز سے لے کر گولف کے گیند کے سائز میں بھی پائی جاتی ہیں۔ یہ پتھریاں تعداد میں ایک بھی ہوسکتی ہیں اور متعدد بھی۔ ان پتھریوں کی وجہ سے کبھی کبھی پیشاب کے راستوں میں رکاوٹ پیدا ہوجاتی ہے یا ان میں سمّی اجزاء بھی جمع ہوجاتے ہیں جو متعلقہ اعضاء کو شدید نقصان پہنچاتے ہیں جسکے نتیجہ میں گردے خراب ہوجاتے ہیں۔

عام طور سے گردے میں (۹۵ فیصد) پتھریاں کیلشیم کی ہوتی ہیں جو پیشاب میں کیلشیم کی زیادتی سے بنتی ہیں۔ اس کی دوسری قسم وہ ہے جو یورک ایسڈ کی وجہ سے بنتی ہیں لیکن کیلشیم کے مقابلہ میں یورک ایسڈ والی پتھریاں کم ہوتی ہیں۔ یورک ایسڈ کی پتھریاں پیشاب میں یورک ایسڈ کی زیادتی کی وجہ سے پیدا ہوتی ہیں اور خاص طور سے اس وقت

جب بدن میں رطوبات کی کمی ہو جائے جو گرم موسم میں یا سخت ورزش کرنے سے یا کسی اور بیماری کی وجہ سے ہو جایا کرتی ہے۔ یورک ایسڈ کی پتھریاں ان لوگوں میں عام طور سے پائی جاتی ہیں جو نقرس کے مریض ہوں۔ گردے کی پتھریاں ۲۰ سے ۴۰ سال تک کی عمر والوں میں زیادہ پائی جاتی ہیں (تقریباً ۱۰ فیصد لوگ اس مرض میں مبتلاء ہیں)۔ عورتوں کے مقابلہ میں مرد اس مرض سے زیادہ متاثر ہوتے ہیں۔ اگر ایک سے زائد دفعہ کسی کو پتھری ہو جائے تو وہ اسے بار بار ہو سکتی ہے۔

یونیکیل پیشاب کی پتھریوں میں مفید ہے۔ یہ پہلے پتھریوں کو ریزہ ریزہ کرتی ہے اور پھر انہیں پیشاب کے راستہ سے باہر نکال دیتی ہے۔ یہ اُن چیزوں کو بھی پیشاب کے ذریعہ خارج کر دیتی ہے جو کسی عضو کے ناقص فعل کی وجہ سے وجود میں آئی ہوں یا نامناسب غذاؤں کی وجہ سے مثانے یا گردے میں پتھری بننے کا سبب بنی ہوں۔ اس کے روزانہ کے استعمال سے یہ گردے اور مثانے کو بالکل دھو کر صاف کر دیتی ہے۔ یہ دوا ان لوگوں کے لئے بھی بہت مفید ہے جنہیں پیشاب کم آنے کی شکایت ہو اور یا جن کی غذا میں معدنیات کی مقدار زیادہ ہو۔

**اجزاء ترکیبی :** ۵۰۰ ملی گرام کیپسول میں شامل اجزاء:

| | | |
|---|---|---|
| سلاجیت | Asphaltum | ۲۵ ملی گرام |
| مجیٹھ | Rubia cordifolia | ۲۵ ملی گرام |
| سنگ سرماہی | Stone of Head of Fish | ۲۵ ملی گرام |
| حجرالیہود | Fossil Encrinite | ۳۵ ملی گرام |
| ناگرموتھا | Cyperus rotundus | ۹۰ ملی گرام |
| اسارون | Valeriana wallichii | ۱۰۰ ملی گرام |
| کاکنج | Physalis alkekenji | ۱۰۰ ملی گرام |
| ناگ کیسر | Mesua ferrea | ۱۰۰ ملی گرام |

**مواقع استعمال :** گردے اور مثانے کی پتھری، گردوں میں بجری، پیشاب میں جلن اور بدن میں پانی جمع ہونا۔

**موانع استعمال :** کوئی نہیں۔

**مضر اثرات :** کوئی نہیں۔

**خوراک :** ایک ایک کیپسول دن میں دو بار پانی کے ساتھ کھلائیں۔

**غذا اور پرھیز :** پانی پینے سے پیشاب کی مقدار بڑھتی ہے جس سے وہ اجزاء گھل کر نکل جاتے ہیں جن سے پتھری بنتی ہے اور پھر دوبارہ اس کے بننے کے امکانات کم ہو جاتے ہیں۔ اسی وجہ سے ایسے مریض کو ایک دن میں دو سے تین لیٹر تک پانی یا دیگر رقیق اشیاء استعمال کرنا چاہئے۔ گرم مقامات کے رہنے والوں کو بھی دن میں دو سے تین لیٹر تک پانی یا دیگر رقیق اشیاء استعمال کرنا چاہئے۔ صاف کی ہوئی شکر اور کاربوہائیڈریٹ وغیرہ کے لینے سے گردے میں پتھری پیدا ہو سکتی ہے کیونکہ شکر لبلبہ کو انسولین کے اخراج پر آمادہ کرتی ہے جس سے زائد کیلشیم پیشاب میں آنے لگتا ہے۔ اسی طرح اس مرض کا ایک سبب یہ بھی ہوتا ہے کہ وٹامن سی اور آکزے لِک ایسڈ لوز یادہ مقدار



میں لیا جائے۔ یہ چیزیں پالک کی سبزی میں بہت ہوتی ہیں جانوروں سے حاصل کی ہوئی پروٹین آکزے لِک ایسڈ کو جذب کرنے میں زیادہ معاون ہوتی ہے اس لئے گھلی ہوئی چکنائی، تلی ہوئی غذائیں، ٹھنڈے میٹھے مشروبات، شراب، چائے، چاکلیٹ اور مصنوعی غذائیں بھی مضر ہوتی ہیں۔

**پیکنگ :** ۳۰ اور ۶۰ کیپسول کا پیک۔

# Vig-Vit
# وِگ-وِٹ

**تفصیلات :** ذہنی دباؤ، فکر و پریشانی، زیادہ دیر تک کام کرنا، ہارمون کی تبدیلیاں، دوران خون اور غدۂ قدامیہ کے مسائل، پراسٹیٹ کی بڑھوتری، گراوٹِ طبع (ڈپریشن)، ہائی بلڈ پریشر، ذیابیطس، سگریٹ نوشی، پیٹ کا بڑھنا اور تغذیہ کی کمی وغیرہ ایسے امراض ہیں جو جنسی خواہشات کو کم کر دیتے ہیں۔ جراثیم کُش اور کیڑے مار دوائیں، کیمیاوی اشیاء اور دیگر ماحولیاتی زہریلی چیزوں سے ہارمون کے کم ہو جانے سے بھی مردوں میں جنسی میلان کم ہو جاتا ہے۔ وِگ-وِٹ ایک قدرتی اور بہت مؤثر دوا ہے جو خاص طور سے مردوں کے لئے تیار کی گئی ہے اور طاقت و توانائی کو بدستور برقرار رکھتی ہے۔ اس دوا میں ایسے منتخب کئے ہوئے شہوت انگیز اجزاء شامل ہیں جو جنسی جذبات کو برانگیختہ کرتے ہیں۔ یہ ایک غیر ہارمونی دوا ہے جو جنسی عمل کو بڑھاوا دیتی ہے اور ساتھ ہی ساتھ عمومی صحت کو بھی باقی رکھتی ہے۔ مردانہ جنسی اعضاء اور عضلات کو یہ مضبوط بناتی ہے اور قضیب کی ایستادگی کو بڑھاتی ہے۔ یہ دوا سیلانِ منی اور سُرعتِ انزال کے مرض میں بھی مفید ہے۔

**اجزاء ترکیبی :** ۵۰۰ ملی گرام کیپسول میں شامل اجزاء:

| | | |
|---|---|---|
| عنبر | Ambra grasea | ۵ ملی گرام |
| درونج عقربی | Doronicum hookeri Extract | ۲۰ ملی گرام |
| بیج بند سیاہ | Sida cordifolia Extract | ۲۰ ملی گرام |
| زعفران | Crocus sativus | ۲۵ ملی گرام |
| جاوتری | Myristica fragrans Extract | ۳۰ ملی گرام |
| خولنجان | Alpinia galanga Extract | ۵۰ ملی گرام |
| شقاقل مصری | Pistinaca secacul Extrac | ۵۰ ملی گرام |
| موصلی سفید | Chlorophytum arundinaceum Ext. | ۵۰ ملی گرام |
| اسگندھ | Withania somnifera Extract | ۵۰ ملی گرام |
| ستاور | Asparagus racemosus Ext. | ۱۰۰ ملی گرام |

تخم کونچ — Mucuna pruriens Extract — ۱۰۰ ملی گرام

**مواقع استعمال :** قلتِ شہوت، جماع کے بعد تھکاوٹ، ایستادگی میں کمی، کمزوری اور توانائی میں کمی، سستی و بے کیفی، سرعت انزال، رقت منی، جنسی تھکاوٹ اور جنسی اعضاء میں حسّاسیت کا بڑھ جانا۔

**موانع استعمال :** کوئی نہیں۔

**مضر اثرات :** کوئی نہیں۔

**خوراک :** دو کیپسول کھانا ہضم ہونے کے بعد اور مباشرت سے ایک گھنٹہ قبل دودھ کے ساتھ دیں۔ عام سستی اور عام جسمانی کمزوری میں صبح ایک کیپسول پانی کے ساتھ دیں۔

**غذا اور پرہیز :** تمباکو نوشی موقوف کر دیں کیونکہ نکوٹین قضیب میں دورانِ خون کو گھٹا دیتی ہے۔ زیادہ وزن بڑھنے کی شکایت ہو تو اسے کم کریں۔ نشیلی دوائیں طویل عرصہ تک لینے سے شہوت کو رفتہ رفتہ کم کر دیتی ہیں اور یہاں تک کہ نامردی واقع ہو جاتی ہے۔ اگر شراب نوشی کی عادت ہے تو ایسی حالت میں قوتِ مردانگی کو بڑھانا چاہئے جس سے فریقین میں شہوانی تعلقات مزید استوار ہوں گے۔ سائیکل کی سواری بالخصوص پہاڑ کے ناہموار علاقوں میں نازک اعصاب اور شرائین کو مجروح کرتی ہے۔ ان حالات میں نرم گدیوں کا استعمال کریں تاکہ قضیب تک جانے والی نازک خونی رگوں اور ان کے اعصاب کو نقصان نہ پہنچے۔ ہر قسم کے دباؤ سے اپنے آپ کو دور رکھیں کیونکہ یہ شہوانی جذبات کو متاثر کرتے ہیں۔ تازہ ہری پتیوں دار سبزیاں زیادہ استعمال میں لائیں اور سرخ گوشت سے پرہیز کریں۔

**پیکنگ :** ۱۰ کیپسول کا پیک۔



# Dehlvi's Single Herb Capsules

# دہلوی کے نباتی کیپسول

جڑی بوٹیوں کے خواص کو معیار بنانے کا مطلب یہ ہے کہ دواسازی کے وقت ہر فعال جز کی مقررہ مقدار کو مکمل طور سے ہم آہنگ کرنا۔ نباتاتی سماج میں جاری بحث کے اس اہم موضوع پر ایک طرف نباتات کے اصل خاصہ کو معیار بنانے کے حامی کھڑے ہیں تو دوسری طرف وہ لوگ ہیں جو اس بات کے قائل ہیں کہ پودے کے پورے جز سے دوا تیار کی جائے۔ اگرچہ کسی پودے کی اصل خاصیت کو معیار بنانے کا (ایک خاص کیمیائی جز کی افادیت کی ضمانت دینا) مقصد نیک ہے لیکن اس میں کچھ زبردست خرابیاں بھی ہیں۔ دراصل یہ نظریہ مغرب کی تخفیف پسندی اور مادہ پرستی کے انداز فکر پر مبنی ہے۔ بہت سے قضیوں میں اس طرز فکر نے ہمیں بہت فائدہ پہنچایا ہے لیکن بہت سے معاملات میں یہ بے انتہا نقصان دہ بھی ثابت ہوا ہے۔

خاصیت کو معیار بنانے کا نظریہ بادی النظر میں صرف معقول ہی نہیں بلکہ قابل قدر کارنامہ نظر آتا ہے لیکن حقیقت تو یہ ہے کہ خاصیت کو معیار بنانے کے حامی بہت سے غلط مفروضات پر عمل پیرا ہیں۔ ان کی پہلی لغزش یہ مفروضہ ہے کہ کسی جڑی بوٹی کا ایک واحد کیمیائی جز تن تنہا پورے پودے کے معالجاتی تاثیر کا ذمہ دار ہے جب کہ حقیقت یہ ہے کہ ایسا بہت ہی شاذ و نادر ہوتا ہے۔ دراصل آیورویدا، یونانی، چینی، جڑی بوٹیوں اور دیسی دواؤں کے معالجین صدیوں قبل اس راز تک پہنچ گئے تھے کہ اصل پودہ اور اس کے تمام اجزاء کے درمیان ایک بہت ہی نزدیکی اور مربوط رشتہ ہوتا ہے۔

اسی حقیقت کے پیش نظر یہ مشورہ دیا جاتا ہے کہ تنہا فعال مادہ کے بجائے مکمل جڑی بوٹی کو ہی استعمال میں لایا جائے۔ مکمل جڑی بوٹی میں فعال مادے کے علاوہ کچھ دیگر اجزا بھی موجود ہوتے ہیں جیسے دال دار مواد، گوند، شکر، وٹامن، غیر نامی نمک اور ڈھیروں نباتی مواد۔ ان کے اندر موجود تریاق کا خودکار نظام بدن کو جڑی بوٹیوں کے مضر اثرات سے محفوظ رکھتا ہے۔ دواؤں میں استعمال ہونے والی جڑی بوٹیوں میں روکنے یا توازن پیدا کرنے والا ایک نظام ہوتا ہے جسے کسی بھی حال میں نظر انداز نہیں کیا جا سکتا (حکیم ایم طیب، ڈین فیکلٹی آف یونانی میڈیسن، علیگڑھ مسلم یونیورسٹی، 1989)۔

پودے زمین سے مواد حاصل کرنے کے بعد انہیں وٹامن، معدنیات، کاربوہائیڈریٹ، پروٹین اور چربی میں تبدیل کر دیتے ہیں جنہیں ہمارے جسم غذا اور شفاء کے لئے استعمال کرتے ہیں۔ دہلوی نیچورلس نے اپنی دواؤں میں پورے پودوں یا ان کے مخصوص دوائی حصہ کو مکمل طور سے استعمال کر کے ان کے تمام اہم خواص کو پیش کرنے کا شرف حاصل کیا ہے کیوں کہ ہمارا سیدھا سادا سا اعتقاد یہ ہے کہ پورا پودا صرف اس کے ایک جز کی خاصیت سے کہیں زیادہ موثر اور مفید ہے۔ ہمارے خیال میں کسی پودے کے مخصوص جز کے ست کو استعمال کرنے کے بجائے اگر پورے پودے کا استعمال کیا جائے تو اس کے مختلف اجزء کا باہمی اختلاط اس سے کہیں زیادہ موثر ثابت ہوگا جتنا

کہ اس کا کشید کیا ہو نمایاں جز۔ آج کل حاوی طریقہ علاج (ایلوپیتھک) میں عام طور سے ایک فعال جز ہی کو ترجیح دی جاتی ہے جس میں ایک تو دوا کو ضرورت سے زیادہ نکھار جاتا ہے اور پھر وہ ان اجزاء سے خالی ہوتی ہیں جو ایک جز کی کمیوں کی تلافی کرتی ہیں اور مضر اثرات سے بچاتی ہیں۔

دہلوی کے نباتی کیپسول وزن بڑھانے والی اشیاء، اناج، سویابین، خمیر، شکر، اجزاء ترکیبی کو باندھنے والے عوامل، بدرقہ، نشاستہ اور مصنوعی اجزاء سے خالی ہوتے ہیں۔

## Dehlvi's Adrak Capsules
## دھلوی ادرك كيپسول

**اجزاء ترکیبی :** ۵۰۰ ملی گرام کیپسول میں شامل اجزاء:

| | | |
|---|---|---|
| زنجبیل | Zingiber officinalis Extract 7:1 | ۱۰۰ ملی گرام |
| زنجبیل | Zingiber officinalis Powder | ۴۰۰ ملی گرام |

**مواقع استعمال :** نسیان، جوڑوں کا درد، دمہ، پیٹ پھولنا، سینے میں جلن، ہاتھ پیر میں سوجن کے ساتھ خارش، قولنج، نزلہ، کھانسی، اسہال، پیچش، ریاح، فلو، ورم معدہ، گٹھیا، بدہضمی، بھوک کی کمی، متلی، جوڑوں کا اکڑنا، سفر کی وجہ سے ہاضمہ خراب ہونا، قے اور ریاح خارج ہونا۔

**موانع استعمال :** حالانکہ ادرک متلی کو روکتی ہے لیکن اسے حمل کے ابتدائی ایام کی متلی میں نہ استعمال کیا جائے۔ مثانہ میں پتھری اور معدہ میں لسر کے مریض بھی اسے استعمال نہ کریں الا یہ کہ ان کا طبیب اس کی اجازت دے۔ مانع انجماد دوائیں لینے یا حمل کے دوران اس سے پرہیز کریں۔

**مضر اثرات :** کوئی نہیں۔

**خوراک :** روزانہ دو کیپسول دو بار کھانے کے بعد پانی کے ساتھ لیں۔ مناسب فائدے کے لئے کئی ہفتوں تک لیتے رہیں۔ طبی مصنوعات کے استعمال سے بہتر ہی نہیں بلکہ دیرپا نتائج برآمد ہوتے ہیں۔

**پیکنگ :** ۳۰ اور ۶۰ کیپسول کا پیک۔

## Dehlvi's Aloe Vera Capsules
## دھلوی ايلوء ويرا (گھيكوار) كيپسول

**اجزاء ترکیبی :** ۴۵۰ ملی گرام کیپسول میں شامل اجزاء:



| | | |
|---|---|---|
| گھیکوار | Aloe Vera Dried Extract (5% Aloin) | ۴۵۰ ملی گرام |

**مواقع استعمال :** شریانوں کا سکڑنا، جوڑوں کی سوزش، دمہ، پروسٹیٹ کی شکایات، سرطان، جگر کا تشنج، درد قولنج، بدہضمی، ذیابیطس، معدے کا ورم، بواسیر، سینے میں جلن، ورم جگر، کولسٹرول کی سطح کا بڑھ جانا، تیزابیت کا بہت زیادہ بڑھ جانا، شحمیات کا بڑھ جانا، آنتوں کی سوزش، بدہضمی، آنتوں کے کیڑے، جگر اور گردے کی خرابی، معدے کے زخم، ضعف مدافعت کی وجہ سے مستقل تعفن، جسم پر سرخ دھبے، وجع المفاصل، لسر اور پیشاب کی نالی کا تعفن۔

**موانع استعمال :** ایام حمل اور رضاعت کے دوران استعمال نہ کرائیں۔

**مضر اثرات :** کوئی نہیں۔

**خوراک :** ایک یا دو کیپسول صبح پانی کے ساتھ لیں۔ مناسب فائدے کے لئے کئی ہفتوں تک لیتے رہیں۔ طبی مصنوعات کے استعمال سے نہ کہ صرف بہتر بلکہ دیرپا نتائج برآمد ہوتے ہیں۔

**پیکنگ :** ۳۰ اور ۶۰ کیپسول کا پیک۔

## Dehlvi's Amla Capsules
## دھلوی آمله كيپسول

**اجزاء ترکیبی :** ۲۵۰ ملی گرام کیپسول میں شامل اجزاء:

| | | |
|---|---|---|
| آملہ خشک | Emblica officinalis Extract 10:1 | ۲۵۰ ملی گرام |

**مواقع استعمال :** نسیان، خون کی کمی، وجع القلب، فکر (تشویش) شریانوں کی اندرونی پرتوں کی سختی، دمہ، ہوائی نالیوں کی سوزش، موتیا بند، نزلہ زکام، قبض، بدہضمی، بال گرنا، انجماد خون، سیلان الرحم (لیکوریا)، مالیخولیا، قوت مدافعت میں کمی، قبل از وقت بڑھاپا، قبل از وقت بال کا سفید ہوا، وٹامن سی کی کمی، بینائی کی کمزوری اور دل کی کمزوری۔

**موانع استعمال :** کوئی نہیں۔

**مضر اثرات :** کوئی نہیں۔

**خوراک :** ایک کیپسول دن میں دو بار کھانے سے پہلے پانی کے ساتھ لیں۔ مناسب فائدے کے لئے کئی ہفتوں تک لیتے رہیں۔ طبی مصنوعات کے استعمال سے نہ صرف بہتر بلکہ دیرپا نتائج برآمد ہوتے ہیں۔

**پیکنگ :** ۶۰ کیپسول کا پیک۔

## Dehlvi's Aqarqarah Capsules
## دھلوی عاقرقرحا کیپسول

**اجزاء ترکیبی :** ۵۰۰ ملی گرام کیپسول میں شامل اجزاء:

| | | |
|---|---|---|
| عاقرقرحا | Anacyclus pyrethrum Extract 4:1 | ۱۶۷ ملی گرام |
| عاقرقرحا | Anacyclus pyrethrum Powder | ۳۳۳ ملی گرام |

**مواقع استعمال :** ایستادگی میں کمی، گردے کی خرابی، گردے کی پتھری، سستی، سرعت انزال، منی کی خرابی اور ضعف باہ۔

**موانع استعمال :** کوئی نہیں۔

**مضر اثرات :** کوئی نہیں۔

**خوراک :** روزانہ ایک کیپسول دو بار کھانے سے پہلے پانی کے ساتھ لیں۔ مناسب فائدے کے لئے کئی ہفتوں تک لیتے رہیں۔ طبی مصنوعات کے استعمال سے بہتر ہی نہیں بلکہ دیرپا نتائج برآمد ہوتے ہیں۔

**پیکنگ :** ۳۰ کیپسول کا پیک۔

## Dehlvi's Arjuna Capsules
## دھلوی ارجنا کیپسول

**اجزاء ترکیبی :** ۲۵۰ ملی گرام کیپسول میں شامل اجزاء:

| | | |
|---|---|---|
| ارجن چھال | Terminalia arjuna Extract 10:1 | ۲۵۰ ملی گرام |

**مواقع استعمال :** وجع القلب، ایل ڈی ایل کولیسٹرول کا بڑھ جانا، ہائی بلڈ پریشر، خون میں چربی کی زیادتی، دل کی شرائین میں خون کی کمی کے باعث سینے میں درد، دل کا دورہ (مایوکارڈیل انفارکشن) اور ذہنی دباؤ۔

**موانع استعمال :** کوئی نہیں۔

**مضر اثرات :** کوئی نہیں۔

**خوراک :** ایک یا دو کیپسول دن میں دو بار کھانے سے پہلے پانی کے ساتھ لیں۔ مناسب فائدے کے لئے کئی ہفتوں تک لیتے رہیں۔ طبی مصنوعات کے استعمال سے نہ صرف بہتر بلکہ دیرپا نتائج برآمد ہوتے ہیں۔

**پیکنگ :** ٦٠ کیپسول کا پیک۔



## Dehlvi's Ashwagandha Capsules
## دھلوی اشواگندھا کیپسول

**اجزاء ترکیبی :** ۲۵۰ ملی گرام کیپسول میں شامل اجزاء:

| | | |
|---|---|---|
| اسگندھ | Withania somnifera Extract 4:1 | ۲۵۰ ملی گرام |

**مواقع استعمال :** نسیان، خون کی کمی، فکر (تشویش)، جوڑوں کا درد، دماغی تھکاوٹ، ہوائی نالیوں کی سوزش، کینسر، بیماری کی نقاہت، افسردگی، ایستادگی میں کمی، تھکاوٹ، اکتاہٹ، عام کمزوری، الجھن پن، نیند نہ آنا، توانائی میں کمی، لیکوریا، کمر میں درد، اعصابی تھکان، قبل از وقت بڑھاپا، جوڑوں میں درد یا ورم ہونا، منی کی کمی، بڑھاپے میں پیدا ہونے والا خلل دماغ، ضعف باہ اور ذہنی دباؤ۔

**موانع استعمال :** حمل کے دوران استعمال نہ کرائیں۔

**مضر اثرات :** کوئی نہیں۔

**خوراک :** روزانہ ایک کیپسول دو بار کھانے سے پہلے پانی کے ساتھ لیں۔ مناسب فائدے کے لئے کئی ہفتوں تک لیتے رہیں۔ طبی مصنوعات کے استعمال سے بہتر ہی نہیں بلکہ دیرپا نتائج برآمد ہوتے ہیں۔

**پیکنگ :** ٦٠ کیپسول کا پیک۔

## Dehlvi's Ashoka Capsules
## دھلوی اشوکا کیپسول

**اجزاء ترکیبی :** ۲۵۰ ملی گرام کیپسول میں شامل اجزاء:

| | | |
|---|---|---|
| اشوکا | Saraca indica Extract 8:1 | ۲۵۰ ملی گرام |

**مواقع استعمال :** خون ماہواری کا نہ آنا یا رک جانا، خونی لسر، قولنج، بڑی آنت کی سوزش، افسردگی، پیچش، حیض کا تکلیف سے آنا، خونی پیچش، گردے کی پتھری، لیکوریا، حیض کی زیادتی، بواسیر، اسقاطِ حمل، رحم وخصیۃ الرحم میں رسولی اور رحم کا باہر نکل آنا۔

**مضر اثرات :** کوئی نہیں۔

**خوراک :** ایک کیپسول دن میں دو بار پانی کے ساتھ لیں۔ مناسب فائدے کے لئے کئی ہفتوں تک لیتے رہیں۔ طبی مصنوعات کے استعمال سے نہ کہ صرف بہتر بلکہ دیرپا نتائج برآمد ہوتے ہیں۔

**پیکنگ :** ٦٠ کیپسول کا پیک۔

## Dehlvi's Asraul Capsules
## دھلوی اسرول کیپسول

**اجزاء ترکیبی :** ۵۰۰ ملی گرام کیپسول میں شامل اجزاء:

| | | |
|---|---|---|
| اسرول | Rauwolfia serpentina Extract 7:1 | ۲۰۰ ملی گرام |
| اسرول | Rauwolfia serpentina Powder | ۳۰۰ ملی گرام |

**مواقع استعمال :** فکر، مرگی، طبیعت کا ہیجان، ہائی بلڈ پریشر، مراق۔ سودا، اختناق الرحم (ہسٹیریا)، پاگلپن، نیند نہ آنا، مالیخولیا، اعصابی کمزوری، ایستادگی میں زیادتی اور پراگندہ ذہنی۔

**موانع استعمال :** حمل سے یا دودھ پلانے والی عورتوں کو پرہیز کرانا چاہئے۔ لو بلڈ پریشر، دماغی ڈپریشن، پیپٹک لسر اور قولون کے لسر والے مریضوں کو بھی پرہیز کرانا چاہئے۔

**مضر اثرات :** کوئی نہیں۔

**خوراک :** ایک کیپسول رات کو سونے سے پہلے پانی کے ساتھ لیں۔ مناسب فائدے کے لئے کئی ہفتوں تک لیتے رہیں۔ طبعی مصنوعات کے استعمال سے نہ کہ صرف بہتر بلکہ دیرپا نتائج برآمد ہوتے ہیں۔

**پیکنگ :** ۳۰ کیپسول کا پیک۔

## Dehlvi's Babchi Capsules
## دھلوی بابچی کیپسول

**اجزاء ترکیبی :** ۵۰۰ ملی گرام کیپسول میں شامل اجزاء:

| | | |
|---|---|---|
| بابچی | Psoralea corylifolia Extract 6:1 | ۵۰۰ ملی گرام |

**مواقع استعمال :** ورم جلد، چنبل اور برص۔

**موانع استعمال :** کوئی نہیں۔

**مضر اثرات :** کوئی نہیں۔

**خوراک :** روزانہ ایک کیپسول دو بار کھانے کے بعد پانی کے ساتھ لیں۔ مناسب فائدے کے لئے کئی ہفتوں تک لیتے رہیں۔ طبعی مصنوعات کے استعمال سے بہتر ہی نہیں بلکہ دیرپا نتائج برآمد ہوتے ہیں۔

**پیکنگ :** ۳۰ اور ۶۰ کیپسول کا پیک۔



## Dehlvi's Babuna Capsules
## دھلوی بابونہ کیپسول

**اجزاء ترکیبی :** ۲۵۰ ملی گرام کیپسول میں شامل اجزاء:

| | | |
|---|---|---|
| گل بابونہ | Anthemis nobilis Extract 7:1 | ۲۵۰ ملی گرام |

**مواقع استعمال :** فکر (تشویش)، جوڑوں کا درد، پیٹ پھولنا، قولنج، ماہواری کا تکلیف سے آنا، بدہضمی، فلو، عام کمزوری، دل کی بیماریاں، ہسٹیریا، چڑچڑاپن، پستان کی سوزش، کمزور مدافعت کی وجہ سے مسلسل تعفن میں مبتلا ہونا، ماہواری سے قبل کی بے چینی، بے چینی، جوڑوں کا پتھرا جانا، ضعف معدہ، معدہ کا لسر اور ذہنی دباؤ۔

**موانع استعمال :** ایام حمل اور رضاعت کے دوران استعمال نہ کرائیں۔ مسکن دواؤں یا شراب کے ساتھ اسے لینے سے منع کریں۔

**مضر اثرات :** کوئی نہیں۔

**خوراک :** روزانہ ایک کیپسول دو بار کھانے سے پہلے پانی کے ساتھ لیں۔ مناسب فائدے کے لئے کئی ہفتوں تک لیتے رہیں۔ طبعی مصنوعات کے استعمال سے بہتر ہی نہیں بلکہ دیرپا نتائج برآمد ہوتے ہیں۔

**پیکنگ :** ۶۰ کیپسول کا پیک۔

## Dehlvi's Beejband Capsules
## دھلوی بیجبند کیپسول

**اجزاء ترکیبی :** ۲۵۰ ملی گرام کیپسول میں شامل اجزاء:

| | | |
|---|---|---|
| بیجبند سیاہ | Sida cordifolia Extract | ۲۵۰ ملی گرام |

**مواقع استعمال :** دمہ، ہوائی نالیوں کی سوزش، نزلہ، کھانسی، فلو، موٹاپا، استسقاء، قلّتِ مدافعت کی وجہ سے مستقل تعفن اور خرخراہٹ خاص طور پر جب سانس باہر نکلتی ہے۔

**موانع استعمال :** دورانِ حمل و دورانِ رضاعت اس دوا کو استعمال نہ کریں۔ اگر آپ دافع افسردگی دوائی لے رہے ہیں یا آپ کو ہائی بلڈ پریشر یا دل کی بیماری یا تھائیرائڈ یا پروسٹیٹ کی شکایت ہے تو یہ دوا استعمال نہ کریں۔

**مضر اثرات :** کوئی نہیں۔

**خوراک :** ایک کیپسول دن میں دو بار کھانے کے بعد پانی کے ساتھ لیں۔ مناسب فائدے کے لئے کئی ہفتوں تک لیتے رہیں۔ طبعی مصنوعات کے استعمال سے بہتر ہی نہیں بلکہ دیرپا نتائج برآمد ہوتے ہیں۔

**پیکنگ :** ۶۰ کیپسول کا پیک۔

## Dehlvi's Behman Capsules
## دہلوی بہمن کیپسول

**اجزاء ترکیبی :** ۲۵۰ ملی گرام کیپسول میں شامل اجزاء:

| | | |
|---|---|---|
| بہمن سرخ | Salvia haematodes Extract 6:1 | ۲۵۰ ملی گرام |

**مواقع استعمال :** الزیمر، قلت خون، وجع القلب، فکر، منہ کے چھالے، شریانوں کا سخت ہو جانا، دمہ، بڑھاپے کا یادداشت پر اثر، بیماری کے بعد کی نقاہت، کھانسی، مثانہ کا ورم، افسردگی، بدہضمی، ایستادگی میں کمی، زیادہ پسینہ آنا، تھکاوٹ، فلو، عام کمزوری، متواتر اسقاط حمل، سر درد، ہائی بلڈ پریشر، قوت مدافعت کا ختم ہونا، نیند نہ آنا، بھوک نہ لگنا، نرخرہ کی سوجن، جگر اور گردے کی خرابی، بندش حیض کی تبدیلیاں، ماہواری کی خرابیاں، دماغی تھکان، مایوکارڈیل انفارکشن، اعصابی تھکاوٹ، رات کو پسینہ آنا، دھڑکن، وائرس کے بعد کی کمزوری، مادہ منویہ کی خرابی، ضعفِ باہ، سائنس کی وجہ سے ناک بند ہونا، گلے کی خراش، ذہنی دباؤ، غدود یا لوزہ کا ورم اور تپ دق۔

**موانع استعمال :** دورانِ حمل و دورانِ رضاعت اس دوا کو استعمال نہ کریں۔ اس دوا میں شامل تھوجون مادہ مرگی کے عارضہ میں مبتلا مریضوں کے لئے نقصان دہ ہے اس لئے وہ بھی اسے استعمال نہ کریں۔

**مضر اثرات :** کوئی نہیں۔

**خوراک :** 2 کیپسول دن میں دو بار کھانے سے پہلے پانی کے ساتھ لیں۔ مناسب فائدے کے لئے کئی ہفتوں تک لیتے رہیں۔ طبی مصنوعات کے استعمال سے بہتر ہی نہیں بلکہ دیرپا نتائج برآمد ہوتے ہیں۔

**پیکنگ :** ۶۰ کیپسول کا پیک۔

## Dehlvi's Bael Capsules
## دہلوی بیل کیپسول

**اجزاء ترکیبی :** ۲۵۰ ملی گرام کیپسول میں شامل اجزاء:

| | | |
|---|---|---|
| بیل | Aegle marmelos Extract 8:1 | ۲۵۰ ملی گرام |

**مواقع استعمال :** خم دار آنت کی سوزش، دست، پیچش اور پیٹ کے کیڑے۔

**موانع استعمال :** کوئی نہیں۔



**مضر اثرات :** کوئی نہیں۔

**خوراک :** ایک کیپسول دن میں دو بار کھانے کے بعد پانی کے ساتھ لیں۔ مناسب فائدے کے لئے کئی ہفتوں تک لیتے رہیں۔ طبی مصنوعات کے استعمال سے بہتر ہی نہیں بلکہ دیرپا نتائج برآمد ہوتے ہیں۔

**پیکنگ :** ۶۰ کیپسول کا پیک۔

## Dehlvi's Brahmi Capsules
## دہلوی برہمی کیپسول

**اجزاء ترکیبی :** ۲۵۰ ملی گرام کیپسول میں شامل اجزاء:

| | | |
|---|---|---|
| برہمی بوٹی | Centella asiatica Extract 8:1 | ۲۵۰ ملی گرام |

**مواقع استعمال :** نسیان، خون کی کمی، فکر، دمہ، بال ٹوٹنا، نزلہ زکام، کینسر، ہوائی نالیوں میں سوزش، قبض، افسردگی، ذیابیطس، پیچش، اکزیما، مرگی، معدہ کی تکالیف، ہسٹیریا، آنتوں کی سوزش، جنون، بے خوابی، کام میں دھیان نہ لگنا، ذہنی دباؤ، اعصابی خلل، اعصابی دورے، بے چینی، پراگندہ ذہنی، بڑھاپا، جلدی امراض، ہکلاہٹ، معدہ کا لسر، ذہنی تناؤ، آتشک، مثانہ کی سوزش، ٹانگ کی رگوں میں ورم اور دل کی کمزوری۔

**موانع استعمال :** ایام حمل اور رضاعت کے دوران یا مسکن چیزوں کے استعمال کے دوران اس کے لینے سے نشہ کی کیفیت پیدا ہو سکتی ہے۔ برہمی کو خون پتلا کرنے والی ادویات کے ساتھ استعمال نہ کرائیں۔

**مضر اثرات :** کوئی نہیں۔

**خوراک :** ایک کیپسول دن میں دو بار کھانے کے ساتھ پانی سے لیں۔ مناسب فائدے کے لئے کئی لئے کئی ہفتوں تک لیتے رہیں۔ طبی مصنوعات کے استعمال سے بہتر ہی نہیں بلکہ دیرپا نتائج برآمد ہوتے ہیں۔

**پیکنگ :** ۶۰ کیپسول کا پیک۔

## Dehlvi's Gaozaban Capsules
## دہلوی گاؤزباں کیپسول

**اجزاء ترکیبی :** ۴۵۰ ملی گرام کیپسول میں شامل اجزاء:

| | | |
|---|---|---|
| برگ گاؤزباں | Borago officinalis Extract 4:1 | ۷۵ ملی گرام |
| برگ گاؤزباں | Borago officinalis Powder | ۳۷۵ ملی گرام |

**مواقع استعمال :** دمہ، ہوائی نالیوں کی سوزش، نزلہ زکام، جگر کی سختی، دل اور پھیپھڑے کی شریانوں میں رکاوٹ، کھانسی، بخار، پتہ میں سوزش، فلو، مالیخولیا، مائگرین، دھڑکن، نمونیا، ایام حیض سے قبل کی تکلیف، گلے کی خراش، زچگی کے بعد دودھ میں کمی اور تپ دق۔

**موانع استعمال :** ایام حمل میں استعمال نہ کرائیں۔

**مضر اثرات :** کوئی نہیں۔

**خوراک :** روزانہ 1 یا 2 کیپسول ناشتہ کے وقت لیں۔ مقررہ خوراک سے زائد نہ لیں۔ مناسب فائدے کے لئے کئی ہفتوں تک لیتے رہیں۔ طبی مصنوعات کے استعمال سے بہتر ہی نہیں بلکہ دیرپا نتائج برآمد ہوتے ہیں۔

**پیکنگ :** ۳۰ اور ۶۰ کیپسول کا پیک۔

## Dehlvi's Gilo Capsules
## دہلوی گِلو کیپسول

**اجزاء ترکیبی :** ۲۵۰ ملی گرام کیپسول میں شامل اجزاء:

گلو — Tinospora cordifolia Extract 10:1 — ۲۵۰ ملی گرام

**مواقع استعمال :** جگر کے بافت میں تخصیص گھٹنا، ذیابیطس، ورم جگر، یرقان، ضعف جگر، ضعف مدافعت کی وجہ سے دیرپا تعفن اور تلی کی سوجن۔

**موانع استعمال :** کوئی نہیں۔

**مضر اثرات :** کوئی نہیں۔

**خوراک :** ایک کیپسول دن میں دو بار کھانے کے بعد پانی کے ساتھ لیں۔ مناسب فائدے کے لئے کئی ہفتوں تک لیتے رہیں۔ طبی مصنوعات کے استعمال سے بہتر ہی نہیں بلکہ دیرپا نتائج برآمد ہوتے ہیں۔

**پیکنگ :** ۶۰ کیپسول کا پیک۔

## Dehlvi's Gokhru Capsules
## دہلوی گوکھرو کیپسول

**اجزاء ترکیبی :** ۲۵۰ ملی گرام کیپسول میں شامل اجزاء:



گوکھرو خورد — Tribulus terrestris Extract 8:1 — ۲۵۰ ملی گرام

**مواقع استعمال :** منی میں تناسلی جرثوموں کا نہ ہونا یا کم ہونا، جنسی خواہش میں کمی، پتھری کی شکایات، مثانے کی سوزش، تکلیف کے ساتھ پیشاب ہونا، ایستادگی میں کمی، قرحہ، سوزاک، منی کا پتلا ہونا، رک رک کے پیشاب ہونا، گردے کی خرابی، مرد کے اندر تناسلی صلاحیت کا نہ ہونا، قلت منی، قبل از وقت انزال (سرعت)، مثانے کی تکالیف، جنسی کمزوری اور عورتوں میں بانجھ پن۔

**موانع استعمال :** کوئی نہیں۔

**مضر اثرات :** کوئی نہیں۔

**خوراک :** ایک یا دو کیپسول دن میں دو بار کھانے کے بعد پانی کے ساتھ لیں۔ مناسب فائدے کے لئے کئی ہفتوں تک لیتے رہیں۔ طبی مصنوعات کے استعمال سے بہتر ہی نہیں بلکہ دیرپا نتائج برآمد ہوتے ہیں۔

**پیکنگ :** ۶۰ کیپسول کا پیک۔

## Dehlvi's Guggal Capsules
## دہلوی گوگل کیپسول

**اجزاء ترکیبی :** ۲۵۰ ملی گرام کیپسول میں شامل اجزاء:

گوگل — Commiphora mukul Extract 3% — ۲۵۰ ملی گرام

**مواقع استعمال :** شریانوں میں شحمیات کا انجماد، جوڑوں میں سوزش، کولسٹرول کی اونچی ایل ڈی ایل سطح، نقرس، کمر کا درد، صبح کو جوڑوں کا اکڑ جانا، اعصابی تکالیف، موٹاپا، آسٹیوآرتھرائٹس، بواسیر، وجع المفاصل، جوڑوں کا پتھرا جانا، عرق النساء، ٹرائی گلیسرائڈ کی اونچی سطح اور پیشاب میں جلن۔

**موانع استعمال :** آنتوں میں سوزش اور اسہال میں اسے استعمال نہ کیا جائے۔ یہ گلے کے غضروف (تھائرائڈ) اور بچہ دانی کو متحرک کرتا ہے لہذا اس کا استعمال غضروف میں سوزش اور حمل کے دوران نہ کریں۔

**مضر اثرات :** کوئی نہیں۔

**خوراک :** روزانہ ایک کیپسول دو بار کھانے کے بعد پانی کے ساتھ لیں۔ مناسب فائدے کے لئے کئی ہفتوں تک لیتے رہیں۔ طبی مصنوعات کے استعمال سے بہتر ہی نہیں بلکہ دیرپا نتائج برآمد ہوتے ہیں۔

**پیکنگ :** ۳۰ کیپسول کا پیک۔

## Dehlvi's Gurmar Capsule
## دهلوی گُڑمار کیپسول

**اجزاء ترکیبی :** ۲۵۰ ملی گرام کیپسول میں شامل اجزاء:

| | | |
|---|---|---|
| گڑمار بوٹی | Gymnema sylvestre Extract 9:1 | ۲۵۰ ملی گرام |

**مواقع استعمال :** ذیابیطس شکری، پیشاب میں شکر، ایل ڈی ایل کولسٹرول سطح ورٹرائی گلیسرائڈ کا بڑھ جانا، خون میں گلوکوز یا شکر کی کمی اور بار بار پیشاب آنا۔

**موانع استعمال :** کوئی نہیں۔

**مضر اثرات :** کوئی نہیں۔

**خوراک :** روزانہ ایک کیپسول دوبار کھانے سے پہلے پانی کے ساتھ لیں۔ جڑی بوٹی سے بنی دواؤں کے استعمال سے بہتر ہی نہیں بلکہ دیرپا نتائج برآمد ہوتے ہیں۔ گڑمار کے فوائد کا مشاہدہ کرنے کے لئے کم سے کم اسے تین سے چار ہفتوں تک مسلسل لیتے رہیں۔ اس کا پورا فائدہ حاصل کرنے کے لئے چھ ماہ سے دو سال تک کا عرصہ درکار ہوتا ہے۔ انفرادی نتائج کا انحصار اس کیفیت ونوعیت کی صورت حال پر ہوتا ہے جس کے لئے گڑمار دی جا رہی ہے۔

**پیکنگ :** ٦٠ کیپسول پیک۔

## Dehlvi's Kalonji Capsules
## دهلوی کلونجی کیپسول

**اجزاء ترکیبی :** ۵۰۰ ملی گرام کیپسول میں شامل اجزاء:

| | | |
|---|---|---|
| کلونجی | Nigella sativa Extract 5:1 | ۵۰۰ ملی گرام |

**مواقع استعمال :** تیزابیت، حیض کا بند ہو جانا، نسیان، دمہ، گیس سے پیٹ پھولنا، خون کی شریانوں کا سکڑ جانا، ہوائی نالیوں کی سوزش، قلب اور خونی رگوں میں خرابی، کینسر، نزلہ، قولنج، کھانسی، مثانہ میں زائد ریشہ دار بافتوں کا بننا، ذیابیطس، اسہال، خشک کھانسی، پیچش، استادگی میں کمی، بخار، فلو، بواسیر، سر کا درد، ہائی بلڈ پریشر، یرقان، گردے اور مثانے کی پتھری، کوڑھ، جگر کی خرابی، بالوں کا گرنا، سرسام، مائگرین، دل کی دھڑکن، فالج، بالوں کا قبل از وقت سفید ہونا، جوڑوں کا درد، پیٹ کا درد، زچگی کے بعد دودھ میں کمی، برص، مسے اور ریاح۔

**موانع استعمال :** ایام حمل میں استعمال نہ کرائیں۔

**مضر اثرات :** کوئی نہیں۔



**خوراک :** روزانہ ایک کیپسول دو بار کھانے سے پہلے پانی کے ساتھ لیں۔ مناسب فائدے کے لئے کئی ہفتوں تک لیتے رہیں۔ طبعی مصنوعات کے استعمال سے بہتر ہی نہیں بلکہ دیرپا نتائج برآمد ہوتے ہیں۔

**پیکنگ :** ۳۰ کیپسول کا پیک۔

## Dehlvi's Karela Capsules
## دهلوی کریلا کیپسول

**اجزاء ترکیبی :** ۲۵۰ ملی گرام کیپسول میں شامل اجزاء:

| | | |
|---|---|---|
| کریلا | Momordica charantia Extract 8:1 | ۲۵۰ ملی گرام |

**مواقع استعمال :** خون کی خرابی، ذیابیطس نقرس، گردے اور تلی کی خرابیاں، جلد پر سرخ دانے اور جوڑوں کا درد۔

**موانع استعمال :** اگر آپ حمل سے ہیں تو یہ دوا استعمال نہ کریں۔ جن کے خون میں شکر یا گلوکوز کی کمی ہو وہ کریلا کا استعمال نہ کریں کیونکہ یہ اس کمی کو مزید بدتر بنا سکتی ہے۔ اسی طرح ذیابیطس کے وہ مریض جو پیشاب میں شکر یا گلوکوز کی سطح کو کم کرنے کی دوائیں یا انسولین لیتے ہیں انہیں کریلا کا استعمال صرف طبی نگرانی میں ہی کرنا چاہئے کیونکہ یہ دوا کی تاثیر پر اثر انداز ہو سکتا ہے اور خون میں گلوکوز کی کمی کو خطرناک حد تک بڑھا سکتا ہے۔

**مضر اثرات :** کوئی نہیں۔

**خوراک :** روزانہ دو کیپسول صبح پانی کے ساتھ لیں۔ مناسب فائدے کے لئے کئی ہفتوں تک لیتے رہیں۔ طبعی مصنوعات کے استعمال سے بہتر ہی نہیں بلکہ دیرپا نتائج برآمد ہوتے ہیں۔

**پیکنگ :** ٦٠ کیپسول کا پیک۔

## Dehlvi's Kasni Capsules
## دهلوی کاسنی کیپسول

**اجزاء ترکیبی :** ۵۰۰ ملی گرام کیپسول میں شامل اجزاء:

| | | |
|---|---|---|
| کاسنی | Cichorium intybus Extract 8:1 | ۱۰۰ ملی گرام |
| کاسنی | Cichorium intybus Powder | ۴۰۰ ملی گرام |

**مواقع استعمال :** شکم کا پھولنا، دمہ، پیٹ پھولنا، ڈکار، ضعف دماغ، استسقاء، بدہضمی، تلی کا بڑھ جانا، بخار،

ریاح، مثانہ کی پتھری، نقرس، سر کا درد، ورم جگر، جگر کا بڑھ جانا، ایل ڈی ایل کی کولسٹرول سطح کا بڑھ جانا، پیلیا، گردہ کی خرابی، بھوک کی کمی، گردہ اور مثانہ کی خرابی، ایام سے قبل کی تکالیف، جوڑوں کا درد، تلی کا ورم، ضعف معدہ اور پیشاب کی نالی کا تعفن۔

**موانع استعمال:** ایام حمل اور رضاعت کے دوران استعمال نہ کرائیں۔

**مضر اثرات :** کوئی نہیں۔

**خوراک :** روزانہ ایک کیپسول دو بار کھانے سے پہلے پانی کے ساتھ لیں۔ مناسب فائدے کے لئے کئی ہفتوں تک لیتے رہیں۔ طبی مصنوعات کے استعمال سے بہتر ہی نہیں بلکہ دیرپا نتائج برآمد ہوتے ہیں۔

**پیکنگ :** ۳۰ اور ۶۰ کیپسول کا پیک۔

# Dehlvi's Konch Capsules

# دھلوی کونچ کیپسول

**اجزاء ترکیبی :** ۲۵۰ ملی گرام کیپسول میں شامل اجزاء:

تخم کونچ | Mucuna pruriens Extract 6:1 | ۲۵۰ ملی گرام

**مواقع استعمال :** مادہ منویہ میں تولیدی صلاحیت نہ ہونا، جنسی خواہشات کی کمی، افسردگی، استادگی میں کمی، منی کا پتلا ہونا، دماغی الجھن، قلت منی، ادھیڑ عمر میں رعشہ کی بیماری، قبل از وقت انزال، ضعف باہ، جریان، عورتوں اور مردوں میں بانجھ پن اور مادہ منویہ کی کمیاس۔

**موانع استعمال :** کوئی نہیں۔

**مضر اثرات :** کوئی نہیں۔

**خوراک :** 1 کیپسول دن میں دو بار کھانا کھانے کے بعد پانی کے ساتھ لیں۔ مناسب فائدے کے لئے کئی ہفتوں تک لیتے رہیں۔ طبی مصنوعات کے استعمال سے بہتر ہی نہیں بلکہ دیرپا نتائج برآمد ہوتے ہیں۔

**پیکنگ :** ۶۰ کیپسول کا پیک۔



# Dehlvi's Kulthi Capsules

# دھلوی کلتھی کیپسول

**اجزاء ترکیبی :** ۲۵۰ ملی گرام کیپسول میں شامل اجزاء:

کلتھی | Dolichos biflorus Extract 7:1 | ۲۵۰ ملی گرام

**مواقع استعمال :** پیشاب کا درد کے ساتھ و مشکل سے آنا، گردے کی پتھری، موٹاپا اور استسقاء۔

**موانع استعمال :** کوئی نہیں۔

**مضر اثرات :** کوئی نہیں۔

**خوراک :** روزانہ ایک یا دو کیپسول دو بار کھانے سے پہلے پانی کے ساتھ لیں۔ مناسب فائدے کے لئے کئی ہفتوں تک لیتے رہیں۔ طبی مصنوعات کے استعمال سے بہتر ہی نہیں بلکہ دیرپا نتائج برآمد ہوتے ہیں۔

**پیکنگ :** ۶۰ کیپسول کا پیک۔

# Dehlvi's Lasuna Capsules

# دھلوی لھسون کیپسول

**اجزاء ترکیبی :** ۲۰۰ ملی گرام کیپسول میں شامل اجزاء:

لہسن | Allium sativum Dried Extract 7:1 | ۲۰۰ ملی گرام

